DIRECTORATE OF EDUCATION

Govt. of NCT, Delhi

# SUPPORT MATERIAL

2021-2022

CLASS : IX



# Social Science

(Urdu Medium)

NOT FOR SALE

PUBLISHED BY : DELHI BUREAU OF TEXT BOOKS

# DIRECTORATE OF EDUCATION
## Govt. of NCT, Delhi

# SUPPORT MATERIAL
## (2021-22)

# SOCIAL SCIENCE
## (Urdu Medium)

## Class: IX

Under the Guidance of

**Shri H. Rajesh Prasad**
Pr. Secretary (Education)

**Shri Udit Prakash Rai**
Director (Education)

**Dr. Rita Sharma**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Mr. Sanjay Subhas Kumar** | **Mrs. Sunita Dua** | **Mr. Raj Kumar** | **Mr. Krishan Kumar** |
| DDE (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) |

Production Team
Anil Kumar Sharma

Published at Delhi Bureau of Text Books, 25/2, Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-58 by **Prabhjot Singh,** Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed at: Nova Publications & Printers Pvt. Ltd., Faridabad-New Delhi.
works@npppl.in

H. RAJESH PRASAD
IAS

प्रधान सचिव (शिक्षा)
राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र
दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष: 23890187 टेलीफैक्स : 23890119

सत्यमेव जयते

Pr. Secretary (Education)
Government of National Capital Territory of Delhi
Old Secretariat, Delhi-110054
Phone : 23890187, Telefax : 23890119
E-mail : secyedu@nic.in

**MESSAGE**

I would like to congratulate the members of Core Academic Unit and the subject experts of the Directorate of Education, who inspite of dire situation due to Corona Pandemic, have provided their valuable contributions and support in preparing the Support Material for classes IX to XII.

The Support Material of different subjects, like previous years, have been reviewed/ updated in accordance with the latest changes made by CBSE so that the students of classes IX to XII can update and equip themselves with these changes. I feel that the consistent use of the Support Material will definitely help the students and teachers to enrich their potential and capabilities.

Department of Education has taken initiative to impart education to all its students through online mode, despite the emergency of Corona Pandemic which has led the world to an unprecedented health crises. This initiative has not only helped the students to overcome their stress and anxiety but also assisted them to continue their education in absence of formal education. The support material will ensure an uninterrupted learning while supplementing the Online Classes.

**(H. Rajesh Prasad)**

UDIT PRAKASH RAI, IAS
Director, Education & Sports

सत्यमेव जयते

Directorate of Education
Govt. of NCT of Delhi
Room No. 12, Civil Lines
Near Vidhan Sabha,
Delhi-110054
Ph.: 011-23890172
Mob.: 8700603939
E-mail : diredu@nic.in

**MESSAGE**

The main objective of the Directorate of Education is to provide quality education to all its students. Focusing on this objective, the Directorate is continuously in the endeavor to make available the best education material, for enriching and elevating the educational standard of its students. The expert faculty of various subjects undertook this responsibility and after deep discussions and persistent efforts, came up with Support Material to serve the purpose.

Every year the Support Material is revised/updated to incorporate the latest changes made by CBSE in the syllabus of classes IX to XII. The contents of each lesson/chapter are explained in such a way that the students can easily comprehend the concept and get their doubts solved.

I am sure, that the continuous and conscientious use of this Support Material will lead to enhancement in the educational standard of the students, which would definitely be reflected in their performance.

I would also like to commend the entire team members for their contributions in the preparation of this incomparable material.

I wish all the students a bright future.

**(UDIT PRAKASH RAI)**

**Dr. RITA SHARMA**
**Additional Director of Education**
**(School/Exam)**

सत्यमेव जयते

Govt. of NCT of Delhi
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Ph.: 23890185

D.O. No. PA/Addl.DE/Sch/31
Dated: 29.06.2021

# MESSAGE

It gives me immense pleasure to present the revised edition of the Support Material. This material is the outcome of the tireless efforts of the subject experts, who have prepared it following profound study and extensive deliberations. It has been prepared keeping in mind the diverse educational level of the students and is in accordance with the most recent changes made by the Central Board of Secondary Education.

Each lesson/chapter, in the support material, has been explained in such a manner that students will not only be able to comprehend it on their own but also be able to find solution to their problems. At the end of each lesson/chapter, ample practice exercises have been given. The proper and consistent use of the support material will enable the students to attempt these exercises effectively and confidently. I am sure that students will take full advantage of this support material.

Before concluding my words, I would like to appreciate all the team members for their valuable contributions in preparing this unmatched material and also wish all the students a bright future.

**(Rita Sharma)**

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

**हम,** भारत के लोग, भारत को एक [1][**संपूर्ण प्रभुत्व-संपन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य**] बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की **समता**

प्राप्त कराने के लिए,

तथा उन सब में

व्यक्ति की गरिमा और [2][राष्ट्र की एकता

और अखंडता] सुनिश्चित करने वाली **बंधुता**

बढ़ाने के लिए

दृढ़संकल्प होकर **अपनी इस संविधान सभा में** आज तारीख 26 नवम्बर, 1949 ई० (मिति मार्गशीर्ष शुक्ला सप्तमी, संवत् दो हजार छह विक्रमी) को **एतदद्वारा इस संविधान को अंगीकृत, अधिनियमित और आत्मार्पित करते हैं** ।

---

1. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3-1-1977 से) "प्रभुत्व-संपन्न लोकतंत्रात्मक गणराज्य" के स्थान पर प्रतिस्थापित ।
2. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3-1-1977 से) "राष्ट्र की एकता" के स्थान पर प्रतिस्थापित ।

[1][भाग 4क

## मूल कर्तव्य

**51क. मूल कर्तव्य**–भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह–

(क) संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्र ध्वज और राष्ट्रगान का आदर करे ;

(ख) स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे ;

(ग) भारत की प्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण रखे ;

(घ) देश की रक्षा करे और आह्वान किए जाने पर राष्ट्र की सेवा करे ;

(ङ) भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे जो धर्म, भाषा और प्रदेश या वर्ग पर आधारित सभी भेदभाव से परे हो, ऐसी प्रथाओं का त्याग करे जो स्त्रियों के सम्मान के विरुद्ध है ;

(च) हमारी सामासिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्व समझे और उसका परिरक्षण करे ;

(छ) प्राकृतिक पर्यावरण की, जिसके अंतर्गत वन, झील, नदी और वन्य जीव हैं, रक्षा करे और उसका संवर्धन करे तथा प्राणि मात्र के प्रति दयाभाव रखे ;

(ज) वैज्ञानिक दृष्टिकोण, मानववाद और ज्ञानार्जन तथा सुधार की भावना का विकास करे ;

(झ) सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे और हिंसा से दूर रहे ;

(ञ) व्यक्तिगत और सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत प्रयास करे जिससे राष्ट्र निरंतर बढ़ते हुए प्रयत्न और उपलब्धि की नई ऊंचाइयों को छू ले ;]

[2][(ट) यदि माता-पिता या संरक्षक है, छह वर्ष से चौदह वर्ष तक की आयु वाले अपने, यथास्थिति, बालक या प्रतिपाल्य के लिए शिक्षा के अवसर प्रदान करे ।]

---

1 संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 11 द्वारा (3-1-1977 से) अंतःस्थापित ।

2 संविधान (छियासीवां संशोधन) अधिनियम, 2002 की धारा 4 द्वारा (1-4-2010 से) अंतःस्थापित ।

## PART IV A

## FUNDAMENTAL DUTIES

**51A. Fundamental Duties** – It shall be the duty of every citizen of India.

(a) to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem.

(b) to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom.

(c) to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India.

(d) to defend the country and render national service when called upon to do so;

(e) to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women.

(f) to value and preserve the rich heritage of our composite culture;

(g) to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers and wild life and to have compassion for living creatures.

(h) to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;

(i) to safeguard public property and to abjure violence;

(j) to strive towards excellence in all spheres of individuals and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement;

(k) who is a parent or guardian to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

1. Ins. by the Constitution (Forty second Amendment Act, 1976, s 11 (w.e.f. 3-1-1977)
2. Ins. by the Constitution (Eighty Sixth Amendment) Act, 2002, s 4 (w.e.f. 1-4-2010)

# نویں جماعت کے لیے سوشل سائنس کے معاون درسی مواد کو تیار کرنے والی کمیٹی کے اراکین

**ٹیم لیڈر** : غیور احمد
**وائس پرنسپل**
گورنمنٹ سرودیہ بال ودیالیہ نمبر-1 (اردو میڈیم)
جامع مسجد، دہلی، 110006

**اراکین** : خلیق احمد [**ٹی. جی. ٹی. سوشل سائنس**]
گورنمنٹ سرودیہ بال ودیالیہ نمبر-1 (اردو میڈیم)
جامع مسجد، دہلی، 110006

: محمد نعیم عبّاس [**ٹی. جی. ٹی. سوشل سائنس**]
گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول
بیلا روڈ، دریا گنج، دہلی، 110002

: ہما بیگم [**ٹی. جی. ٹی. سوشل سائنس**]
ایس۔ کے۔ وی۔ تیمار پور، نئی دہلی

: ہیمندر موہن خان [**کور اکیڈمِک یونٹ**]
راجکیہ پرتبھا وکاس ودیالیہ (ویرا دھم سنگھ)، منڈاولی

: آدتیہ نند کرشن [**کور اکیڈمِک یونٹ**]
گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول، ای بلاک، کملا نگر، دہلی

## مترجم

**محمد ناصر (لیکچرر علمِ سیاسیات)**
گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول
بیلا روڈ، دریا گنج، دہلی - 110002

# نویں جماعت کے لیے سوشل سائنس کے معاون درسی مواد کو تیار کرنے والی کمیٹی کے اراکین

**ٹیم لیڈر** : ڈاکٹر سنجیو کمار گوڑ
**ہیڈ آف اسکول**
گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول نمبر-1
راجوری گارڈن ایکسٹینشن، دہلی

**اراکین** : نند کشور [**پی.جی.ٹی. سیاسیات**]
کورا کیڈمک یونٹ ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اولڈ سیکریٹریٹ
سروودے کو ایڈ سینئر ا یکنڈری اسکول، موتی باغ-II، نانک پورا، دہلی

: آدتیہ دیا نند کرشن [**ٹی.جی.ٹی. سوشل سائنس**]
کورا کیڈمک یونٹ ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اولڈ سیکریٹریٹ
گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول، ای بلاک، کملا نگر، دہلی

: عمران خان [**ٹی.جی.ٹی. سوشل سائنس**]
راجکیہ پرتبھا وکاس ودیالیہ، نند نگری، دہلی

: آستھا ڈھیگرا [**ٹی.جی.ٹی. سوشل سائنس**]
راجکیہ سروودے کنیا ودیالیہ نمبر-1، ماڈل ٹاؤن، دہلی

: اروند کمار [**ٹی.جی.ٹی. سوشل سائنس**]
راجکیہ پرتبھا وکاس ودیالیہ، سول لائن، دہلی

: ڈاکٹر خلیق احمد [**ٹی.جی.ٹی. سوشل سائنس**]
گورنمنٹ سرودیہ بال ودیالیہ نمبر-1 (اردو میڈیم)
جامع مسجد، دہلی

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | باب | صفحہ نمبر | ریمارکس |
|---|---|---|---|
| | **تاریخ** | | |
| .1 | فرانسیسی انقلاب | 4 | |
| .2 | یوروپ میں اشتراکیت اور روسی انقلاب | 20 | |
| .3 | نازی ازم اور ہٹلر کا عروج | 32 | |
| .4 | جنگلاتی سماج اور نوآبادیاتی نظام | 45 | |
| .5 | جدید دنیا میں چرواہے | 57 | |
| | **جغرافیہ** | | |
| .1 | ہندوستان۔۔۔ سائز اور محل وقوع | 69 | |
| .2 | ہندوستان کے طبعی خدوخال | 79 | |
| .3 | آبی نظام | 92 | |
| .4 | آب وہوا | 106 | |
| .5 | قدرتی نباتات اور حیوانات | 115 | |
| .6 | آبادی | 128 | |
| | **سیاسیات** | | |
| .1 | جمہوریت کیا؟ جمہوریت کیوں؟ | 136 | |
| .2 | آئین سازی | 145 | |
| .3 | انتخابی سیاست | 156 | |
| .4 | اداروں کا کام کاج | 166 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .5 | جمہوری حقوق | 177 | |
| | **معاشیات** | | |
| .1 | پالم پور کی کہانی | 187 | |
| .2 | وسائل کے طور پر عوام | 197 | |
| .3 | غربت ایک چیلنج | 209 | |
| .4 | ہندوستان میں غذائی تحفّظ | 222 | |
| | ماڈل پیپر- 1 حل شدہ | 230 | |
| | مارکنگ اسکیم | 241 | |
| | ماڈل پیپر- 2 غیرحل شدہ | 250 | |
| | ماڈل پیپر- 3 غیرحل شدہ | 261 | |

# تاریخ

# باب۔ ایک

# فرانسیسی انقلاب

## یاد رکھنے لائق نکات:

- اٹھارویں صدی کے دوران فرانسیسی سماج تین طبقوں میں بٹا ہوا تھا۔

(i) پہلا اسٹیٹ – جس میں چرچ کے پادری آتے تھے۔

(ii) دوسرا اسٹیٹ – جس میں فرانسیسی سماج کا اشرافیہ طبقہ آتا تھا اور

(ii) تیسرا اسٹیٹ – جس میں بڑے کاروباری، تاجر، عدالتوں میں کام کرنے والے، وکیل کسان، کاریگر، بے زمین مزدور وغیرہ آتے تھے۔

- تقریباً 60% پر اشرافیہ، چرچ اور تیسرے اسٹیٹ کے امرا کا قبضہ تھا۔
- تیسرے اسٹیٹ سے چرچ کے ذریعے وصول کیا جانے والا ٹیکس ٹائتھے (Tithe) تھا۔
- تیسرے اسٹیٹ سے وصول کیا جانے والا ٹیکس ٹائلے (TAILLE) تھا۔
- پہلے دو اسٹیٹ، پادری طبقہ اور اشرافیہ طبقہ سے متعلق افراد کو پیدائش سے ہی کچھ مراعات حاصل تھیں جیسے ریاست کو دیے جانے والے ٹیکس سے چھوٹ۔
- ریاست کے سبھی ٹیکس صرف تیسرے اسٹیٹ کو برداشت کرنے پڑتے تھے۔
- 1774 میں لوئی سولہواں نے فرانس کے بادشاہ کا عہدہ حاصل کیا۔

(i) وہ فرانس کے بربن خاندان کا راجا تھا۔

(ii) اس کی شادی آسٹریا کی شہزادی میری...........سے ہوئی تھی۔

(iii) بادشاہ بنتے وقت فرانس کا خزانہ خالی تھا جس کی مندرجہ ذیل وجوہات تھیں۔

- لمبی جنگوں کی وجہ سے اقتصادی وسائل کا ختم ہونا۔
- پچھلے بادشاہوں کی شان وشوکت اور فضول خرچی۔
- امریکی آزادی کی جنگ میں برطانیہ کے خلاف امریکہ کی مدد کرنا۔
- آبادی میں اضافہ اور بقاء کا خطرہ

- متوسط طبقہ جس میں وکیل، اساتذہ، مصنفین اور مفکّرین آتے تھے، نے پیدائش کی بنیاد پر ملنے والی مراعات پر سوال اٹھانے شروع کیے۔
- بڑھتے قرض کے دباؤ میں لوئی سولہواں نے 5 رمئی 1789 کو اسٹیٹ جنرل کا اجلاس بلایا تاکہ نئے ٹیکسوں کو بڑھانے کی منظوری دی جاسکے۔
- اسٹیٹ جنرل میں ووٹ اسٹیٹ کی بنیاد پر دیے جاتے تھے نا کہ ہر شخص کی بنیاد پر۔
- لیکن اس بار تیسرے اسٹیٹ کے لوگوں نے انفرادی بنیاد پر ووٹ کی مانگ کی۔
- لوئی سولہویں نے ان کی اس مانگ کو خارج کردیا جس کی مخالفت میں تیسرے اسٹیٹ کے لوگوں نے اسٹیٹ جنرل کا بائیکاٹ کردیا اور اٹھ کر اجلاس سے باہر چلے گئے۔
- 20 جون 1789 کو وہ لوگ وارسا کے ایک ٹینس کورٹ میں جمع ہوئے اور اپنے آپ کو نیشنل اسمبلی ہونے کا اعلان کردیا۔
- ادھر پورے فرانس میں مہنگائی اور افواہوں کا بازار گرم تھا اور جگہ جگہ پر تشدد احتجاج ہونے لگے۔
- 14 جولائی 1789 کو غصائی بھیڑ نے باسٹل کے قلعہ نما جیل کو توڑ دیا اور سیاسی قیدیوں کو رہا کروالیا۔
- باسٹل کا قلعہ بادشاہ کی مطلق العنانی کا مظہر (نشانی) تھا۔
- اپنی باغی ہوئی عوام کی طاقت کا اندازہ لگاتے ہوئے لوئی سولہویں نے نیشنل اسمبلی کو منظوری دے دی اور اپنے اختیارات پر آئینی بندشوں کو قبول کرلیا۔
- 4 اگست 1789 کی رات کو اسمبلی نے ٹیکسوں، ذمہ داریوں اور پابندی والے جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنے کے حکم کو پاس کردیا۔

- 1791 میں فرانس نے آئینی بادشاہت کی بنیاد ڈالی۔
- آئین مرد اور شہریوں کے حقوق کے اعلانیہ کے ساتھ شروع ہوا تھا۔

نئے آئین کے مطابق:

1۔ ووٹ کا حق صرف سرگرم شہریوں کو دیا جو

(i) مرد تھے۔

(ii) جن کی عمر 25 سال سے زیادہ تھی۔

(iii) جو کم سے کم تین دن کی مزدوری کے برابر ٹیکس ادا کرتے تھے۔

2۔ عورتوں اور دیگر مردوں کو غیر سرگرم شہری کہا جاتا تھا۔

3۔ بادشاہ کے اختیارات کو مقنّنہ، عاملہ اور عدلیہ مین تقسیم اور منتقل کر دیا گیا۔

- 10 اگست 1792 کو جیکو بن کلب کے ممبران نے رابرز پیر کی قیادت میں نئے نظام کے خلاف بغاوت کر دی۔
- 21 ستمبر 1792 کو فرانس کو عوامی جمہوریہ بنا دیا گیا اور نو منتخب اسمبلی کو ''کنوینشن'' نام دیا گیا۔
- 21 جنوری 1993 کو لوئی سولہویں کو فرانس کے خلاف سازش کرنے کے الزام کے تحت پھانسی دے دی گئی۔
- 1793 سے 1794 کے دوران رابرز پیر نے ظلم و زیادتی کے ساتھ حکومت کی اس لیے اس دور کو ''خوف کا دور'' بھی کہتے ہیں۔
- 1794 میں رابرز پیر کو گلوٹائن کے ذریعے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔
- رابرز پیر کے زوال کے بعد فرانس کی حکومت متوسط طبقے کے خوشحال لوگوں کے ہاتھ میں آ گئی۔
- فرانس میں پانچ رکنی ایک عاملہ ''ڈائریکٹری'' کے نام سے قائم کی گئی جو فرانس کے نظام حکومت کو دیکھتی تھی مگر اکثر ان کا ٹکراؤ مقنّنہ سے مفادات کی وجہ سے ہوتا رہتا تھا۔
- اس سیاسی عدم استحکام کا فائدہ نپولین بونا پارٹ نے اٹھایا اور اس نے 1779 میں ڈائریکٹری کو ختم کر کے اپنے آپ کو 1804 میں فرانس کا شہنشاہ بنالیا۔
- 1815 میں واٹرلو میں اس کی ہار ہوئی اور اسے قید کر لیا گیا۔

- فرانسیسی انقلاب کے بنیادی عناصر آزادی، مساوات اور بھائی چارہ نے پوری دنیا پر اثر ڈالا۔
- 1848 میں فرانس کے سبھی نوآبادیات سے غلامی کے رواج کا خاتمہ کر دیا گیا۔
- عورتوں کو ووٹ کا حق 1946 میں ملا۔

## ایک نظر میں



## فرانسیسی سماج میں تین طبقات

- پہلا ایسٹیٹ
- دوسرا ایسٹیٹ
- تیسرا ایسٹیٹ

### فرانسیسی انقلاب کے وقت سماج کی حالت

- فضول خرچی کی وجہ سے خالی خزانہ
- برطانیہ کے خلاف جنگ میں امریکہ کو مدد دینے کی وجہ سے بڑھتے قرض کا بوجھ
- پیدائش کی بنیاد پر مراعات
- بقا کا خطرہ

## فرانسیسی انقلاب کی وجوہات

**سماجی وجوہات**

(i) سماج کا طبقات میں بنٹا ہوا ہونا

(ii) پیدائش کی بنیاد پر مراعات

**سیاسی وجوہات**

(i) کمزور حکمراں

(ii) لوئی سولہواں کی خراب پالیسی

**اقتصادی وجوہات**

(i) خالی خزانہ

(ii) بڑھتا قرض

(iii) خراب فصل

**فوری وجوہات**

(i) 1789 میں ٹیکس میں بڑھوتری کی تجویز

(ii) ایسٹیٹ جنرل کے اجلاس میں ایسٹیٹ کی بنیاد پر ووٹنگ

**مفکرین کا رول**

(i) لوگوں پر مفکرین کے خیالات کا اثر

(ii) پیدائش کی بنیاد پر مراعات کے خاتمے کا خیال

(iii) آزادی، مساوات اور بھائی چارے پر مبنی حکومت کے ماڈل کا نظریہ

## فرانسیسی انقلاب تاریخوں کی نظر سے

| | | |
|---|---|---|
| 1774 | ← | لوئی سولہواں کا فرانس کے تخت پر بیٹھنا |
| 5 مئی 1789 | ← | ................................................ |
| 20 جون 1789 | ← | تیسرے اسٹیٹ کے لوگوں کے ذریعے انڈ ورٹینس کورٹ میں جمع ہونا |
| 14 جولائی 1789 | ← | ................................................ |
| 14 اگست 1789 | ← | ................................................ |
| 10 اگست 1789 | ← | جیکو بن کلب کے ممبران نے بغاوت کردی |
| 1791 | ← | ................................................ |
| 10 اگست 1792 | ← | ................................................ |
| 21 ستمبر 1792 | ← | ................................................ |
| 21 جنوری 1993 | ← | لوئی سولہواں کو پھانسی دی گئی |
| جولائی 1794 | ← | ................................................ |
| 26 اکتوبر 1795 | ← | ................................................ |
| 1804 | ← | ................................................ |
| 1815 | ← | ................................................ |
| 1848 | ← | ................................................ |
| 1946 | ← | عورتوں کو ووٹ کا حق ملا |

## 1 نمبر والے سوالات

1۔ فرانس کے انقلاب کے وقت فرانس کے بادشاہ کون تھے؟

(a) لوئی XVI (b) لوئی XIV

(c) ابے سائیس (d) روسو

2۔ ''دی سوشل کانٹریکٹ'' نامی کتاب کس نے لکھی تھی؟

(a) نپولین (b) روسو

(c) ابے سائیس (d) رابرسپیئر

3۔ لوئی سولہواں کس شاہی خاندان سے متعلق تھا؟

(a) بوربون (b) لومنی

(c) لومبارڈی (d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ فرانس میں 1794 تک رائج کرنسی کا نام .........تھا۔

(a) ڈالر (b) لیورے

(c) روپیہ (d) ریال

5۔ نپولین فرانس کا شہنشاہ کب بنا؟

(a) 1804 (b) 1799

(c) 1815 (d) 1789

6۔ واٹرلو کی جنگ نپولین نے سن .............میں لڑی۔

7۔ فرانس کا قومی ترانہ.........................ہے۔

8۔ فرانس کے قومی ترانے کو......................نے لکھا۔

9۔ فرانسیسی نوآبادیات سے غلامی کے رواج کا خاتمہ سن.......................میں ہوا۔

10۔ جیکو بن کلب کا لیڈر.......................تھا۔

11۔ کس اسٹیٹ کو 18 ویں صدی کے فرانس میں سبھی طرح کے ٹیکس ادا کرنے پڑتے تھے؟

12۔ اسٹیٹ جنرل'' کیا تھا؟

13۔ فرانس عوامی جمہوریہ کب بنا؟

14۔ 14 جولائی 1789 کو کس قلعے کو توڑ کر سیاسی قیدیوں کو بھیڑ نے آزاد کروالیا تھا؟

15۔ ''ڈائریکٹری نظام حکومت'' کا خاتمہ کس نے کیا تھا؟

16۔ پیداوار کا دسواں حصہ جو چرچ کے ذریعے عوام سے وصول کیا جاتا تھا اس ٹیکس کا کیا نام تھا؟

17۔ کس کتاب میں حکومت کے اختیارات کی تقسیم کی تجویز پیش کی گئی تھی؟

18۔ ٹائیلے کس قسم کا ٹیکس تھا؟

19۔ ''ٹو ٹرائیٹز آف گورنمنٹ'' نامی کتاب کس نے لکھی تھی؟

20۔ کس کتاب میں ''ایک شخص ایک ووٹ'' کا نظریہ پیش کیا گیا تھا؟

21۔ نیچے دیا گیا خاکہ کس چیز کو واضح کرتا ہے؟



مندرجہ بالا خاکہ کی جگہ نابینا طلبا / طالبات کے لیے سوال نمبر 21

................کس بات کو ظاہر کرتا تھا؟

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ لوئی سولہواں کے بادشاہ بننے کے وقت فرانس کی اقتصادی حالت کیسی تھی؟

2۔ تیسرے اسٹیٹ کی وضاحت کیجیے؟

3۔ 4/ اگست 1789 کو نیشنل اسمبلی نے کیا حکم پاس کیا تھا؟

4۔ فرانسیسی سماج میں عورتوں کی حالت کیسی تھی؟

5۔ عورتوں نے اپنے مفادات کی حفاظت کیسے کی؟

6۔ جیکو بن کلب کے ممبران کون تھے؟

7۔ دنیا کے لئے فرانسیسی انقلاب کون سی وراثت چھوڑ گیا؟

8۔ نپولین کے عروج کو کس طرح سمجھا جا سکتا ہے؟

9۔ فرانسیسی انقلاب میں مفکّرین (فلاسفروں) کے رول کا ذکر کیجیے۔

10۔ 1791 میں فرانس میں بنائے گئے قوانین کی کوئی تین خصوصیات بتائیے۔

11۔ جیکو بن کلب کے ممبران کو ''سینکولات'' کیوں کہا جاتا تھا؟

12۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں کہ عالم گیر حقوق کے اعلانیہ میں مختلف تضاد تھے؟ دلیل کے ساتھ وضاحت کیجیے

13۔ رابرز پیئر کے دور حکومت کو ''خوف کا دور'' کیوں کہا جاتا ہے؟

## ماخذ پر مبنی سوالات (4 نمبر)

14۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

جیکو بین کلب کے ممبران خاص طور پر سماج کے کم خوشحال طبقے سے آتے تھے۔ ان میں چھوٹے دکاندار اور کاریگر جیسے جوتے بنانے والے، پیستری بنانے والے، گھڑی ساز، چھپائی کرنے والے، نوکر اور دہاڑی مزدور شامل تھے۔ ان کا قائد رابرز پیئر تھا۔ جیکو بینوں میں ایک بڑے طبقے نے گودیوں میں کام کرنے والے کام گاروں کی طرح دھاری دار لمبی پتلون

پہننے کا فیصلہ کیا۔ ایسا انھوں نے سماج کے فیشن پرست طبقے خاص طور پر گھٹنے تک پہننے والے بریچیز پہننے والے امرا سے خود کو الگ کرنے کے لیے کیا۔ یہ بریچیز پہننے والے امرا کے اقتدار کو ختم کرنے کے اعلان کا طریقہ تھا۔

14.1 جیکو بین کلب میں سماج کے کس طبقے کے لوگ شامل تھے؟

14.2 رابرز پیئر کون تھا؟

14.3 جیکو بین کلب کے لوگ کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے؟

14.4 ان کے بریچیز نہ پہننے کی کیا وجہ تھی؟

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (a) لوئی سولہواں

2۔ (b) روسو

3۔ (a) بوربون

4۔ (b) لیورے

5۔ (a) 1804

6۔ 1815

7۔ مارسلے

8۔ شاعر روجیٹ ڈی لائن نے

9۔ 1848

10۔ میکس ملین رابرز پیئر

11۔ تیسرا ایسٹیٹ

12۔ ایسٹٹ جنرل ایک سیاسی ادارہ تھا جس میں تینوں ایسٹیٹوں (طبقوں) کے نمائندے تھے۔

13۔ 21 ستمبر 1792

14۔ باسٹل کا قلعہ

15۔ نپولین

16۔ ٹائیتھے (Tithe)

17۔ دی اسپرٹ آف لا

18۔ حکومت کے ذریعے لیا جانے والا ٹیکس

19۔ جان لاک

20۔ دی سوشل کانٹریکٹ

21۔ قانون کا ابتدائی روپ

نابینا طلبا/ طالبات والے سوال کا جواب

21۔ سیاسی اختیارات کی علامت

## 3/5 نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) خزانے کا خالی ہونا۔

(ii) جنگوں کی وجہ سے مالی وسائل کا ختم ہونا۔

(iii) شان وشوکت کے لئے فضول خرچی۔

(iv) دس ارب لیورے سے زیادہ کا قرض۔

(v) حکومت سے قرض دینے والوں کے تقاضے۔

2۔ (i) عام طبقہ تھا جو سبھی طرح کے ٹیکس ادا کرتا تھا۔

(ii) سیاسی حقوق حاصل نہیں تھے۔

(iii) سبھی طرح کے ٹیکس دینے پڑتے تھے۔

(iv) بڑے بیوپاری، کسان، عدالتی کارکن وغیرہ اس گروپ میں شامل تھے۔

3۔ (i) جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ

(ii) پادری طبقہ کو مراعات چھوڑ دینے کے لئے مجبور کیا گیا۔

(iii) مذہبی ٹیکس کا خاتمہ۔

(iv) چرچ کی ملکیت والی زمین ضبط کر لی گئی۔

4۔ (i) تیسرے ایسٹیٹ کی خواتین گزر بسر کے لیے کام کرتی تھیں۔

(ii) بازاروں میں سامان بیچنا۔

(iii) امیر گھروں میں نوکری

(iv) اپنے خاندان کی کفالت۔صرف اعلیٰ طبقے کے عورتیں ہی پڑھ لکھ پاتی تھیں۔

(v) مزدوری مردوں سے کم

5۔ (i) سیاسی کلبوں اور اخبارات کی شروعات۔

(ii) مردوں کے برابر حقوق کی مانگ کی۔

(iii) اسمبلی کے لئے چُنے جانے اور سیاسی عہدوں کی مانگ

6۔ (i) سماج کا پسماندہ طبقہ۔

(ii) دوکاندار اور کاریگر۔

(iii) گھڑی ساز، اجرتی مزدور، وغیرہ

7۔ (i) آزادی کا خیال۔

(ii) مساوات کا نظریہ۔

(iii) بھائی چارہ کا جذبہ۔

(iv) جمہوری خیالات

(v) جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ

8۔ (i) 1799 میں ڈائریکٹری کی حکومت کا خاتمہ کر کے وہ فرانس کا پہلا کاونسل بن گیا۔

(ii) 1793-96 کے بیچ وسطی مغربی یوروپ پر فتح۔

(iii) اقتدار پر قبضے کے بعد کھوئے ہوئے علاقوں کو دوبارہ حاصل کرنا۔

(iv) آسٹریا، پرشا، اور روس کو ہرا دیا۔

(v) سمندر کے اوپر برطانوی بحریہ پر فرانس اپنا دبدبہ قائم نہیں کر سکا۔

9۔ - انھوں نے انقلاب کو نظریات مہیا کرائے۔

- فرانس کے لوگوں کو حقوق کی خاطر جدوجہد کرنے کے لئے اکسایا۔

- شہنشاہ کے حقوق کو چیلنج کیا۔

- جان لاک نے بادشاہ کی روحانی طاقت سے انکار کیا۔

- روسو نے لوگوں اور نمائندوں کے درمیان سماجی قرار پر منحصر سرکار کا نظریہ پیش کیا۔

- دانشوروں نے اپنے نظریات کو اخبارات کے ذریعے عوام تک پہنچایا۔

10۔ - شہنشاہ کے اختیارات کو ختم کر دیا گیا۔

- فرانس وفاقی جمہوریہ بن گیا۔

- مقنّنہ، عاملہ اور عدلیہ میں اختیارات کی تقسیم۔

- نیشنل اسمبلی کو قانون بنانے کا اختیار۔

- 25 سال اور اس سے زائد عمر کے مزدوروں کو جو تین دن کی اجرت کے برابر ٹیکس دیتے تھے۔

11۔ (i) جیکوبن کلب کے ممبران گودی کامگاروں کی طرح بغیر گھٹنوں والی دھاری دار لمبی پتلون پہنتے تھے۔

(ii) یہ اپنے آپ کو امرا سے الگ کرنے کے لیے اور ان کے اثر کو ختم کرنے کے اعلان کے طور پر ان کا استعمال کرتے تھے۔

(iii) اپنے اسی بنا گھٹنوں والی پوشاک پہننے کی وجہ سے انھیں سنکولات بھی کہا جاتا تھا۔

12۔ عالمگیر حقوق کے اعلانیہ میں مختلف تضاد تھے۔

(i) اعلانیہ کی شروعات ہی مردوں کے دبدبہ کی تصدیق سے ہوتی ہے۔

(ii) عورتوں کا درجہ مردوں کے بعد یعنی دوسرا درجہ دیا گیا تھا۔

(iii) بغیر جائیداد والے مردوں کو بھی برابری کا حق نہیں دیا گیا تھا۔

(iv) غلامی کے رواج جیسی غلط روایتوں کو بھی نظر انداز کر دیا گیا تھا۔

(v) عورتوں کو حقوق 1946 میں جا کر دیے گئے۔

13۔ رابرز پیئر نے 1793 میں فرانس کے اقتدار پر قبضہ کرلیا تھا۔

(i) 1793 سے 1794 کے بیچ رابرز پیئر نے کنٹرول اور سزا کی سخت پالیسی اپنائی۔

(ii) اس کے کام کے طریقے سے اتفاق نہ رکھنے والے مخالفین اور پارٹی کے ممبران کو گرفتار کرکے جیل میں ڈال دیا جاتا تھا اور فوجی عدالتوں کے ذریعے انھیں موت کی سزا سنادی جاتی تھی۔

(iii) انھیں سختیوں کی وجہ سے 1793 سے 1794 کے دور حکومت کو خوف کا دور کہا جاتا تھا۔

## ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

14.1 سماج کے کم خوش حال طبقے کے لوگ

14.2 جیکو بین کلب کا لیڈر

14.3 دھاری دار لمبی پتلون

14.4 خود کو امرا سے الگ دکھانے کے لیے




شکل 2. طبقاتی کشمکش تیسرے طبقے میں دیکھئے کہ اس
میں کچھ مالدار تھے اور کچھ غریب لوگ


Paris
پیرس
نانٹس
Nantes
Bordeaux
بارڈکس
مارسلیس
Marseilles

# باب۔ دو
# یوروپ میں اشتراکیت اور روسی انقلاب

## یاد رکھنے لائق نکات:

- فرانسیسی انقلاب نے سماج میں تبدیلی کے امکانات کے در کھول دیے۔
- انھیں امکانات کو حقیقی شکل دینے کے لیے تین الگ الگ نظریات کو فروغ دیا۔ ''حریت پسندی''، قدامت پسندی اور تبدیلی پسندی
- قدامت پسندوں (Conservatives) کے اہم خیالات:
  - (i) حریت پسندی (Libralism) اور تبدیلیوں کے حامیوں کی مخالفت
  - (ii) ماضی کا احترام
  - (iii) تبدیلی کے عمل کا سست رفتار ہونا چاہیے
- حرّیت پسندوں کے اہم خیالات
  - (i) سبھی مذاہب کی عزّت اور احترام
  - (ii) مطلق العنانی کی مخالفت
  - (iii) ہر فرد کے حقوق کی حمایت
  - (iv) نمائندگی پر مبنی منتخب حکومت اور آزاد عدلیہ کی حمایت
  - (v) عالمگیر حقِ بالغ رائے دہی کی جگہ صاحب جائیداد افراد کو ووٹ کے حق کی حمایت
- تبدیلی پسندوں کے اہم خیالات
  - (i) اکثریت پر مبنی حکومت کی حمایت
  - (ii) بڑے زمینداروں اور صنعت کاروں کو حاصل مراعات کی مخالفت
  - (iii) دولت کا چند ہاتھوں میں سمٹ جانے کی مخالفت مگر نجی ملکیت کی مخالفت نہیں
  - (iv) عورتوں کے ووٹ کے حق کے لیے چلائی جانے والی تحریک کی حمایت

- یہ دور گہرے سماجی اور اقتصادی تبدیلیوں کا دور تھا۔

صنعتی انقلاب کے برے اثرات جیسے کام کے وقفہ کا لمبا ہونا، کم اجرت، بے روزگاری، مکانات کی کمی، صاف صفائی کے خراب نظام وغیرہ نے لوگوں کو صنعتی انقلاب پر غور وخوض کرنے پر مجبور کر دیا۔

- اشتراکیت کی خصوصیات

(i) نجی ملکیت کی مخالفت

(ii) کوآپریٹو گروپوں کا قیام (رابرٹ اون)

(iii) حکومت کے ذریعے کوآپریٹو اور فیکٹریوں کو بڑھاوا (لوئی بلانک)

(iv) وسائل پر پورے سماج کا کنٹرول اور ملکیت (کارل مارکس اور فیڈرک اینجل)

- 1870 کا دہا آتے آتے اشتراکی خیالات پورے یوروپ میں پھیل چکے تھے۔
- فروری 1917 میں بادشاہت کے زوال سے لے کر اکتوبر 1917 میں روس کے اقتدار پر اشتراکیت پسندوں کے قبضہ تک کے واقعات کو روسی انقلاب کہا جاتا ہے۔

- **روسی سماج**

(i) بیسویں صدی کی ابتدا میں اروس کی تقریباً 85 فی صدی عوام کھیتی پر منحصر تھے۔

(ii) کارخانے صنعت کاروں کی نجی ملکیت میں تھے جہاں کام کے حالات بہت خراب تھے۔

(iii) یہاں کے کسان وقتاً فوقتاً ساری زمین اپنے کمیون (میر) کو سونپ دیتے تھے اور پھر کمیون کنبہ کی ضرورت کے حساب سے کسانوں کو زمین بانٹتا تھا۔

(iv) روس میں ایک مطلق العنان بادشاہت تھی۔

(v) 1904 میں ضروری اشیا کی قیمتیں تیزی سے بڑھنے لگیں۔

(vi) مزدور تنظیمیں بننے لگیں جو مزدوروں کی حالت میں سدھار کی مانگ کرنے لگیں۔

(vii) اسی دوران پادری گوپان کی قیادت میں مزدوروں کے جلوس پر زار کے محل کے فوجیوں نے گولیاں چلا دیں۔ اس واقعہ میں 100 سے زیادہ مزدور مارے گئے اور تقریباً 300 زخمی ہوئے۔ تاریخ میں اس واقعہ کو ''خونی اتوار'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

- 1905 کے انقلاب کی ابتدا اسی واقعہ سے ہوئی۔
  - (i) سارے ملک میں ہڑتالیں ہونے لگیں۔
  - (ii) یونیورسٹیاں بند کر دی گئیں۔
  - (iii) وکیلوں، ڈاکٹروں، انجینئروں اور دیگر متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے کامگاروں نے آئین ساز اسمبلی کی تشکیل کی مانگ کرتے ہوئے یونین آف یونین کا قیام کیا۔
  - (iv) زار ایک منتخب مشیر پارلیمنٹ (ڈیوما) کے لیے راضی ہوا مگر؛
  - (v) کل 75 دنوں کے اندر ہی پہلی ڈیوما، تین مہینوں کے اندر دوسری ڈیوما کو زار نے برخاست کر دیا۔
  - (vi) تیسری ڈیوما میں اس نے قدامت پسند لیڈران کو بھر دیا تا کہ اس کے اختیارات پر کوئی کنٹرول نہ لگے۔
- 1914 میں پہلی جنگ عظیم (عالمی جنگ) شروع ہوگئی جو 1918 تک چلی۔ اس میں دو خیموں، محوری طاقتیں (جرمنی، آسٹریا، ہنگری اور ترکی) اور دوست ممالک (فرانس، برطانیہ اور روس) کے بیچ جنگ شروع ہوئی جس کا اثر تقریباً پوری دنیا پر پڑا۔
- **فروری انقلاب**

| وجوہات | واقعات | اثرات |
|---|---|---|
| 1) پہلی عالمی جنگ کا لمبا کھنچنا<br>2) راسپوتن (ایک پادری) کا اثر<br>3) بڑی تعداد میں روسی فوجیوں کا مارا جانا<br>4) روسی فوجیوں کی ہمّت شکنی<br>5) پناہ گزینوں کا مسئلہ<br>6) غذائی اشیا کی کمی<br>7) صنعتوں کا بند ہونا | 1) 22 فروری کو ایک فیکٹری میں تالا بندی<br>2) 50 دیگر فیکٹریوں میں مزدوروں کی ہڑتال<br>3) ہڑتالی مزدوروں کے ذریعے سرکاری عمارتوں کی گھیرا بندی۔<br>4) بادشاہ کے ذریعے کرفیو نافذ کرنا۔<br>5) 25 فروری کو حکومت کا ڈیوما کو برخاست کرنا۔<br>6) 27 فروری کو احتجاجی عوام نے سرکاری عمارتوں پر قبضہ کر لیا۔<br>7) سپاہیوں اور مزدوروں کی تنظیموں (سوویت) کی تشکیل<br>8) فوجی کمانڈر کی صلاح پر زار کا گدی چھوڑنا (2 مارچ 1917) | 1) روس میں زار شاہی کا خاتمہ<br>2) عالمگیر حق بالغ رائے دہی کی بنیاد پر آئین ساز اسمبلی کا انتخاب<br>3) عبوری حکومت میں سوویت اور ڈیوما کے لیڈروں کی شرکت |

- **اپریل تھیسس**(April Thesis)

عظیم بالشیویک لیڈر لینن 1917 کی اپریل میں روس میں واپس لوٹے۔انھوں نے تین مانگیں رکھیں جنھیں اپریل تھیسس کہا گیا۔

(i) جنگ کا خاتمہ

(ii) ساری زمینیں کسانوں کو واپس

(iii) بینکوں کو قومیانا(Nationalization of Banks)

- عبوری حکومت اور بالشیویکوں کے بیچ ٹکراو بڑھتے گئے۔
- 24 اکتوبر 1917 کو بغاوت شروع ہوگئی اور شام ڈھلتے ڈھلتے پورا پیٹروگراڈ شہر بالشیویکوں کے کنٹرول میں آ گیا۔اس طرح اکتوبر انقلاب پورا ہوا۔
- اکتوبر انقلاب کے بعد کیا بدلا:

(i) نجی ملکیت کا خاتمہ۔

(ii) بینکوں اور صنعتوں کو قومیا لیا جانا۔

(iii) زمینوں کو سماجی ملکیت میں لے لینا۔

(iv) امراء طبقے کے پرانے خطابات پر روک۔

(v) روس ایک جماعتی نظام والا ملک بنا دیا گیا۔

(vi) زندگی کے ہر شعبہ میں سینسر شپ کو لاگو کر دیا گیا۔

(vii) خانہ جنگی کی شروعات

- خانہ جنگی(Civil War)

انقلاب کے بعد روسی سماج میں تین گروپ بن گئے۔بالشیویک(لال) سماجی انقلاب (ہرا) اور زار کے حمایتی (سفید) ان کے بیچ خانہ جنگی شروع ہوگئی۔ہرے اور سفید کو فرانس، امریکہ اور برطانیہ سے بھی حمایت ملنے لگی کیوں کہ وہ اشترا کیوں کو لے کر مشکوک تھے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ اشتراکی خیال کے بانی کون تھے؟

(a) کارل مارکس (b) روسو

(c) مانٹسکیو (d) جان لاک

2۔ روس میں اقتصادی پالیسی کو کس نے شروع کیا؟

(a) اوون (b) لینن

(c) ٹرائسکی (d) روسو

3۔ خونی اتوار کا تعلق کس انقلاب سے ہے؟

(a) 1905 کا انقلاب (b) فروری 1917

(c) اکتوبر 1917 (d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ روس کے حکمرانوں کو کیا کہا جاتا تھا؟

(a) راجہ (b) بادشاہ

(c) زار (d) چانسلر

5۔ 1917 کے روس کا انقلاب کس شہر سے شروع ہوا؟

(a) پیٹروگراڈ (b) پیرس

(c) لندن (d) پرتھ

6۔ روسی تاریخ میں..........کی بین الاقوامی خواتین کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔

7۔ روس کی پارلیمنٹ کا نام...............ہے

8۔ روس کے بادشاہ زار نکولس دوم نے..................کو استعفی دیا۔

9۔ روس میں اجتماعی کھیتوں کو.................کہا جاتا تھا۔

10۔ روس میں امیر کسانوں کو.....................کہا جاتا تھا۔

11۔ مِنشویکوں کے لیڈر کون تھے؟

12۔ اپریل تھیسس کس نے پیش کی تھی؟

13۔ اجتماعیت کا پروگرام کس نے شروع کیا؟

14۔ روس میں بادشاہت کا خاتمہ کس انقلاب سے ہوا؟

15۔ روسی خانہ جنگی میں بالشیویکوں کے حامیوں کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

16۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): 1917 کے اکتوبر انقلاب کے ذریعے روس کے اقتدار پر اشتراکیت پسندوں نے قبضہ کر لیا۔

وجہ (R): فروری 1917 میں بادشاہت کے زوال اور اکتوبر کے واقعات کو ہی روسی انقلاب کہا جاتا ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

17۔ مندرجہ ذیل تصویر میں دکھائی گئی تصویر والے شخص کا نام لکھیے۔ یہ 1914 میں روس اور اس کی سلطنت کے حکمراں تھے۔



## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ 1905 سے پہلے روس کے سماجی، اقتصادی اور سیاسی حالات کیسے تھے؟

2۔ 1917 میں روس میں زار کی حکومت کیوں ختم ہوگئی؟

3۔ اسٹالن کا اجتماعیت کا پروگرام کیا تھا؟

4۔ لینن کی اپریل تھیسس کی خاص مانگیں کیا تھیں؟

5۔ اکتوبر انقلاب کے بعد روس میں کیا بدلاؤ آئے؟

6۔ روسی انقلاب کے دنیا پر پڑنے والے اثرات کا ذکر کیجیے۔

7۔ خونی اتوار کے واقعہ کا تذکرہ کیجیے؟

8۔ 1917ء کی روسی انقلاب سے پہلے روس میں مزدوروں کی کیا حالت تھی؟

9۔ روسی انقلاب کے تحت اکتوبر انقلاب کا تذکرہ کیجیے؟

10۔ پہلی عالمی جنگ کا روس کے اقتصادی نظام پر کیا اثرات پڑے؟

11۔ حریت پسندوں اور تبدیلی کے حامیوں میں کیا فرق تھا؟ وضاحت کیجیے۔

12۔ ابتدائی اشتراکیت کے حامیوں کے خیالات کی وضاحت کیجیے۔

## ماخذ پر مبنی سوال

13۔ نیچے دیے گئے ماخذ کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔

''ماسکو باقی یوروپی راجدھانیوں کے مقابلے کم صاف ستھرا دکھائی دیتا ہے۔ سڑک پر بھاگم بھاگ میں لگا کوئی شخص بہت اسمارٹ نہیں لگتا۔ ساری جگہ مزدوروں کی ہے۔ یہاں عوام رئیسوں کے سائے میں کسی طرح دبی ہوئی دکھائی نہیں دیتی ہے۔ جو لوگ صدیوں سے روپوش تھے آج سامنے آ کھڑے ہوئے ہیں۔ میں اپنے دیش کے کسانوں اور مزدوروں کے بارے میں سوچنے لگا۔ میرے سامنے جو کچھ تھا اسے دیکھ کر لگتا تھا کہ یہ عربین نائٹس (الف لیلہ) کے کسی جن کی کرامات ہے۔ یہاں محض ایک دہے پہلے یہ بھی ہمارے لوگوں جتنے ناخواندہ، لاچار اور بھوکے تھے۔ یہ دیکھ کر میرے جیسے بدنصیب ہندوستانی سے زیادہ حیرت زدہ اور بھلا کون ہوگا کہ ان لوگوں نے اتنے تھوڑے سے سالوں میں ناخواندگی اور بے سہاراپن کے پہاڑ کو اتار پھینکا ہے۔ (روس سے رابندر ناتھ ٹیگور 1930)

(i) یہ بیان ذیل میں سے کس دور کا ہے؟

(a) روسی انقلاب سے پہلے کا (b) روسی انقلاب کے دوران کا

(c) روسی انقلاب کے بعد کا (d) موجودہ وقت کا

(ii) کون لوگ صدیوں سے روپوش تھے؟

(a) زار (b) اشرافیہ/امرا

(c) ایسٹیٹ مالک (d) کسان اور مزدور

(iii) محض ایک دہے پہلے کس واقعہ نے روسی لوگوں کی کایہ پلٹ کردی۔

(a) روسی انقلاب (b) فرانسیسی انقلاب

(c) 1857 انقلاب (d) امریکی انقلاب

(iv) مندرجہ بالا اقتباس میں ''سڑک پر بھاگم بھاگ'' کے معنی ہیں:

(a) دوڑ کا مقابلہ چل رہا ہے (b) سب ڈرے ہوئے ہیں

(c) سبھی اپنے اپنے کام میں مشغول ہیں (d) عوام رئیسوں کے سائے میں ہیں

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (a) کارل مارکس

2۔ (b) لینن

3۔ (a) 1905 کا انقلاب

4۔ (c) زار

5۔ (a) پیٹروگراڈ

6۔ 22/فروری

7۔ ڈیوما

8۔ 2/مارچ 1917ء

9۔ کالٹوز

10۔ کلک

11۔ کرونسکی

12۔ لینن

13۔ اسٹالن

14۔ فروری انقلاب 1917

15۔ لال (Red)

16۔ (b)

17۔ زار نکولس II

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) دیہاتی علاقوں میں سماج مزدوروں، اشرافیہ اور چرچ کے بیچ تقسیم تھا۔

(ii) تقریباً 85% آبادی زراعت سے منسلک تھی۔ کارخانوں سے حاصل فائدے پر مالکوں کا حق تھا۔

(iii) مزدوروں، بے زمین کسانوں اور عورتوں کو حکومت میں حصہ لینے کا حق نہیں تھا۔

2۔ (i) پہلی عالمی جنگ میں تقریباً 70 لاکھ روسی مارے گئے۔

(ii) سپاہی جنگ میں حصہ لینے کے خلاف تھے۔ وہ جنگ کو جاری رکھنے کے حکومت کے فیصلے کے خلاف تھے۔

(iii) فوج اور مزدوروں نے پیٹروگراڈ سویت کو قائم کیا اور زار کی حکومت کا خاتمہ کیا۔

3۔ (i) روس میں اناج کی کمی کو دیکھتے ہوئے اسٹالن نے کھیتوں کی اجتماعیت کا عمل شروع کیا۔

(ii) چھوٹے چھوٹے زمین کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بڑے بڑے زمینی فارم کو بنایا جا سکتا تھا۔

(iii) اجتماعی کھیتی کرنے کے لئے بڑے زمین قطعوں کو حاصل کرنے کے عمل کو اسٹالن کے اجتماعیت کا عمل کہا گیا۔

4۔ (i) جنگ کو ختم کیا جا سکے۔

(ii) زمین کسانوں کو دے دی جائے۔

(iii) بینکوں کو قومیا لیا گیا۔

5۔ (i) نومبر 1917 میں زیادہ تر بینکوں کو قومیا لیا گیا۔

(ii) زمین کو سماجی ملکیت قرار دے دیا گیا۔

(iii) مطلق العنان بادشاہ کے ذریعے عطا کردہ خطابات پر روک لگا دی گئی۔

(iv) تجارتی اداروں پر نئی جماعت کا کنٹرول قائم کر دیا۔

(v) بالشیوک پارٹی کا نام بدل کر روسی کمیونسٹ پارٹی رکھ دیا گیا۔

6۔ (i) روس میں کسانوں اور مزدوروں کی حکومت قائم ہونے کی وجہ سے دیگر ممالک میں کاشت کار اور مزدوروں کی عزت میں اضافہ ہوا۔

(ii) 1917 کے انقلاب کے بعد روس میں کمیونسٹ حکومت کا قیام عمل میں آیا۔ کچھ وقت کے بعد دیگر ممالک میں کمیونسٹ حکومتیں قائم ہوئیں۔

(iii) روسی انقلاب کے بعد بین الاقوامی سطح پر سرمایہ داروں اور مزدوروں کے بیچ جھگڑے شروع ہو گئے۔

(iv) دیگر ممالک کی حکومت بھی سوچنے لگیں کہ لوگوں کو روٹی، کپڑا اور مکان مہیا کرانا ان کی ذمہ داری ہے۔

7۔ (i) روس کے زار کی حکومت کا ظالم ہونا۔

(ii) جنوری 1905 میں ایک اتوار کو لوگوں کا زار سے ملنا اور میمورنڈم دینے کی کوشش۔

(iii) ملنے کی جگہ پر مزدوروں پر حملہ۔

(iv) حملے میں 100 سے زیادہ مزدور مارے گئے اور 300 زخمی ہوئے۔

(v) یہ واقعہ خونی اتوار کے نام سے جانا جاتا ہے۔

8۔ (i) یہ سماجی اور اقتصادی تبدیلیوں کا دور تھا۔

(ii) صنعتی علاقے ترقی پا رہے تھے۔

(iii) صنعت کاری نے عورتوں، مردوں، اور بچوں کو کارخانوں میں کھڑا کر دیا۔

(iv) کام کے گھنٹے زیادہ اور مزدوری بہت کم ہوتی گئی۔

(v) اشیا کی مانگ میں کمی آنے سے بے روزگاری کے بڑھ جانے کا مسئلہ بھی پیدا ہوا۔

9۔ (i) یہ انقلاب کا دوسرا دور تھا۔

(ii) فروری انقلاب کے بعد روس کا اقتدار کرونسکی نے سنبھال لیا۔

(iii) وہ عوام کی ضروریات پوری نہ کر سکا۔ مزدوروں کو حقوق اور کسان کو زمین نہ دلا سکا۔

(iv) غیر مستحکم حکومت کو تحلیل کر دیا گیا۔

(v) کرونسکی ملک چھوڑ کر بھاگ گیا، حکومت لینن کے ہاتھوں میں آ گئی۔

10۔ (i) جاگیروں کو چھین کر کسانوں میں زمین کا بٹوارا

(ii) صنعتوں پر حکومت کا کنٹرول

(iii) ترقی کے لیے اقتصادی منصوبہ بندی

(iv) سامراجیت کا خاتمہ

(v) بین الاقوامیت کو فروغ

11۔

| حریت پسند | تبدیلی کے حامی |
|---|---|
| 1) سبھی مذاہب کا احترام | 1) اکثریت پر مبنی حکومت کی حمایت |
| 2) مطلق العنان حکومت کی مخالفت | 2) مراعات کی مخالفت |
| 3) انفرادی حکومت کے تحفظ کی حمایت | 3) وسائل کے چند ہاتھوں میں سمٹ جانے کی مخالفت |
| 4) نمائندگی پر مبنی منتخب حکومت کی حمایت | 4) عورتوں کو ووٹ کا حق دیے جانے والی تحریکوں کی حمایت |

12۔ (i) نجی ملکیت کی مخالفت

(ii) اجتماعی طبقوں کے قیام پر زور

(iii) اجتماعی صنعتوں کے قیام میں حکومت کے کردار پر زور

(iv) پیداواری ذرائع کی سماجی ملکیت اور کنٹرول کی حمایت

13۔ (i) (c) روسی انقلاب کے بعد کا

(ii) (d) کسان اور مزدور

(iii) (a) روسی انقلاب

(iv) (c) سبھی اپنے اپنے کام میں مشغول ہیں۔

# باب۔ تین

# نازی ازم اور ہٹلر کا عروج

## یاد رکھنے لائق نکات:

- پہلی عالمی جنگ (1914-1918) دو مخصوص گروپوں کے بیچ ہوئی تھی۔

| دوست ممالک (خاص ممالک) | محوری طاقتیں (خاص ممالک) |
|---|---|
| (i) فرانس | (i) جرمنی |
| (ii) برطانیہ | (ii) آسٹریا |
| (iii) روس | (iii) ترکی |

- پہلی عالمی جنگ کا خاتمہ نومبر 1918 میں جرمنی کی ہار کے ساتھ ہوا۔
- دوسری عالمی جنگ (1939-1945) بھی دو مخصوص گروپوں کے بیچ لڑی گئی۔

| دوست ممالک (خاص ممالک) | محوری طاقتیں (خاص ممالک) |
|---|---|
| (i) برطانیہ | (i) جرمنی |
| (ii) فرانس | (ii) اٹلی |
| (iii) سوویت یونین | (iii) جاپان |
| (iv) ریاستہائے متحدہ امریکہ | |

- جون 1919 میں وارسا کے معاہدے پر دستخط ہوئے جس میں جرمنی پر دوست ممالک نے کئی باعثِ شرم شرطیں تھوپیں۔ مثلاً:

  (a) جنگی جرائم کے تاوان کے تحت 6 ارب پاؤنڈ کا جرمانہ جرمنی پر لگایا گیا۔

  (b) جنگ میں ہوئے نقصان کے لیے صرف جرمنی کو ذمے دار ٹھہرایا گیا۔

  (c) جرمنی کو کمزور کرنے کے لیے اس کی فوج کو ختم کر دیا گیا۔

(d) جرمنی کی ساری نوآبادیاں، 10% آبادی، 13% خطہ، 75% لوہے کے ذخائر اور 26% کوئلہ کی کانیں دوست ممالک نے آپس میں بانٹ لیے۔

(e) معدنیات سے بھرپور علاقے رائن لینڈ کو بھی دوست ممالک نے اپنے قبضے میں لے لیا۔

## وائمر جمہوریہ (ری پبلک)




- مذکورہ بالا سبھی وجوہات سے لوگوں کا یقین وائمر جمہوریہ سے اٹھ گیا اور وہ ایک انتظار میں تھے جو انھیں ان کے دکھوں سے نجات دلا سکے۔ اسی پس منظر میں ہٹلر کا عروج ہوا۔

# ہٹلر کا عروج و زوال

- 1889 میں آسٹریا میں پیدائش، جرمنی کی کھوج میں شامل ہوا اور بہادری کے کچھ تمغے بھی حاصل کیے
- ← نیشنل سوشلسٹ پارٹی (جرمن ورکرز پارٹی) کا سربراہ بنا، بعد میں یہی پارٹی نازی پارٹی کے نام سے جانی گئی
- ← 30 جنوری 1933 کو ہٹلر جرمنی کا چانسلر بنا۔
- ↓ 28 فروری 1933 کو جاری کیے گئے ''آگ سے متعلق حکم'' (فائر ڈکری) کے ذریعے اظہار خیال ، پریس اور اجلاس کی آزادی جیسے شہری حقوق کو غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردیا گیا۔
- → 3 مارچ 1933 کو مشہور ''مخصوص اختیارات قانون'' (اینیلبگ ایکٹ) پاس کیا گیا ۔اس قانون نے ہٹلر کو پارلیمنٹ کو حاشیہ پر دھکیلنے اورصرف احکام کے ذریعے حکومت کرنے کا لامحدوداختیار دے دیا گیا۔ اس طرح جرمنی میں تاناشاہی قائم ہوگئی۔
- → 1933 میں لیگ آف نیشنز (انجمن اقوام) سے جرمنی نے اپنے آپ کو الگ کرلیا۔
- ↓ 1936 میں رائن لینڈ پر دوبارہ قبضہ کرلیا گیا۔
- ← ایک قوم ایک ملک ایک لیڈر کے نعرے کی آڑ میں 1938 میں آسٹریا کو جرمنی میں شامل کرلیا۔
- ← ستمبر 1939 میں پولینڈ پر حملہ کردیا اور اس طرح دوسری عالمی جنگ کا آغاز ہوا۔
- ↓ ستمبر 1940 میں جرمنی، اٹلی اور جاپان کے بیچ سہ رکنی معاہدہ ہوا اور یہ ممالک محوری طاقتوں کے نام جانے گئے۔
- → دوست ممالک میں فرانس، برطانیہ، امریکہ، سوویت یونین وغیرہ شامل تھے۔
- → ہٹلر کے ذریعے جون 1941 میں سوویت یونین پر حملہ کر کیا گیا۔
- ↓ مئی 1945 میں جرمنی کی ہار اور ہٹلر کا زوال
- ← اگست 1945 میں امریکہ کے ذریعے جاپان کے ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرایا جانا اور جاپان کی ہار
- ← جاپان کی ہار کے ساتھ ہی دوسری عالمی جنگ کا اختتام !دوست ممالک فاتح بن کر ابھرے







- <u>نازی جرمنی میں نوجوانوں کی حالت:</u>

(a) جرمنی اور یہودیوں کے بچے ایک ساتھ نہیں بیٹھ سکتے تھے۔

(b) خانہ بدوش (جپسی)، معذوروں اور یہودیوں کو اسکولوں سے نکال دیا گیا۔

(c) اسکولی نصاب کو پھر سے لکھا گیا جہاں ''نسلی تفریق'' کو بڑھاوا دیا گیا۔

(d) 10 سال کی عمر میں بچوں کو ''ینگ جوک'' میں داخل کرادیا جاتا تھا جو ایک نوجوانوں کی تنظیم تھی۔

(e) 14 سال کی عمر میں سبھی لڑکوں کو ''ہٹلر یوتھ'' کی ممبر شپ لازمی کردی گئی۔

- <u>عورتوں کی حالت:</u>

(a) لڑکیوں کو اچھی ماں اور خالص خون والے آریہ نسل کے بچوں کو جنم دینا ان کا پہلا فرض قرار دے دیا تھا۔

(b) نسل کے خالص پن کو برقرار رکھنا، یہودیوں سے دور رہنا اور بچوں کو نازی اقدار کی تعلیم دینے کی ذمے داری سونپی گئی تھی۔

(c) 1933 میں ہٹلر نے کہا ''میری ریاست میں سب سے اہم شہری مائیں ہیں''۔

(d) نسلی طور پر قابل قبول بچوں کو جنم دینے والی ماؤں کو اسپتالوں میں خاص سہولیات، دکانوں میں زیادہ چھوٹ، تھیئٹر اور ریل گاڑیوں میں سستے ٹکٹ اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی ماؤں کو سونے چاندی اور کانسہ کے تمغے دیے جاتے تھے۔

(e) لیکن ناقابل قبول بچوں کو جنم دینے والی ماؤں کو سزائیں دی جاتی تھیں۔ طے شدہ اصولوں کی خلاف ورزی کرنے پر انھیں گنجہ کرکے منہ کالا کرکے سماج میں گھمایا جاتا تھا۔ نہ صرف انھیں جیل بھیجا جاتا بلکہ ان سے تمام شہری اعزازات، شوہر اور خاندان بھی چھین لیے جاتے تھے۔

- <u>نازی پروپگنڈہ:</u>

(a) مخصوص الفاظ کا انتخاب کیا جاتا تھا جیسے ''آخری حل'' (یہودیوں سے متعلق) یوتھنیر یا (معذوروں کے لیے) ''جراثیم سے پاکی''، مخصوص برتاؤ۔

(b) لوگوں کو گیس چیمبر میں لے جانے کو ''ایویکیشن'' خالی کرانا جیسے الفاظ کا استعمال کیا جاتا تھا۔

(c) نازی خیالات کو پھیلانے کے لیے فلموں، ریڈیو، پوسٹروں، دلکش نعروں، اشتہاری پرچوں کا استعمال

(d) پوسٹروں میں دشمنوں کو شیطان کے طور پر پیش کیا جاتا تھا اور ان سے انھیں نازی ہی بچا سکتے ہیں ایسی تشہیر کی جاتی تھی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ملک محوری طاقت گروپ کا ملک ہے؟

(a) فرانس (b) جرمنی

(c) برطانیہ (d) امریکہ

2۔ پہلی عالمی جنگ کا خاتمہ کس معاہدے کے ساتھ ہوا؟

(a) وارسا کا معاہدہ (b) قسطنطنیہ کا معاہدہ

(c) میونخ معاہدہ (d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ہٹلر کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(a) آسٹریا میں (b) آسٹریلیا میں

(c) برطانیہ میں (d) اٹلی میں

4۔ پہلی جنگِ عظیم کے بعد جرمنی میں کون سی حکومت تھی؟

(a) وائمر جمہوریہ (b) بورین

(c) زارشاہی (d) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ عالمی معاشی بحران کی شروعات کب ہوئی؟

(a) 1929 (b) 1920

(c) 1919 (d) 1905

6۔ جرمنی کی پارلیمنٹ کو.................کہا جاتا ہے۔

7۔ دوسری عالمی جنگ میں.....................نے جاپان پر ایٹم بم گرایا۔

8۔ ہٹلر کی خفیہ پولیس کا نام....................تھا۔

9۔ .......................عیسوی میں ہٹلر جرمنی کا چانسلر بنا۔

10۔ دوسری عالمی جنگ 1939 سے لے کر.....................تک چلا۔

11۔ ینگ بوک کیا تھا؟

12۔ مزدوروں کا قبضہ کسے کہتے ہیں؟

13۔ دوست ممالک کے کسی ایک ملک کا نام لکھیے۔

14۔ ''نومبر کے مجرم'' کنہیں کہا جاتا تھا؟

15۔ پہلی جنگِ عظیم کے بعد دوست ممالک نے جرمنی کے کس علاقے پر قبضہ کر لیا تھا؟

16۔ غلط ملان کی پہچان کیجیے۔

(i) جرمنی — محوری طاقت

(ii) برطانیہ — دوست ملک

(iii) اٹلی — محوری طاقت

(iv) آسٹریا — دوست ملک

17۔ تصویر میں دکھائی گئی مشہور شخصیت کو پہچان کر نام لکھیے۔



18۔ نیچے ایک قول (A) و راس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): معاشی بحران 32-1929 میں آیا تھا۔

وجہ (R): معاشی بحران کے دوران صنعتی پیداوار بڑھ گئی اور بے روزگاری کی شرح بھی کم ہو گئی۔

(a) قول(A)اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول(A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول(A)اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ(R) قول(A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول(A) صحیح ہے مگر وجہ(R) غلط ہے۔

(d) قول(A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ وارسا کے معاہدے کی اہم باتیں بیان کیجیے۔

2۔ نازی سوچ کے خلاف پہلو کون سے تھے؟

3۔ نازی سماج میں عورتوں کا کیا رول تھا؟

4۔ نازی ازم کی تحریک کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

5۔ جرمنی پر نازی ازم کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

6۔ 1930 تک آتے آتے جرمنی میں نازی ازم کو مقبولیت کیوں ملنے لگی تھی؟

7۔ نازی ازم کی تشہیر یہودیوں کے خلاف نفرت پیدا کرنے میں کس طرح پُر اثر ثابت ہوئی؟

8۔ وارسا کا معاہدہ کس طرح دوسری عالمی جنگ کی وجہ بنا؟

9۔ 1929-32 تک کے سالوں میں امریکہ کے معاشی، بحران کا تذکرہ کیجیے۔

10۔ جرمنی میں مشہور مخصوص اختیارات قانون کب پاس کیا گیا؟ اس کے کیا نتائج نکلے؟

## ماخذ پر مبنی سوالات

11۔ ''حکومت کے لیے حمایت حاصل کرنے اور نازی عالمی نظریہ کو پھیلانے کے لیے ذرائع ابلاغ (میڈیا) کا بہت سوچ سمجھ کر استعمال کیا گیا۔ نازی نظریات کو پھیلانے کے لیے تصاویر، فلموں، ریڈیو، پوسٹروں، لبھاونے نعروں اور اشتہاری پرچوں کا خوب سہارا لیا گیا۔ پوسٹروں میں جرمنی کے دشمنوں کے روایتی خاکے پیش کیے گئے تھے۔ انھیں بے عزت کیا جاتا تھا۔ ان کا مذاق اڑایا جاتا تھا۔ انھیں شیطان کے روپ میں پیش کیا جاتا تھا۔ اشتراکی اور حریت پسندوں کو کمزور اور راستہ بھٹکے ہوئے عناصر کے روپ میں پیش کیا جاتا تھا۔ انھیں غیر ملکی ایجنٹ کہہ کر بدنام کیا جاتا تھا۔ اشتہاری فلموں میں یہودیوں کے تئیں

نفرت پھیلانے پر زور دیا جاتا تھا۔ ''دی ایٹرنل جیو'' اس فہرست کی سب سے بدنام فلم تھی۔ نازی حکومت میں زبان اور میڈیا کا بہت ہوشیاری سے استعمال کیا گیا اور اس کا زبردست فائدہ اٹھایا گیا۔ انھوں نے اپنے طور طریقوں کو بیان کرنے کے لیے جو الفاظ ایجاد کیے تھے وہ نہ صرف غلط فہمی پیدا کرتے تھے بلکہ دل دہلا دینے والے الفاظ تھے۔ نازیوں نے اپنے سرکاری دستاویزوں میں ''قتل یا موت'' جیسے الفاظ کا کبھی استعمال نہیں کیا۔ اجتماعی قتل کو ''مخصوص برتاؤ''، ''آخری حل (یہودیوں سے متعلق) یوتھ نیزیا (معذوروں کے لیے) انتخاب اور جراثیم سے پاک کرنا وغیرہ الفاظ کا استعمال کیا جاتا تھا۔ ''خالی کرانا'' (Evacuation) کا مطلب تھا لوگوں کو گیس چیمبروں میں لے جانا۔ گیس چیمبروں کو ''جراثیم سے پاک کرنے والا علاقہ'' کہا جاتا تھا۔ گیس چیمبر غسل خانے جیسے دکھائی دیتے تھے اور ان میں نقلی فوارے بھی لگائے گئے تھے۔''

(i) معذوروں کے اجتماعی قتل کے لیے کس لفظ کا استعمال کیا جاتا تھا؟

(a) مخصوص برتاؤ (b) یوتھ نیزیا

(c) آخری حل (d) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) .................سے مراد تھی لوگوں کو گیس چیمبر میں لے جانا۔

(iii) یہودیوں کے تئیں نفرت پھیلانے کے لیے کس فلم کو بنایا گیا تھا؟

(iv) کنہیں کمزور اور راستہ بھٹکے ہوئے عناصر کے طور پر پیش کیا جاتا تھا؟

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (b) جرمنی

2۔ (a) وارسا کا معاہدہ

3۔ (a) آسٹریا

4۔ (a) وائمر جمہوریہ

5۔ (a) 1929

6۔ رائچسٹاگ (Reichstag)

7۔ امریکہ

8۔ گیسٹاپو

9۔ 30 جنوری 1933

10۔ 1945

11۔ 10 سے 14 سال کے بچوں کا نازی نوجوانوں کی تنظیم

12۔ سماج کے متوسط طبقے کا غریب ہوتے ہوتے مزدور کی اقتصادی حالت میں پہنچ جانا مزدورکاری کہلاتا ہے۔

13۔ امریکہ،فرانس، برطانیہ( کوئی ایک )

14۔ جرمن اشتراکیت پسند،کیتھولک اور جمہوریت پسند لوگوں کو جو وائمر جمہوریہ کے حمایتی تھے انھیں ''نومبر مجرم'' کہا جاتا تھا۔

15۔ رائن لینڈ

16۔ آسٹریا— دوست ملک

17۔ ہٹلر

18۔ (c) قول(A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) جنگ کے لئے جرمنی کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔

(ii) جرمنی کو اپنی ساری نوآبادیاں چھوڑنی پڑیں۔

(iii) کوئلہ کے ذخائر فرانس کو دینے پڑے۔

(iv) 6 ارب پونڈ کا جرمانہ۔

(v) فوج پر پابندی/معدنی وسائل پر قبضہ۔

2۔ (i) آریہ نسل دنیا کی سب سے اعلیٰ نسل ہے جسے اپنی پاکیزگی بنائے رکھنی ہوگی۔

(ii) نازیوں کا ماننا تھا کہ اعلیٰ نسل ( آریہ/جرمنی ) زندہ رہے گی اور کم تر نسلوں ( یہودیوں ) کو ختم ہونا ہوگا۔

(iii) نازی نظریہ میں ہٹلر کو ایک مسیحا کے طور پر پیش کیا گیا تھا جو انہیں سبھی مشکلات سے چھٹکارا دلا سکتا ہے۔

3۔ (i) نازی سماج میں عورتوں کو آریہ تمدن اور نسل کا علمبردار مانا جاتا تھا۔

(ii) ان کی ذمہ داری اچھی ماں بننا، خالص آریہ نسل کے بچوں کو جنم دینا اور ان کی پرورش کرنا تھا۔

(iii) ایسی پرورش کرنے والی عورتوں کو انعامات سے نوازا جاتا تھا اور خلاف ورزی کرنے والی عورتوں کو سخت سزائیں دی جاتی تھیں۔

4۔ (i) جرمنی میں ہٹلر کے ماتحت نازی ازم کا عروج ہوا۔

(ii) یہ تاناشاہی تحریک تھی۔

(iii) پارلیمانی اداروں کی مخالفت۔

(iv) ایک ہی لیڈر کی حکومت کی تعریف۔

(v) مختلف تنظیموں کی مخالفت۔

5۔ (i) نازی مخالف قائدین کا قتل

(ii) نازی پارٹی کے علاوہ سبھی سیاسی جماعتوں پر پابندی۔

(iii) مزدور انجمنوں کو کچل دیا گیا اور ہزاروں کمیونسٹوں اور اشتراکیت پسندوں کو اذیتی کمپنیوں میں بھیج دیا گیا۔

6۔ (i) وائمر ریپبلک کے ناکام ہونے پر نازی پارٹی سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھر کر سامنے آئی۔

(ii) ہٹلر کا کردار بہت بااثر تھا۔

(iii) ہٹلر یوتھ، جرمنی کے نوجوانوں کو فوج میں بھرتی ہونے کی عوامی حمائت حاصل ہوئی۔

7۔ (i) نازیوں نے یہودیوں کو کمتر جسمانی بناوٹ والے لوگ اور نامراد طبقہ کا درجہ دیا۔

(ii) نازیوں نے یہودیوں کو عیسیٰ مسیح کا قاتل بتایا۔

(iii) ان کے خیالات میں مذہب تبدیل کرنے سے ہی یہودی مسئلہ سے نجات حاصل نہیں ہوسکتی اس کے بدلے انھیں مکمل طور پر ختم کرنا پڑے گا۔

8۔ (i) پہلی جنگِ عظیم کا خاتمہ تو ہوگیا مگر ہمیشہ کے لئے جنگ کو ختم نہیں کیا جاسکا۔

(ii) ہارے ہوئے ملک جرمنی پر باعثِ ذلت وارسا کا معاہدہ تھوپ دیا گیا۔

(iii) جیتے ہوئے ممالک کی امیدیں پوری نہیں ہوئیں۔

(iv) جرمنی پر 6 ارب پونڈ کا جرمانہ لگایا گیا اور رائن لینڈ پر دوست ممالک نے قبضہ کر لیا۔

(v) ایک دوسری جنگ ہی ان کی امیدوں کو پورا کر سکتی تھی۔

9۔ (i) ان تین سالوں میں امریکہ کی قومی آمدنی گھٹ کر آدھی رہ گئی۔

(ii) فیکٹریاں بند ہوئیں۔

(iii) درآمدات گرتی ہی گئی۔

(iv) کسانوں کی حالت خراب تھی۔

(v) سٹے باز بازاروں سے پیسہ کھینچنے لگے تھے۔

10۔ (i) مخصوص اختیارات قانون 3 / مارچ 1933 کو پاس کیا گیا۔

(ii) اس کے ذریعہ جرمنی میں قانونی طور پر تاناشاہی نظام قائم کیا گیا۔

(iii) اس قانون نے ہٹلر کو صرف احکامات کے ذریعہ حکومت چلانے کا اختیار دے دیا۔

(iv) نازی جماعت اور اس سے جڑی تنظیموں کے علاوہ سبھی جماعتوں، ٹریڈ یونینوں پر پابندی لگا دی گئی۔

## ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

(i) (b) یوتھ نیزیا

(ii) خالی کرنا (Evacuation)

(iii) دی ایٹرنل جیو

(iv) اشترا کی اور حریت پسندوں کو


WORLD
OUTLINE MAP

# باب۔ 4

# جنگلاتی سماج اور نوآبادیاتی نظام

## یاد رکھنے لائق نکات:




- جنگلوں کی بڑے پیمانے پر کٹائی ’’جنگلوں کا خاتمہ‘‘ کہلاتا ہے۔
- نوآبادیاتی دور میں ’’جنگلوں کی کٹائی‘‘ کا عمل بڑے پیمانے اور نہایت منظّم طور پر کیا گیا۔
- 1700 سے 1995 کے بیچ 139 لاکھ مربع کلومیٹر یعنی دنیا کے کل رقبے کا 9.3% حصہ پر محیط جنگل مختلف استعمال کی وجہ سے صاف کردیے گئے۔
- انگریزوں نے ڈاٹرچ برانڈس نامی جرمن شخص کو ہندوستان میں جنگلات کا پہلا انسپکٹر جنرل بنایا تاکہ مقامی لوگوں کے ذریعے جنگلوں کی بے تحاشہ کٹائی کو روکا جاسکے اور جنگلوں کی حفاظت ہوسکے۔
- ہندوستان میں جنگلاتی سروسز کا قیام 1864 میں کیا گیا۔
- 1865 میں جنگلات سے متعلق پہلا قانون بنانے میں مدد دی۔

- 1878 کے جنگلاتی قانون کے ذریعے جنگلوں کو تین زمروں میں بانٹا گیا ہے۔

(a) ریزرو (b) محفوظ (c) دیہی




- 1906 میں دہرہ دون کے ایمپیریل فاریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کو قائم کیا گیا جہاں ''سائنسی جنگل بانی'' کی تعلیم دی جاتی تھی۔
- جنگلات کی اس درجہ بندی سے عوام پر منفی اثر پڑا۔
- سائنسی جنگل بانی (سائنٹفک جنگل بانی) ایک ایسا طریقہ تھا جس میں قدرتی جنگلات کو صاف کر کے اس کی جگہ قطار بند طریقے سے ایک ہی نسل کے پیڑ لگائے جاتے تھے۔ اسے باغاتی نظام بھی کہا جاتا ہے۔

کچھ خاص منتقلی کھیتی (جھوم) کے نام اور علاقے

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | جنوب مشرقی ایشیا | لاڈنش |
| 2۔ | وسطی امریکہ | ملپّا |
| 3۔ | افریقہ | چِتمین یا تاوی |
| 4۔ | سری لنکا | چینا |
| 5۔ | ہندوستان | دھیا، پینڈا، جھوم، پونڈو، کھمری وغیرہ |

### ڈائرچ فرانڈس کے ذریعے جنگلوں کے انتظام کے لیے تجاویز

- لوگوں کو تحفظی سائنس کی تربیت دینا
- جنگلاتی وسائل کے استعمال سے متعلق اصول وضوابط طے کرنا
- پیڑوں کی کٹائی اور مویشیوں کو چرانے پر پابندی لگانا

### لوگوں کی زندگی پر جنگلاتی قوانین کا اثر

- لکڑی کاٹنا غیر قانونی
- مویشیوں کو چرانا غیر قانونی
- جنگلاتی پھل پھول اکٹھا کرنا غیر قانونی
- جنگلوں سے لکڑی جمع کرنے میں عورتوں کا غیر محفوظ ہونا
- پولیس اور جنگلاتی چوکیداروں کے ذریعے لوگوں کو تنگ کرنا
- منتقلی زراعت پر روک
- جنگلوں میں رہنے والے فرقوں کو جنگلوں سے بے دخل کر دیا گیا
- شکار کرنے پر پابندی
- مچھلی پکڑنے پر پابندی

### جنگلات کی زمرہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) | ریزرو جنگلات | سب سے اعلیٰ جنگلات | گاؤں کے لوگوں کو کسی بھی وسیلے کے استعمال کی اجازت نہیں تھی |
| 2) | محفوظ جنگلات | اعلیٰ جنگلات | گاؤں کے لوگ اجازت لینے کے بعد وسائل کا استعمال کر سکتے تھے۔ |
| 3) | دیہی جنگل | عام جنگلات | جنگلاتی وسائل کا استعمال اجازت کے ساتھ |

جنگل کے کچھ حصے کو کاٹا اور جلایا جاتا تھا ← مانسون کی پہلی بارش کے بعد اس کی راکھ میں بیج کو دبا دیا جاتا ہے

اکتوبر نومبر تک فصل کاٹ لی جاتی تھی ← اس جگہ پر دو تین سال تک کھیتی کی جاتی تھی

پھر اس مقام کو 12 سے 18 سالوں تک چھوڑ دیا جاتا تھا ← پھر سے اگلی جگہ پر چلے جاتے تھے

- جارج یولے نامی انگریز افسر نے اکیلے 400 شیروں کو مارا تھا۔
- جنگلوں سے متعلق قانونوں میں شکار کرنا غیر قانونی ہو گیا تھا۔ انگریزوں کی نظر میں بڑے جانور جنگلی، سفاک اور وحشی سماج کی علامت تھے اس لیے انگریزوں نے ان جانوروں کو مار کر ہندوستان کو مہذب بنانے کا عزم کیا۔
- انگریزوں کے ذریعے بڑے جانوروں کے شکار پر انعام طے کیا جس کے لالچ میں 1925-1875 کے بیچ 80000 سے زیادہ شیر 150000 تیندوے اور 200000 بھیڑیے مار گرائے گئے۔
- ہندوستان میں جنگلاتی پیداوار کی تجارت عہد وسطیٰ سے آدی باسی لوگوں کے ذریعے کی جاتی رہی تھی جس میں ہاتھی، کھال، سینگ، ریشم کے کوے، ہاتھی دانت، بانس، مصالحے، ریشے، گھاس اور گوند وغیرہ خاص تھے۔
- مگر انگریزی دور حکومت میں تجارت پوری طرح سرکاری کنٹرول میں چلی گئی تھی۔

یوروپی تجارتی کمپنیوں کو اس کا مکمل اختیار دے دیا گیا تھا جس پر ان کی اجارہ داری تھی اور قبائلی لوگوں کو ''مجرم قبائل'' کے طور پر پیش کر دیا گیا تھا۔ ان جنگلوں سے متعلق قوانین کے خلاف بہت سی بغاوتیں ہوئیں۔

| نمبر شمار | بغاوت | لیڈر | جگہ |
|---|---|---|---|
| 1۔ | سنتھال بغاوت 56-1855 | سدھو اور کانو | سنتھال پرگنا (جھارکھنڈ) |
| 2۔ | منڈا بغاوت 99-1898 | برسا منڈا | چھوٹا ناگپور (جھارکھنڈ) |
| 3۔ | رمپّا بغاوت 99-1879 | ایلوری سیتا رام راجو | آندھر پردیش |
| 4۔ | بستر 10-1908 | گنڈا دھر | بستر (چھتیس گڑھ) |

- بستر کے کچھ گاؤں کو ریزرو جنگلوں میں اس شرط پر رہنے دیا گیا کہ وہ جنگل کے شعبہ کے لوگوں کے لیے پیڑوں کو کاٹنے اور ان کی ڈھلائی کا کام مفت میں کریں گے اور جنگل کو آگ سے بچانے میں مدد کریں گے۔ بعد میں ان گاؤں کو ''جنگلی گاؤں'' کہا جانے لگا۔
- باغیوں کی سب سے بڑی جیت یہ رہی کہ ریزرو کرنے کا کام کچھ وقت کے لیے ملتوی کر دیا گیا اور ریزرو علاقے کو بھی مجوزہ علاقے کا آدھا کر دیا گیا۔
- بستر کے لوگ:۔ بستر چھتیس گڑھ کے سب سے جنوبی حصے میں آندھر پردیش، اوڈیشہ اور مہاراشٹر کی سرحدوں سے لگا ہوا علاقہ ہے۔

☞ ماریا اور موریا، گونڈ، دھروا، بھیرا، ہلبہ وغیرہ قبائلی لوگ یہاں رہتے ہیں۔

- ان قبائلی لوگوں کی زبان، رسم ورواج اور عقائد الگ الگ نہیں ہیں۔
- اندراوتی ندی بَستر کے آر پار مشرق سے مغرب کی جانب بہتی ہے۔ زمین کے ساتھ ساتھ یہ ندی جنگل اور پہاڑوں کی عزت کرتے ہیں۔

● بستر کی بغاوت کی اہم وجوہات

- جنگلوں کو 2/3 ریز رو جنگلات میں بدل دیا گیا۔
- منتقلی کھیتی پر پابندی لگادی گئی۔
- شکار پر روک
- جنگلات سے اشیا اکٹھا کرنے پر روک
- بغیر کسی اطلاع اور بغیر نقصان پہنچائے گاؤں والوں کو جنگلوں سے بے دخل کرنا۔
- بڑھتی ہوئی لگان کے نظام سے خوف وہراس
- نوآبادیاتی افسران کے ہاتھوں بے گار اور فری چیزوں کی مانگ سے پریشان ہونے کے سبب

● 1910 میں آم کی ٹہنیوں، مٹی کے ڈھیلوں، مرچ اور تیر کی مدد سے گاؤں والوں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت کا پیغام ایک دوسرے تک پہنچایا۔

● بغاوت کے دوران بازار لوٹے گئے، افسروں اور بیوپاریوں کے گھر، اسکول اور پولیس تھانوں کو لوٹا اور جلایا گیا۔

● نئے بیوپار اور روزگار:۔ جنگلاتی قوانین کے بعد مختلف قبائلی فرقوں نے اپنے رسمی کام چھوڑ کر نئے کام شروع کر دیے۔ مثلاً

| | | |
|---|---|---|
| 1) برازیل کے آمیزن کے مینگرو لوگوں نے جنگلی ربڑ کے پیڑوں سے رس جمع کرنا شروع کر دیا۔ | 2) ہندوستان میں بنجارہ فرقے کے لوگوں نے ہاتھیوں اور دوسرے سامان کا بیوپار کرنے لگے۔ | 3) مدراس کے کوراوا، کراچا اور بروکلا جیسے فرقوں نے فیکٹریوں، کانوں اور باغان میں کام کرنا شروع کر دیا۔ |

● جاوا آج کل انڈونیشیا کے اہم چاول کی پیداوار کے علاقے میں آتا ہے۔

● یہاں رہنے والے ''کلانگ'' طبقہ کے لوگ ماہر لکڑ ہارے اور منتقلی کھیتی کرنے والے کسان تھے۔

● جاوا پر ڈچ لوگوں کا قبضہ تھا۔

- ڈچوں نے پہلے جنگلوں میں کھیتی کی زمینوں پر لگان لگا دیا اور بعد میں کچھ گاؤوں کو اس شرط پر اس سے آزاد کر دیا کہ وہ اجتماعی طور پر پیڑ کاٹنے اور انھیں اٹھا کر لے جانے کے لیے بھینسوں کو مفت میں مہیا کروائیں گے۔ اس نظام کو ''بلانگ ڈانگ ڈین اسٹین'' کہا گیا۔
- جاوا میں ڈچوں کے ذریعے قانون بنانے کے بعد
  - (a) دیہاتی جنگل میں داخلے پر پابندی لگا دی گئی۔
  - (b) جنگلوں میں لکڑی کی کٹائی کچھ خاص کاموں جیسے کشتیاں بنانے یا گھر بنانے کے لیے کی جا سکتی تھی وہ بھی مخصوص جنگلوں میں نگرانی میں۔
  - (c) مویشیوں کو چرانے، بغیر منظوری کے لکڑی کی کٹائی اور جنگل کے اندر گھوڑا گاڑی یا مویشیوں پر سفر کرنے پر سزا کا نظام نافذ کر دیا گیا۔
- ڈچوں کے اس قانون کے خلاف سامنوں نے مخالفت کی۔
  - (a) سامن نے اس بغاوت کی قیادت کی۔ اس کا ماننا تھا کہ جب ریاست نے ہوا، پانی، زمین یا جنگل نہیں بنائے تو یہ اس پر ٹیکس بھی نہیں لگا سکتے۔
  - (b) بغاوت کے طریقے
    - (i) معائنہ کرنے آئے ڈچوں کے سامنے زمین پر لیٹنا
    - (ii) لگان یا جرمانہ نہ بھرنا
    - (iii) بیگار سے انکار کرنا
- جاوا پر جاپانیوں کے قبضے سے ٹھیک پہلے ڈچوں نے جلاؤ اور بھاگو کی پالیسی کے تحت ساگوان اور آرا مشینوں کے لٹھوں کو جلا دیا تا کہ وہ جاپانیوں کے ہاتھ نہ پڑیں۔
- اس کے بعد جاپانیوں نے جنگلی قبائل کے لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ ان کی جنگی صنعتوں کے لیے جنگلوں کو بے رحمی کے ساتھ کاٹیں۔
- میزورم سے لے کر کیرل تک ہندوستان میں ہر کہیں گھنے جنگل صرف اس لیے بچ پائے کیوں کہ گاؤں کے لوگوں نے سرما، دیورا کوڈو، کان، رائی وغیرہ ناموں سے مقدس باغیچے سمجھ کر ان کی حفاظت کی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان کے پہلے انسپکٹر جنرل آف فاریسٹ کون تھے؟

(a) ڈاٹرچ برانڈس (b) جارج یولے

(c) سامن (d) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ ہندوستانی جنگلاتی سروسز کی ابتدا کب کی گئی؟

(a) 1888 (b) 1850

(c) 1864 (d) 1865

3۔ امپیریل فاریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا قیام کہاں عمل میں آیا؟

(a) حیدرآباد (b) دہرہ دون

(c) لکھنؤ (d) شملہ

4۔ کس انگریز افسر نے 400 شیروں کا شکار کیا تھا؟

(a) جارج یولے (b) ڈاٹرچ برانڈس

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ کس جنگل کے قانون کے ذریعے جنگلوں کو 'ریزرو'، محفوظ اور دیہی جنگلوں میں بانٹا گیا تھا؟

(a) 1865 (b) 1878

(c) 1899 (d) 1906

6۔ ..................ندی بستر میں مشرق سے مغرب کی طرف بہتی ہے۔

7۔ بستر بغاوت کے لیڈر..................تھے۔

8۔ سامن نے جاوا میں..................کے خلاف بغاوت کی تھی۔

9۔ امپیریل فاریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا قیام سن......................عیسوی میں عمل میں آیا تھا۔

10۔ سری لنکا میں منتقلی کھیتی کو....................نام سے جانا جاتا ہے۔

11۔ جنگل کی تباہی کسے کہتے ہیں؟

12۔ سائنسی جنگل بانی کسے کہتے ہیں؟

13۔ دیوسری کیا تھا؟

14۔ ''کلانگ'' کیوں اہم تھے؟

15۔ جنگلاتی گاؤں کسے کہتے تھے؟

## 3/5نمبر والے سوالات

1۔ نوآبادیات کے دور میں کھیتی کے تیزی سے پھیلنے کے کیا اسباب تھے؟

2۔ انگلینڈ میں بلوط (آک) کے جنگل معدوم ہونے کے کیا اثرات ہوئے؟

3۔ 1850 کی دہائی سے ریلوے کے پھیلاؤ نے ہندوستانی جنگلات سے متوقع کن نئی مانگوں کو پیدا کیا اور انہیں کیسے پورا کیا گیا؟

4۔ جنگلاتی مصنوعات کے مختلف استعمال بتائیے۔

5۔ منتقلی کھیتی کو سمجھائیے۔

6۔ بستر کے لوگوں نے بغاوت کیوں کی؟

7۔ اگرچہ انگریزوں نے بستر کی بغاوت کو کچل دیا، پھر بھی اسے باغیوں کی اہم فتح مانا جاتا ہے؟

8۔ جنگلاتی ایکٹ سے گاؤں والوں کی مشکلیں کیسے بڑھ گئیں؟

9۔ جنگوں سے جنگل کیوں متاثر ہوئے؟

10۔ بستر اور جاوا کے نوآبادیاتی جنگلاتی نظام میں کیا یکسانیتیں تھیں؟

## ماخذ پر مبنی سوالات

11۔ دیے گئے ماخذ کو بغور پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

''ہندوستان میں جنگلاتی پیداوار کا بیوپار کوئی انوکھی بات نہیں تھی۔ عہد وسطیٰ سے ہی قبائلی لوگوں کے ذریعے بنجارے جیسے خانہ بدوش فرقوں کی مدد سے ہاتھیوں اور دیگر سامان جیسے کھال، سینگ، ریشم کے کوے، ہاتھی دانت، بانس، مصالحے، ریشے، گھاس، گوند اور رال کے بیوپار کے ثبوت ملتے ہیں۔

لیکن انگریزوں کے آنے لے بعد بیوپاری پوری طرح حکومت کے کنٹرول میں چلا گیا۔ برطانوی حکومت نے کئی بڑی

یوروپی بیوپاری کمپنیوں کو مخصوص علاقوں میں جنگلی پیداوار کی تجارت کی اجارہ داری سونپ دی۔ مقامی لوگوں کے ذریعے شکار کرنے، مویشیوں کو چرانے پر پابندیاں لگادی گئیں۔ اس عمل میں مدراس پریسیڈنسی کے کوراوا، کراچا اور یروکلا جیسے کئی چرواہے اور خانہ بدوش قبائل اپنی آمدنی کے ذرائع سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ان میں سے کچھ کو ''مجرم قبائل'' کہا جانے لگا اور یہ حکومت کی نگرانی میں فیکٹریوں، کانوں اور باغانوں میں کام کرنے کے لیے مجبور ہو گئے۔

(i) مندرجہ ذیل میں سے کون سا طبقہ ہندوستان میں جنگلاتی پیداوار کے بیوپار سے متعلق ہے۔

(a) کوروا (b) کراچا

(c) یروکلا (d) بنجارہ

(ii) خالی جگہ کو پُر کیجیے:

ان میں سے کچھ جنگلی قبائل کو................کہا جانے لگا۔

(iii) کون سے جنگلی قبائل اپنی آمدنی کے ذرائع سے ہاتھ دھو بیٹھے؟

(iv) بیوپار سے متعلق کن ہی دو جنگلی پیداواروں کی مثالیں پیش کریں۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (a) ڈاٹرچ برانڈس

2۔ (c) 1864

3۔ (b) دہرہ دون

4۔ (a) جارج یولے

5۔ (b) 1878

6۔ اندراوتی

7۔ گنڈادھر

8۔ ڈچوں

9۔ 1906

10۔ چینا

11۔ جنگلوں کو بڑے پیمانے پر برباد کرنا جنگلوں کی تباہی کہلاتا ہے۔

12۔ جنگل لگانے کا ایک ایسا طریقہ جس میں قدرتی جنگلات کو صاف کر کے اس کی جگہ پر قطار بند طریقوں سے کسی ایک قسم کے پیڑ لگائے جاتے ہیں۔

13۔ بستر کے علاقے میں ایک گاؤں کے ذریعہ دوسرے گاؤں کے جنگل سے لی گئی اشیا کے بدلے دیا جانے والا ٹیکس۔

14۔ کیوں کہ وہ ماہر لکڑہارے تھے جو ساگوان کی کٹائی میں ماہر تھے۔

15۔ ریز رو جنگلات میں کچھ گاؤوں کو اس شرط پر رہنے دیا گیا کہ وہ محکمۂ جنگلات کے لئے درختوں کی کٹائی اور ڈھلائی کا کام مفت کریں گے اور جنگل کو آگ سے بچائیں گے۔ ایسے گاؤں کو جنگلاتی گاؤں (ون گرام) کہا جاتا تھا۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) انگریزوں نے نقدی فصلوں کی پیداوار کو فروغ دیا

(ii) بڑھتی شہری آبادی کا پیٹ بھرنے کے لیے

(iii) صنعتی پیداوار کے لیے کچے مال کی ضرورت

2۔ انگلینڈ میں بلوط کے جنگل معدوم ہونے کے مختلف اثرات پڑے

(i) بلوط کی لکڑی میں کمی کی وجہ سے شاہی فوج کے سامنے لکڑی کی فراہمی کا مسئلہ آ کھڑا ہوا۔

(ii) مضبوط اور لگاتار لکڑی کی فراہمی کی وجہ سے انگلینڈ میں جہازوں کے بنانے میں مشکلات آنے لگیں۔

(iii) ہندوستان میں بڑے پیمانے پر لکڑی برآمد ہونے لگی۔ اس کے لیے ہندوستانی جنگلات کی کٹائی ہونے لگی۔

3۔ (i) یہ ریل لائنیں شاہی فوج کے آنے جانے اور نوآبادیاتی تجارت کے لیے نہایت ضروری تھا۔

(ii) انجنوں کو چلانے کے لیے ایندھن کے روپ میں لکڑی کی ضرورت پڑتی تھی۔

(iii) ریلوے لائنوں کو جوڑنے کے لیے لکڑی کے سلیپرس بھی درکار تھے۔

4۔ (i) جنگلاتی پیداوار کے استعمال:
پھل اور قند...........تغذئی خوردنی اشیا کے لیے

(ii) جڑی بوٹیوں، دواؤں کے لیے

(iii) لکڑی کا ہل اور اوزار کے لیے

(iv) بانس کی باڑیں، چھتریاں اور ٹوکریا بنانے کے لیے

(v) بیلوں کی رسی بنائی جاتی ہیں

(5) (i) جنگل میں کچھ حصوں کو کاٹنا اور جلانا

(ii) مانسون کی پہلی بارش کے بعد جلی راکھ میں بیج بونا

(iii) اکتوبر......نومبر میں فصل کاٹنا

(iv) اس کھیت پر ایک......دو سال کھیتی کرنا

(v) اس کے بعد اسے 12 سے 18 سال تک کے لیے چھوڑ دینا

(6) (i) جنگلات سے لکڑی نہ ملنا

(ii) جنگلاتی مصنوعات سے محروم ہونا

(iii) جنگلاتی حصوں میں جھوم کھیتی سے محروم ہو گئے

(iv) انگریزوں کے ذریعے لگائے گئے (ٹیکس) لگان اور بیگار میں نوکری سے تنگ آ گئے تھے۔

(7) (i) جنگلات کے ریزرو کا کام فوری حکم سے روک دیا گیا اور ریزرو کیے جانے والے علاقے بھی کم کر دیے گئے۔

(ii) انگریزوں کے ذریعے دو تہائی جنگلوں کو ریزرو کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور جھوم کھیتی، شکار اور جنگلاتی مصنوعات کے ذخیرہ پر روک کو عارضی طور پر مسترد کر دیا گیا۔

(iii) ریزرو جنگلاتی علاقے کو 1910 سے پہلے کے پلان کا بھی آدھا کر دیا گیا۔

(iv) یہ بستر کے لوگوں کی اخلاقی فتح تھی۔

(8) (i) روزمرّہ کے کام کاج غیر قانونی بن گئے

(ii) بکری چرانے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں بچا

(iii) پکڑے جانے پر محافظوں کا رحم اور رشوت

(iv) لکڑی اکھٹی کرنے والے خاص طور پر پریشان

(9) (i) جنگلاتی محکموں سے جنگی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے پیڑوں کی کٹائی کی۔

(ii) ''بھسم کر بھاگو پالیسی'' کے تحت ساگون کے لٹھوں کے ڈھیر جلا دیے۔

(iii) جاپانیوں نے جنگی صنعت کے لیے جنگل کٹوائے۔

(iv) گاؤں والوں نے اس موقع کا فائدہ اٹھایا

(v) جنگلوں میں کھیتی کو فروغ دیا

10۔ (i) دونوں جگہوں پر جنگلاتی ایکٹ کے ذریعہ جنگلات پر کنٹرول قائم کیا گیا۔

(ii) دونوں جگہوں پر سائنسی کھیتی کی شروعات کی گئی۔

(iii) انگریزوں کی طرح ڈچ بھی جہازوں کے لئے لکڑی حاصل کرنا چاہتے تھے۔

## ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

(i) (d) بنجارہ

(ii) مجرم قبائل

(iii) کوروا، کراچا اور یروکلا

(iv) ہاتھی دانت، بانس، مصالحے (کوئی اور بھی)

# باب۔ 5

# جدید دنیا میں چرواہے

## یاد رکھنے لائق نکات:

- وہ لوگ جو زندگی کی تلاش میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک گھومتے رہتے ہیں وہ خانہ بدوش کہلاتے ہیں۔
- وہ لوگ جو مویشی کو پال کر اپنی روزی روٹی کماتے ہیں وہ چرواہے کہلاتے ہیں۔
- وہ لوگ جو اپنے مویشیوں کے ساتھ چارے کی تلاش میں ایک مقام پر گھومتے رہتے ہیں انھیں خانہ بدوش چرواہے کہتے ہیں۔ وہ جس گروپ میں گھومتے ہیں انھیں قافلہ کہتے ہیں۔
- گڑھوال اور کماہوں کے علاقے میں پہاڑوں کے نچلے علاقوں کے آس پاس پائے جانے والے سوکھے جنگل کے علاقے کو ''بھابھر'' کہا جاتا ہے۔
- اونچے پہاڑوں میں واقع گھاس کے میدانوں کو ''بگیال'' کہا جاتا ہے۔
- وہ فصل جو موسم برسات کی شروعات میں بوئی جاتی ہے اور موسم سرما کی ابتدا میں کاٹ لی جاتی ہے خریف کی فصل کہلاتی ہے جیسے چاول وغیرہ۔
- وہ فصل جو سردی کی ابتدا میں بوئی جاتی ہے اور موسم گرما کی ابتدا میں کاٹ لی جاتی ہے ''ربیع کی فصل'' کہلاتی ہے جیسے گیہوں، دلہن وغیرہ
- ہندوستان اور دنیا میں پائے جانے والے خانہ بدوش چرواہے

| نمبر شمار | چرواہا فرقے کا نام | علاقہ |
|---|---|---|
| 1۔ | گجرّ بکروال | جموں وکشمیر |
| 2۔ | گدّی | ہماچل پردیش |
| 3۔ | بھوٹیا | اتراکھنڈ |
| 4۔ | رائیکس | راجستھان، |
| 5۔ | بنجارا | راجستھان، مدھیہ پردیش |
| 6۔ | ملدھاری | گجرات |
| 7۔ | کروما، کروبا، گولا | کرناٹک، آندھراپردیش، تلنگانہ |
| 8۔ | ڈھنگر | مہاراشٹر |
| 9۔ | مومپا | اروناچل پردیش |

**دنیا کے مختلف حصوں میں پائے جانے والے خانہ بدوش چرواھے**

| نمبر شمار | چرواھا فرقے کا نام | علاقہ |
|---|---|---|
| 1۔ | ماسائی | کینیا،تنزانیہ |
| 2۔ | بدو | شمالی افریقہ |
| 3۔ | بربیل | شمالی مغربی افریقہ |
| 4۔ | تکرانا | یوگانڈا |
| 5۔ | بوران | کینیا |
| 6۔ | مورس | موری ٹائینا |
| 7۔ | سومالی | سومالیہ |
| 8۔ | ناما،جولو | جنوبی افریقہ |
| 9۔ | بیجا | مصر،سوڈان |

| خانہ بدوش چرواہوں کے گھومنے کی وجوہات | افادیت | تجارت کی اشیا |
|---|---|---|
| 1۔ سال بھر کھیتی کر پانے کی زمین کی کمی<br>2۔ مویشیوں کے لیے چارے اور پانی کی تلاش<br>3۔ سخت موسم سے خود کو اوراپنے مویشیوں کو بچانے کے لیے<br>4۔ اپنی پیداوار کو بیچنے کے لیے | 1۔ قدرتی نباتات کو دوبارہ پنپنے کے لیے معقول وقت<br>2۔ قدرتی کھاد کی فراہمی اس جگہ جہاں جارہے ہیں<br>3۔ مویشیوں اور دیگر جانوروں سے حاصل شدہ اشیا کی منتقلی<br>4۔ وہ مختلف طبقوں کے بیچ آپسی سمجھ اور بقائے باہمی کے جذبے کو فروغ | گوشت، دودھ، اون، جانوروں کی کھالیں اور دیگر اشیاء |

نوآبادیاتی دور میں خانہ بدوش چرواہوں کی زندگی میں آئی تبدیلیاں اوران کے اثرات

| نمبر شمار | تبدیلیاں | اثرات |
|---|---|---|
| 1۔ | لگان بڑھانے کے لیے چراگاہوں کو کھیتی کی زمین میں بدلنا | مویشیوں کی تعداد کم ہوتی چلی گئی۔ بیوپار اور آمدنی کا کم ہوجانا |
| 2۔ | جنگلاتی قوانین کی وجہ سے جنگلوں کی زمرہ بندی | آزادانہ نقل وحرکت پر روک اوراجازت نامہ کے بغیر آنے جانے پر جرمانہ لگانے کا نظام |
| 3۔ | 1871 میں ''مجرم قبائل'' قانون کو نافذ کیا گیا۔ بہت سے چرواہا قبیلوں کو مجرم قبائل قرار دیا گیا۔ | انھیں مجرم قرار دے دیا گیا اور مخصوص علاقے میں ہی انھیں رہنے کا حکم دیا گیا۔ مقامی پولیس کے ذریعے ان پر سخت نگرانی رکھی گئی اور نقل وحمل کے لیے انھیں پرمٹ دیا جانے لگا۔ |
| 4۔ | آمدنی بڑھانے کے لیے زمین، نہر، نمک، تجارت یہاں تک کہ جانوروں پر بھی ٹیکس لگادیا گیا۔ | ہر گروپ کو مویشیوں کی تعداد کی بنیاد پر پاس جاری کیے گئے جو انھیں چراگاہوں میں داخلے سے پہلے دکھانا پڑتا تھا۔ اس طرح اس ٹیکس کے نظام میں ان کی زندگی اور دشوار ہوگئی۔ |

- نوآبادیاتی حکومت کا چرواہوں کی زندگی پر اثرات

↓

چراگاہوں کا علاقہ سکڑتا گیا

↓

مویشیوں کو محدود علاقوں میں چرانا

↓

چراگاہوں کی کوالٹی کا گرنا

↓

مویشیوں کی تعداد میں کمی کا آنا

↓

کمزور اور بھوکے جانور بڑی تعداد میں مرنے لگے




- افریقہ میں مسائی لوگوں کے علاقے کا تقریباً %60 حصہ نوآبادیاتی طاقتوں نے چھین لیا۔
- انھیں یوروپین بستیوں میں جانے سے روک دیا گیا۔
- انھیں ایسے سوکھے علاقوں میں قید کر دیا گیا جہاں نہ اچھی بارش تھی اور نہ ہی ہری بھری چراگاہیں تھیں۔
- بہت ساری چراگاہوں کو شکارگاہ بنا دیا گیا۔ جیسے کینیا میں مسائی مارا اور سامبھورو نیشنل پارک اور تنزانیہ سیرنگیتی پارک
- 1885 میں مسائی زمین کو ایک بین الاقوامی سرحد کے ذریعے دو حصوں برطانوی کینیا اور جرمن ٹونگونیکا میں بانٹ دیا گیا۔
- 1919 میں پہلی جنگ عظیم میں جرمنی کی ہار کے بعد جرمن ٹونگونیکا بھی برطانیہ کے قبضہ میں آ گیا۔
- 1961 میں اسے آزادی حاصل ہوئی اور زنجیبار کے ساتھ مل کر 1964 میں اسے تنزانیہ نام دیا گیا۔
- انگریزوں نے ان حملوں اور لڑائیوں پر پابندی لگا دی۔
- مسائی سماج میں دو طبقے تھے

بزرگ (Elders)

کام

i) نظام چلانا

ii) سماج سے جڑے معاملوں پر غور و خوض کرنا

iii) آپسی تنازعات کو حل کرنا

لڑاکے (Warrior)

کام

i) زیادہ تر نوجوان

ii) قبیلے کا تحفظ اور جنگ

iii) دوسرے قبیلوں سے جانور چھین کر لانا جو دولت سمجھی جاتی تھی

- مسائی ذیلی گروپوں کے کھیا طے کر دیے گئے جو قبیلوں کے معاملے کے لیے ذمے دار تھے۔ ان پابندیوں کی وجہ سے نو آبادیاتی حکومت کی وجہ سے مسائیوں کے سماج میں دو سطحوں پر تبدیلیاں آئیں۔

(i) بزرگ اور لڑاکوں کے بیچ عمر کی بنیاد پر روایتی فرق پوری طرح سے ختم ہو گیا۔

(ii) امیر اور غریب چرواہوں کے بیچ نیا فرق پیدا ہو گیا۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ راٹکس طبقے کے لوگ کہاں رہتے تھے؟

(a) مہاراشٹر (b) راجستھان

(c) گجرات (d) ہماچل پردیش

2۔ مغربی راجستھان کی کس جگہ اونٹ میلہ لگتا ہے؟

(a) پشکر (b) بھرت پور

(c) کوٹا (d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ان میں سے کون سی ربیع کی فصل ہے؟

(a) چاول (b) گیہوں

(c) گنا (d) مکا

4۔ اونچے پہاڑوں پر واقع گھاس کے میدانوں کو کیا کہتے ہیں؟

(a) بھابھر (b) مسائی لینڈ

(c) بگھیال (d) کھادر

5۔ کینیا کی ایک خانہ بدوش چرواہا گروپ............ہے۔

(a) مسائی (b) صومالی

(c) جولو (d) بدو

6۔ ربیع کی فصل............موسم سے پہلے کاٹی جاتی ہے۔

7۔ گوجر بکروال............................ریاست میں رہتے ہیں۔

8۔ خانہ بدوش چرواہے ایک جگہ سے دوسری جگہ کیوں جاتے ہیں؟ کوئی ایک وجہ لکھیے۔

9۔ مسائی سماج میں دو گروپ تھے ایک بزرگ اور........................

10۔ مجرم قبائل قانون سن................میں پاس کیا گیا۔

11۔ خانہ بدوش چرواہے کسے کہتے ہیں؟

12۔ گدی برادری کے لوگوں کے ذریعے تجارت کے لیے جن اشیا کو لیا جاتا تھا ان میں سے کوئی دو چیزوں کے نام لکھیے۔

13۔ بھابھر کیا ہے؟

14۔ مسائی لوگوں کو گورے لوگوں کے بازاروں میں داخلے کی منظوری کیوں نہیں تھی؟

15۔ نوآبادیاتی حکومت نے خانہ بدوش قبائل کو مجرم قبائل کے طور پر کیوں زمرہ بند کیا تھا؟

16۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): چارے کی کمی اور سوکھے سے کمزور اور بھوکے مویشی بڑی تعداد میں مرنے لگے۔

وجہ (R): چرواہوں کی آمد و رفت پر لگی بندشوں اور چراگاہوں کے بے تحاشہ استعمال سے چراگاہوں کی کوالٹی گرنے لگی۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (b) راجستھان

2۔ (a) پُشکر

3۔ (b) گیہوں

4۔ (c) بگھیّال

5۔ (a) مسائی

6۔ گرمی

7۔ جمّوں وکشمیر

8۔ مویشیوں کے چارے کی تلاش میں

9۔ لڑاکے

10۔ 1871

11۔ ایسے خانہ بدوش جو مویشیوں کے ساتھ روزگار کی تلاش میں ایک جگہ سے دوسری جگہ گھومتے رہتے ہیں خانہ بدوش چرواہے کہلاتے ہیں۔

12۔ اون اور دودھ سے بنی اشیا

13۔ گڑھوال اور کماؤں کے علاقے میں پہاڑیوں کے نشیبی علاقے کے آس پاس پایا جانے والا سوکھے جنگل کا علاقہ۔

14۔ کیوں کہ یوروپی حکمراں انھیں سفّاک اور خطرناک مانتے تھے۔

15۔ شک کی نظر سے دیکھنا اور ان پر کنٹرول کی کوشش

16۔ (a)

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ کونکنی علاقے میں ڈھنگر فرقے کے لوگوں کی آمدورفت سے وہاں کی زرعی زمین کو کس طرح فائدہ پہنچتا تھا؟

2۔ کینیا اور تنزانیہ کے چراگاہوں میں نوآبادیاتی حکومت کے ذریعے تیار کیے گئے دو شکارگاہوں کے نام بتایئے۔اس سے ماسائی چرواہوں کی زندگی کس طرح متاثر ہوئی؟

3۔ تفصیل سے بتائیے کہ 'کروما اور کروبا' فرقے کے لوگوں کی آمدورفت کس طرح ان کے مویشیوں کی ضرورتوں سے متاثر تھی؟

4۔ خانہ بدوش فرقہ اپنی جگہ کیوں بدلتے رہتے تھے؟ وجہ بتائیے۔

5۔ جنگلاتی قانون کا چرواہوں کی زندگی پر کیا اثر پڑا؟

6۔ انگریز سرکار چراگاہوں کو زرعی زمین میں کیوں بدل دینا چاہتے تھے؟

## ماخذ پر مبنی سوالات

7۔ ''راجستھان کے ریگستان میں رائکا طبقے کے لوگ رہتے تھے۔ اس علاقے میں بارش کا کوئی بھروسہ نہیں تھا۔ ہوتی بھی تھی تو بہت کم۔ اس لیے کھیتی کی پیداوار ہر سال گھٹتی بڑھتی رہتی تھی۔ بہت سے علاقوں میں تو دور دور تک کوئی فصل نہیں ہوتی تھی۔ اس کے چلتے رائکا کھیتی کے ساتھ چرواہ گری بھی ہوتی رہتی تھی۔ برسات میں تو باڑمیر، جیسلمیر، جودھپور اور بیکانیر کے رائکا اپنے گاؤں میں ہی رہتے تھے کیوں کہ اس دوران وہیں چارہ مل جاتا تھا۔ لیکن اکتوبر آتے آتے یہ چراگاہیں سوکھنے لگتی تھیں۔ نتیجتاً یہ لوگ نئی چراگاہوں کی تلاش میں دوسرے علاقوں کی طرف نکل جاتے تھے اور اگلی برسات میں ہی واپس لوٹتے تھے۔

(i) رائکا طبقہ کے لوگ کس ریاست میں رہتے تھے؟

(ii) قول کو صحیح کر کے لکھیے۔

''رائکا طبقہ کی کھیتی کی پیداوار ہر سال طے رہتے تھی۔''

(iii) برسات میں رائکا طبقہ کے لوگ گاؤں میں کیوں رہتے تھے؟

(iv) رائکا طبقہ کے لوگ کھیتی کے ساتھ چرواہ گری کیسے کرتے تھے؟

(a) وہ اپنے گاؤں میں رہ کر برسات کا انتظار کرتے تھے

(b) سوکھے موسم میں چرواہی کرتے تھے اور برسات میں کھیتی

(c) انھوں نے کھیتی کرنی بند کردی تھی

(d) مندرجہ بالا سبھی

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) ڈھنگرا کتوبر۔نومبر میں چارے کی کمی کی وجہ سے مہاراشٹر کے وسطی پٹھاروں سے چل پڑتے تھے۔

(ii) وہ کونکن میں جا کر ڈیرا ڈال لیا کرتے ہیں۔اچھی بارش اور زرخیز مٹی کی بدولت اس علاقے میں خوب کھیتی ہوتی ہے

(iii) کونکنی کسان ان چرواہوں کا دل کھول کر استقبال کرتے ہیں۔کونکن کے کسانوں کو ربیع کی فصل کے لیے اپنے کھیتوں کو دوبارہ زرخیز بنانا ہوتا ہے۔

(iv) ڈھنگروں کے مویشی کھیتوں میں بچی رہ گئی ٹھنٹھوں کو کھاتے ہیں اور ان کے گوبر سے کھیتوں کو کھاد مل جاتی ہے۔

(v) مانسون کی بارش شروع ہوتے ہی ڈھنگر کونکن اور ساحلی علاقے چھوڑ کر سوکھے پٹھاروں کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔کیوں کہ بھیڑیں گیلے مانسونی حالات کو برداشت نہیں کر پاتیں۔

2۔ مسائی مارا اور تنگو نیکا

(i) اچھے چارہ کی زمین مسائی لوگوں سے چھین لی گئی۔

(ii) جانوروں کو چرانے کے لیے خراب چارے والی زمین رہ گئی جس کی وجہ سے انھیں مویشیوں کی تعداد کم کرنی پڑی۔

3۔ (i) کروما اور کروبا فرقے کے لوگوں کی آمد ورفت مویشیوں کی ضرورتوں سے متاثر تھی۔

(ii) یہ لوگ برسات اور سوکھے موسم کے حساب سے اپنی جگہ بدلتے رہتے تھے۔

(iii) سوکھے مہینے میں وہ لوگ ساحلی علاقوں کی طرف چلے جاتے تھے اور برسات شروع ہونے پر واپس چل دیتے تھے

(iv) مانسون کے دنوں میں ساحلی علاقوں میں زمین دلدلی ہو جاتی ہے جو بھینسوں کو راس آتی تھی۔

(v) دیگر مویشیوں کو سوکھے پٹھاری علاقوں میں لے جایا جاتا تھا۔

4۔ (i) اچھے چراگاہ کی کھوج

(ii) موسم کے بدلنے کی بنا پر

(iii) پانی کی تلاش

(iv) تغذئی پھل، سبزیوں کی تلاش

(v) مصنوعات کو بیچنے کے لیے

5۔ (i) جنگلوں میں مویشیوں کو چرانے پر روک

(ii) جنگلوں میں آنے جانے کا وقت طے کر دیا گیا

(iii) جنگلوں میں جانے کا پرمٹ لینا پڑتا تھا

(iv) ایندھن کی لکڑی نہیں لے پاتے تھے

(v) اصولوں کو نہ ماننے پر بھاری جرمانہ

6۔ (i) سرکار کا ماننا تھا کہ اس سے لگان لگا کر آمدنی بڑھے گی

(ii) ایسا سوچنا کہ جنگل بے کار ہوتے ہیں جب کہ کھیتی باڑی فائدہ مند ہوتی ہے۔

(iii) چرواہوں کو جنگلات سے دور کرنا

(iv) ایسے جنگلات جہاں ٹیک، سال، ساگوان و شیشم کے پیڑ تھے ان سے لکڑی کا ملنا۔

(v) اس سے جوٹ (پٹ سن) کپاس، گیہوں وغیرہ کی پیداوار میں اضافہ ہو جاتا تھا جن کی انگلینڈ میں بہت مانگ تھی۔

7۔ (i) راجستھان

(ii) رائکا طبقہ کی کھیتی کی پیداوار ہر سال گھٹتی بڑھتی رہتی تھی۔

(iii) کیوں کہ اس دوران وہیں چارہ مل جاتا تھا۔

(iv) (b) سوکھے موسم میں چرواہی کرتے تھے اور برسات میں کھیتی



Gujjars
PAKISTAN
Gaddis
Bhotiyas
Gujjars
NEPAL
BHUTAN
Monpas
Raikas
Banjaras
BANGLADESH
RANN OF KACHCHH
Maldharis
Banjaras
ARABIAN SEA
Dhangars
BAY
OF
BENGAL
Kurumas
Kurubas
Gollas
ANDAMAN AND NICOBAR ISLANDS
LAKSHADWEEP
SKETCH MAP
NOT TO SCALE
SRI LANKA




**شکل.13 - افریقہ میں چراگاہی کمیونیٹیاں**

نقشے میں دیے گئے قبائل کے نام کینیا اور تنزانیہ میں ماسائی باشندوں کے وقوع کو دکھاتے ہیں۔

# جغرافیہ

# باب۔ ایک

# ہندوستان۔ سائز اور محلِ وقوع

## یاد رکھنے لائق نکات:

### ہندوستان ایک نظر میں:

- ہندوستان شمالی نصف کرہ میں واقع ہے۔
- آبادی — 121 کروڑ (2011 کی مردم شماری)
- رقبہ — 32.8 لاکھ مربع کلومیٹر
- ریاستوں کی تعداد — 28
- مرکزی علاقہ — 09
- دنیا کے رقبہ کا ہندوستان کے پاس رقبہ — 2.4%
- دنیا کی آبادی کے مطابق ہندوستان کی آبادی کا فیصد — 17.5
- آبادی کے مطابق دنیا میں ہندوستان کا مقام — دوسرا
- رقبہ کے مطابق دنیا میں ہندوستان کا مقام — ساتواں
- ہندوستان کی زمینی سرحد کی لمبائی — 15200 کلومیٹر
- ہندوستان کی سمندری سرحد کی لمبائی — 7516.6 کلومیٹر
- ہندوستان کا معیاری وقت والا خط — '82°30 مشرقی طول البلد

- ہندوستان کی عرض البلادی وسعت '8°4 شمال سے '37°6 شمالی عرض البلاد تک ہے۔

- ہندوستان طول البلادی وسعت '68°7 مشرق سے '97°25 مشرقی طول البلاد تک ہے۔

- ہندوستان کے پڑوسی ممالک

پاکستان اور افغانستان (شمال۔مغرب)

چین، نیپال اور بھوٹان (شمال)

میانمار اور بنگلہ دیش (مشرق)

سری لنکا اور مالدیپ (جزائر پر مبنی جنوبی ممالک)

ہندوستان اور سری لنکا آبنائے پاک اور خلیج منار کے ذریعے ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں۔

مالدیپ، لکش دیپ کے جنوب میں واقع ہے۔

- خطِ سرطان یا ($23\frac{1}{2}°$) '23°30 شمالی عرض البلد ملک کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

- ہندوستان میں رقبہ کی بنیاد پر سب سے بڑی ریاست راجستھان اور سب سے چھوٹی ریاست گوا ہے۔

- ہندوستان کی شمال سے جنوب تک لمبائی 3214 کلومیٹر ہے۔

- ہندوستان کی مشرق سے مغرب تک کی لمبائی 2933 کلومیٹر ہے۔

- خطِ سرطان، گجرات، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، تریپورہ اور میزورم ریاستوں سے ہوکر گزرتی ہے۔

- خلیج بنگال میں واقع انڈومان ونکوبار جزائر اور بحیرۂ عرب میں واقع لکش دیپ ہندوستان کا حصہ ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا عرض البلد ہندوستان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے؟

(a) °½23 شمالی عرض البلد یا خطِ سرطان (b) °½23 جنوبی عرض البلد یا خطِ جدّی

(c) °½66 شمالی عرض البلد (d) °½66 جنوبی عرض البلد

2۔ ہندوستان کا مشرق ترین طول البلد کون سا ہے؟

(a) '96°25 مشرق (b) '97°25 مشرق

(c) '90°75 مشرق (d) '93°50 مشرق

3۔ ہندوستان اور سری لنکا کو الگ کرنے والا سمندر..................ہے۔

4۔ کاواراتی جانے کے لیے............مرکزی علاقے میں ہم جائیں گے۔

5۔ ہندوستان کی عرض البلادی وسعت......................ہے

6۔ ہندوستان زمینی رقبہ..........................ہے۔

7۔ رقبہ کے لحاظ سے ہندوستان کا دنیا میں.................مقام ہے۔

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا خط ہندوستان کا معیاری وقت کا خط ہے۔

(a) °80½ مشرقی طول البلد (b) °82½ مشرقی طول البلد

(c) °80½ مغربی طول البلد d) °82½ مغربی طول البلد

9۔ دینا کے کل رقبہ کا کتنے فیصد حصہ ہندوستان کے پاس ہے؟

(a) 2.9 (b) 3.4

(c) 2.4 (d) 3.8

10۔ ہندوستان کی زمینی سرحد....................کلومیٹر ہے۔

11۔ بحرۂ عرب میں واقع جرائز کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(a) انڈمان جزائر (b) نکوبار جزائر

(c) لکشدیپ جزائر (d) ان میں سے کوئی نہیں

12۔ خلیج بنگال میں.............................جرائز واقع ہیں۔

13۔ ہندوستان کا خطِ معیاری وقت کس مقام سے ہو کر گزرتا ہے؟

14۔ بنگلہ دیش کی سرحد سے جڑی کسی ایک ریاست کا نام بتائیے۔

(a) گجرات (b) تامل ناڈو

(c) بہار (d) آسام

15۔ سویز نہر..................اور..................کے بیچ کی دوری 7000 کلومیٹر کم ہوگئی ہے۔

16۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ملک ہندوستان کا پڑوسی ملک ہے؟

(a) منگولیا (b) ملیشیا

(c) میانمار (d) یمن

17۔ ان میں سے کون سا صوبہ ہے جس کی نہ بین الاقوامی سرحد ہے اور نہ ہی سمندری سرحد۔

(a) مہاراشٹر (b) مدھیہ پردیش

(c) جموں کشمیر (d) کیرل

18۔ مندرجہ ذیل میں سے سب سے لمبی سمندری سرحد والا صوبہ ہے۔

(a) مغربی بنگال (b) کیرل

(c) گجرات (d) مہاراشٹر

19۔ ہندوستان کا کون سا صوبہ تین طرف سے بنگلہ دیش سے گھرا ہوا ہے؟

(a) آسام (b) تری پورہ

(c) مغربی بنگال (d) بہار

20۔ نیچے ایک قول (A) و راس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): گجرات سے ارونا چل پردیش کے وقت میں دو گھنٹے کا فرق ہے۔

وجہ (R): °82½ مشرقی طول البلد کو ہندوستان کا خط معیاری وقت مانا گیا ہے۔

(a) قول(A)اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول(A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول(A)اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ(R) قول(A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول(A) صحیح ہے مگر وجہ(R) غلط ہے۔

(d) قول(A) غلط ہے مگر وجہ(R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (a) °23½ شمالی عرض البلد یا خطِ سرطان

2۔ (b) '25°97 مشرقی طول البلد

3۔ آبنائے پاک

4۔ لکش دیپ

5۔ '4°8 شمالی عرض البلاد سے '6°37 شمالی عرض البلاد کے بیچ

6۔ 32.8 لاکھ مربع کلومیٹر

7۔ ساتواں

8۔ (b) °82½ مشرقی طول البلد

9۔ (c) 2.4 فیصد

10۔ 15200 کلومیٹر

11۔ (c) لکش دیپ جزائر

12۔ انڈومان اور نکّوبار جزائر

13۔ اترپردیش کے مرزاپور سے

14۔ (d) آسام

15۔ بحرروم اور بحرہ احمر

16۔ (c) میانمار

17۔ (b) مدھیہ پردیش

18۔ (c) گجرات

19۔ (b) تری پورا

20۔ (a) قول(A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ(R) قول(A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

## 4/5 نمبروالے سوالات

1۔ ان ممالک کے نام بتایئے جو رقبہ کے حساب سے ہندوستان سے بڑے ہیں؟

2۔ ہندوستان کے کن کن صوبوں سے خطِ استواء ہوکر گزرتی ہے نام بتایئے؟

3۔ ہندوستان کے ساحل کی لمبائی کتنی ہے؟ اس کے دو فائدے بیان کیجئے؟

4۔ اورناچل پردیش کے مشرق حصے اور گجرات کے مغربی حصے کے بیچ طلوعِ آفتاب میں دو گھنٹوں کا فرق کیوں ہے؟

5۔ ہندوستان کو معیاری وقت کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟

6۔ قدیم دور میں ہندوستان کے مختلف ممالک سے رابطے کی وجہ سے کن چیزوں کا تبادلہ ہوا ہے؟ واضح کیجئے؟

7۔ ہندوستان کے پڑوسی ممالک کے نام سمتوں کی بنیاد پر لکھئے؟

8۔ بحرِ ہند میں ہندوستان کی مرکزی حیثیت کا اسے کس طرح کا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟

## ماخذ پر مبنی سوالات

9۔ دیے گئے اقتباس کو پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

''ہندوستان کا وسط مشرق اور مشرقی ایشیا اور جنوبی ایشیا کے پڑوسی ممالک کے ساتھ ایک گہرا رشتہ رہا ہے۔ اس طرح

اپنشدوں کے افکار، رامائن اور پنچ تنتر کی کہانیاں، ہندوستانی ہندسے کا علم اور اعشاریہ کا نظام وغیرہ دنیا کے مختلف حصوں تک پہنچ سکے۔ مصالحے، ململ وغیرہ کپڑے اور تجارت کے دیگر سامان ہندوستان سے مختلف ممالک کو لے جائے جاتے تھے۔ اس کے برخلاف یونانی مجسمہ سازی اور مغربی ایشیا کی فن تعمیر کی علامتیں مینار یں اور گنبد کا اثر ہمارے ملک کے مختلف علاقوں میں دیکھا گیا ہے۔

(i) قدیم دور میں ہندوستان سے کن چیزوں کی تجارت دوسرے ممالک میں ہوتی تھی۔

(ii) .................اور.................کی کہانیاں ہندوستان سے مختلف ممالک میں پہنچیں۔

(iii) کس ملک کی مجسمہ سازی کا اثر ہمارے ملک میں دیکھا جا سکتا ہے۔

(iv) ریاضی کی کون سی باتیں ہندوستان سے دنیا کے دوسرے حصوں میں پہنچیں۔

## 4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) روس (ii) کناڈا (iii) ریاستہائے متحدہ امریکہ
(iv) چین (v) برازیل (vi) آسٹریلیا

2۔ خطِ سرطان، گجرات، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، تریپورہ اور میزورم سے ہو کر گزرتی ہے۔

3۔ ہندوستان کے ساحلوں کی لمبائی 7516.6 کلومیٹر ہے۔

(i) سب اہم بندرگاہوں کو قائم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ بندرگاہیں ہندوستان کے لئے بین الاقوامی تجارت کے دورازے ہیں۔

(ii) مچھلی سے متعلق صنعتوں کو ترقی دینے میں مددگار رہی ہیں۔ اس صنعت سے ہندوستان میں ہزاروں مچھیروں کو روزگار ملتا ہے۔

4۔ (i) ہندوستان کا مشرق طول البلد '25°97 مشرق ہے جب کہ مغربی حصہ کا طول البلد '7°68 مشرق ہے۔ اس طرح یہ وسعت 30° کے تقریباً برابر ہے۔

(ii) ایک ڈگری طول البلد کو پار کرنے میں سورج 4 منٹ کا وقت لیتا ہے۔

(iii) اس طرح 30° طول البلد کو پار کرنے میں 30×4 =120 منٹ یعنی دو گھنٹے ہوئے۔

5۔ (i) ہندوستان کے مشرقی اور مغربی کناروں کے بیچ 30° طول البلاد کا فرق ہے۔

(ii) طول البلد میں اس فرق کی وجہ سے تقریباً دو گھنٹوں کا فرق ہوتا ہے۔

(iii) پورے ملک کو منظّم رکھنے کے لئے ایک معیاری وقت کی ضرورت پڑتی ہے لہٰذا '30°82 مشرقی طول البلد کو ہندوستان کے لئے معیاری وقت مان لیا گیا ہے۔

6۔ ہندوستان سے مختلف ممالک میں جانے والی اشیا اور خیالات۔

(i) اپنشدوں کے خیالات، رامائن اور پنچ تنتر کی کہانیاں۔

(ii) ہندوستانی اعداد اور اشاریہ کا نظام۔

(iii) مصالحے، ململ وغیرہ۔

## مختلف ممالک سے ہندوستان میں آنے والی چیزیں

(i) یونانی فن تعمیر/مورتی سازی کا فن۔

(ii) مغربی ایشیا سے فن تعمیر کی علامتیں جیسے مینار اور گنبدوں کا طریقۂ تعمیر ہندوستان آئے۔

7۔ (i) شمال مغرب کی سمت میں ہندوستان کے پڑوسی ممالک: (i) پاکستان (ii) افغانستان

(ii) شمال کی سمت میں ہندوستان کے پڑوسی ممالک

(i) چین (ii) نیپال (iii) بھوٹان

(iii) مشرقی سمت میں ہندوستان کے پڑوسی ممالک

(i) میانمار (ii) بنگلہ دیش

(iv) جنوب میں ہندوستان کے پڑوسی (جزائر پر مبنی) ممالک۔

(i) سری لنکا (ii) مالدیپ

8۔ (i) بحر ہند میں کوئی بھی دیش ایسا نہیں ہے جس کی ساحلی سرحد اتنی لمبی ہو۔

(ii) سمندری راستے سے یوروپ، مغربی ایشیا، مشرقی ایشیا اور افریقہ کے ممالک تجارت کرنے کے لئے ہندوستان سے ہو کر گزرتے ہیں جس کا فائدہ ہندوستان کو ہوتا ہے۔

(iii) ان سبھی فائدوں کے جڑے ہونے کی وجہ سے ہندوستان کے نام پر ہی سمندر کا نام بحرِ ہند رکھا گیا ہے۔

## ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

9۔ (i) مصالحے، ململ وغیرہ کے کپڑے

(ii) رامائن اور پنچ تنتر کی کہانیاں ہندوستان سے مختلف ممالک میں پہنچیں۔

(iii) یونان کی

(iv) اعشاریہ اور ہندسے کا نظام


37°6'
68°7'
97°25'
8°4'
6°4'
82°30'
شمال
پاکستان
چین
(تبت)
نیپال
بھوٹان
بنگلہ دیش
میانمار
2933 کلومیٹر
3214 کلومیٹر
معیاری نصف النہار
بحر عرب
بنگال کی کھاڑی
لکشدیپ (ہندوستان)
انڈومان نکوبار (ہندوستان)
0 200 400 600 کلومیٹر
ہند
بحر

# باب۔ دو

# ہندوستان — طبعی خدوخال

## یاد رکھنے لائق نکات:

- ہمالیہ کو نیا بلدار پہاڑ کہا جاتا ہے۔
- ہمالیہ کی لمبائی 2400 کلومیٹر ہے جب کہ چوڑائی کشمیر میں 400 کلومیٹر اور اروناچل پردیش میں 150 کلومیٹر ہے۔
- طول البلادی وسعت کے مطابق ہمالیہ کو شمال سے جنوب کی طرف تین سلسلوں میں بانٹا جاتا ہے۔ (i) ہمادری ۔ (ii) ہماچل ۔ (iii) شوالک۔
- ہمالیہ کا مشرقی حصہ پروانچل: پٹ کائی بوم، ناگا، میزو اور منی پور کی پہاڑیوں سے مل کر بنا ہے۔
- طول البلادی وسعت کے مطابق ہمالیہ کو مغرب سے مغرب کی طرف چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

  (i) پنجاب ہمالیہ (ii) کماؤں ہمالیہ (iii) نیپال ہمالیہ (iv) آسام ہمالیہ
- شمال کے میدان کی تعمیر تین خاص ندیوں کے طاس سندھ، گنگا، برہمپتر اور ان کی معاون ندیوں کے ذریعے عمل میں آئی ہے۔
- شمال کے عظیم میدان کے وسعت 7 لاکھ مربع کلومیٹر میں ہے۔ یہ میدان 2400 کلومیٹر لمبا اور 240 سے 320 کلومیٹر چوڑا ہے۔
- جزیرہ نما ہند کے دو خاص حصے ہیں: (i) وسطی سطح مرتفع (ii) دکن کا پٹھار
- مغربی گھاٹ کی اونچائی مشرقی گھاٹ سے زیادہ ہے۔
- لونی ریگستان کی سب سے بڑی ندی ہے۔
- مغربی ساحلی میدان کے تین حصے ہیں — کونکن کے میدان، کنڑ کے میدان اور مالابار کے میدان
- مشرقی ساحلی میدان کے دو حصے ہیں — شمالی سیرکار اور کورومنڈل

- اشکال کی بنیاد پر شمالی میدان کو چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(i) بھابھر: ندیاں جب پہاڑوں سے نیچے اترتے وقت شوالک کی ڈھال پر 8 سے 16 کلومیٹر کی چوڑی پٹی میں ملبہ کا جماؤ ہے۔ اسے بھابھر کہتے ہیں۔ سبھی ندیاں اس مٹی میں غائب ہوجاتی ہیں۔

(ii) ترائی: یہ بھابھر کے جنوب میں واقع ہے۔ یہاں ندیاں دوبارہ نکل آتی ہیں اور نم و دلدلی علاقے کی تشکیل کرتی ہیں۔ یہ علاقہ ترائی کہلاتا ہے۔

(iii) بانگر: یہ شمالی میدان کا سب سے بڑا حصہ ہے اور پرانی سیلابی مٹی سے بنا ہے۔ یہ ندیوں کے سیلاب والے میدان کے اوپر واقع ہے اور سیڑھی نما شکل میں پائی جاتی ہے۔

(iv) کھادر: سیلاب والے میدانوں کے نئے بھراؤ کو کھادر کہتے ہیں۔ یہ کافی زرخیز ہوتا ہے۔

- اراولی پہاڑوں کے مغربی کناروں پر تھار کا ریگستان ہے۔
- یہ ریت کے ٹیلوں سے ڈھکا ہوا ہے۔
- اس علاقے میں 150 ملی میٹر سے بھی کم بارش ہوتی ہے۔
- اس علاقے میں خشک آب و ہوا ہے اور بہت کم نباتات پائی جاتی ہے۔
- اس علاقے میں برکھان بہت بڑے علاقے میں پائے جاتے ہیں۔
- ہندوستان میں جزائر دو حصوں میں ہے:

(i) لکش دیپ (ii) انڈومان ونکوبار

- لکش دیپ جزائر کا چھوٹا گروپ ہے جو مونگے سے بنا ہے۔
- یہ 32 مربع کلومیٹر میں پھیلا ہے اور کاواراتی جزیرہ اس کا انتظامی ہیڈ کوارٹر ہے۔ ان جزائر پر نباتات اور حیوانات کی بہت سی اقسام پائی جاتی ہیں۔
- انڈومان ونکوبار جزائر خلیج بنگال میں شمال سے جنوب کی جانب پھیلے ہیں۔
- یہ جزائر خاص طور پر دو حصوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ شمال میں انڈومان ونکوبار۔ ایسا مانا جاتا ہے کہ یہ جزائر زیر آب پہاڑوں کی چوٹیاں ہیں۔

- یہ جزائر خط استوا کے قریب ہیں اور یہاں کی آب و ہوا استوائی ہے اور گھنے جنگلوں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ہمالیہ کے روپ میں زمین کے اوپر اُٹھنے کی وجہ سے کس سمندر کا خاتمہ ہو؟

(a) ارال سمندر (b) بحیرۂ احمر

(c) تھیتھس سمندر (d) بحیرۂ عرب

2۔ ہندوستان میں ہمالیہ کی سب سے اونچی چوٹی.......................... ہے۔

3۔ .............،..................اور برہم پتر دریائی نظاموں سے شمال کے عظیم میدانوں کی تشکیل ہوئی ہے۔

4۔ پرانی اور نئی سیلابی مٹی کو..............اور...............کے ناموں سے جانا جاتا ہے۔

5۔ جزیرہ نما ہند کے پٹھار کو.........................اور.................میں بانٹا جاتا ہے۔

6۔ ہندوستان کے کون سے جزائر مونگے (corals) سے بنے ہیں؟

(a) لکش دیپ (b) انڈمان نکوبار

7۔ ایک زمینی خطہ جو تین طرف سے سمندر سے گھرا ہو..................کہلاتا ہے۔

(a) آبنائے (b) خلیج

(c) بحر (d) جزیرہ نما

8۔ ہندوستان کے مشرقی حصے میں میانمار کی سرحد کو طے کرنے والے پہاڑی سلسلہ کا مجموعی نام کیا ہے؟

(a) پروآنچل (b) قراقرم

(c) پیرپنجال (d) چھوٹا ناگپور

9۔ دوآب کیا ہے؟

(a) دو ندیوں کے بیچ کی زمین (b) دو پہاڑوں کے بیچ بہنے والی ندی

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ چلکا جھیل کس ریاست میں واقع ہے؟

(a) مہاراشٹر (b) اوڈیشہ

(c) گجرات (d) کیرل

11۔ 'برکھان' کیا ہیں؟

(a) ریگستانی علاقوں میں واقع چھوٹے تالاب

(b) ریگستانی علاقوں میں آدھے چاند کی شکل کے ریت کے تودے

(c) مندرجہ بالا دونوں

(d) ان میں سے کوئی نہیں

12۔ ہندوستان کے ریگستان کی سب سے بڑی ندی کون سی ہے؟

(a) چمبل (b) کوسی

(c) لونی (d) تنگ بھدرا

13۔ ہندوستان کا اکلوتا سرگرم واحد آتش فشاں کہاں واقع ہے؟

(a) لکش دیپ (b) مالوہ کا پٹھار

(c) بیرن جزیرہ–انڈمان نکوبار جزائر (d) کنچن چنگا

14۔ ہمالیہ سے اترتے ہوئے شوالک کی ڈھلان پر 8 سے 16 کلومیٹر کی چوڑی پٹی جہاں پانی کی دھارائیں غائب ہوجاتی ہیں اس پٹی کو...................کہتے ہیں۔

15۔ بھابھر کے جنوب میں ندیاں دوبارہ نکل آتی ہیں اور دلدلی علاقے کی تشکیل کرتی ہیں۔اس علاقے کو.......کہا جاتا ہے۔

16۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ان اقوال کو پڑھ کران کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): ندی کے نچلے حصوں میں ڈھال کم ہونے کی وجہ سے ندی کی رفتار کم ہوجاتی ہے۔

وجہ (R): یہ ندیاں اپنے نچلے حصوں میں گاد جمع ہوجانے کی وجہ سے بہت سی دھاروں میں تقسیم ہوجاتی ہیں۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (c) تھیتھس سمندر

2۔ کنچن چنگا

3۔ سندھ، گنگا

4۔ بانگر، کھادر

5۔ سطح مرتفع، دکن کا پٹھار

6۔ (a) لکش دیپ

7۔ (d) جزیرہ نما

8۔ (a) پروآنچل

9۔ (a) دوندیوں کے بیچ کی زمین۔

10۔ (b) اوڈیشہ

11۔ (b) ریگستانی علاقوں میں آدھے چاند کی شکل کے ریت کے تودے

12۔ (c) لونی

13۔ (c) بیرن جزیرہ—انڈومان ونیکوبار جزائر

14۔ بھابھر

15۔ ترائی

16۔ (a) قول(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ(R) قول(A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں ہمالیہ کی اونچی چوٹیوں کے نام بتایئے اور ان کی اونچائی بھی لکھیے۔

2۔ ہمادری کی تین خصوصیات کا ذکر کیجیے؟

3۔ ہماچل کی تین خصوصیات کا ذکر کیجیے؟

4۔ شوالیک کی تین خصوصیات کا ذکر کیجیے؟

5۔ ندیوں کی وادیوں کی حدود کی بنیاد پر ہمالیہ کی درجہ بندی کیجیے۔

6۔ شمالی میدان کو موٹے طور پر کتنے زمرّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

7۔ شمالی میدان کی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

8۔ جزیرہ نما ہند کی پٹھار کے خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

9۔ مغربی گھاٹ اور مشرقی گھاٹ کے بیچ فرق واضح کیجیے۔

10۔ ہندوستانی ریگستان کی خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

11۔ مغربی ساحلی میدان اور مشرقی ساحلی میدانوں کے بیچ فرق واضح کیجیے۔

12۔ ہندوستانی جزائر کی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

13۔ آج کے کون سے برّ اعظم گونڈوانا لینڈ کے حصے تھے؟

14۔ ہمالیہ ہندوستان کے لئے نعمت کیسے ہے؟ بتایئے۔

## ماخذ پر مبنی سوال

15۔ نیچے دیے ہوئے اقتباس کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''جزیرہ نما ہند کے پٹھار کی ایک خصوصیت یہاں پر پائی جانے والی کالی مٹی ہے جسے دکن ٹریپ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس کی اصل آتش فشاں سے ہوتی ہے۔ اس لیے اس کی چٹانیں آتشی ہیں۔ حقیقت میں ان چٹانوں کا وقت کے ساتھ ساتھ موسم کاری ہوتی ہے جس سے کالی مٹی کی تشکیل ہوتی ہے۔ اراولی کی پہاڑیاں جزیرے نما ہند کے پٹھار کے مغربی اور شمال مغربی کنارے پر واقع ہے۔ یہ بہت شکستہ پہاڑیاں ہیں۔ یہ گجرات سے لے کر دلی کے جنوب مغرب اور شمال مشرق کی سمت میں پھیلی ہیں۔

(a) کالی مٹی کے علاقے کو..................نام سے جانا جاتا ہے۔

(b) جزیرے نما ہند کی چٹانیں آتشی کیوں ہیں؟

(c) اراولی کی پہاڑیاں، جزیرہ نما ہند کے پٹھار کے کس کنارے پر واقع ہیں؟

(d) کالی مٹی کی تشکیل کس طرح ہوتی ہے؟

## 4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) کنچن چنگا 8598 میٹر
(ii) ننگا پربت 8126 میٹر
(iii) نندا دیوی 7817 میٹر
(iv) کامیٹ 7756 میٹر
(v) نامچابروا 7756 میٹر

2۔ (i) یہ سب سے زیادہ ٹھوس سلسلہ ہے جس میں 600 میٹر کی اوسط اونچائی والی چوٹیاں ہیں۔
(ii) اس میں ہمالیہ کی سبھی اہم چوٹیاں پائی جاتی ہیں۔
(iii) ہمالیہ کے اس حصے کا قلب گرینائٹ سے بنا ہوا ہے۔
(iv) یہ سلسلہ ہمیشہ برف سے ڈھکا رہتا ہے اور اس سے بہت سے گلشیئر کا بہاؤ ہوتا ہے۔
(v) اس حصے میں ہمالیہ کی خوبصورتی بہت زیادہ ہے۔

3۔ (i) ان سلسلوں کی تشکیل خاص طور پر متغیر چٹانوں سے ہوئی ہے
(ii) ان کی اونچائی 3700 میٹر ہے 4500 میٹر کے بیچ ہے اور چوڑائی 50 کلومیٹر ہے۔ پیر پنجال سلسلہ سب سے لمبا ہے اس کے علاوہ ڈھولا دھر اور مہابھارت سلسلے بھی اہم ہیں۔
(iii) کشمیر کی وادی اور ہماچل کی کانگڑا اور کلو کی وادیاں اسی میں واقع ہیں۔

4۔ (i) اس کی چوڑائی 10 سے 50 کلومیٹر اور اونچائی 900 سے 1100 میٹر کے بیچ ہے۔
(ii) یہ سلسلے شمال میں واقع ہمالیہ کے سلسلہ سے ندیوں کے ذریعے لائے گئے رسوبوں سے بنے ہیں
(iii) ذیلی ہمالیہ اور شوالک کے بیچ میں کھڑی وادیوں کو دون کے نام سے جانا جاتا ہے جیسے دہرہ دون، کوٹلی دون اور پاٹلی دون۔

5۔ (i) ستلج اور سندھ کے بیچ واقع ہمالیہ کو پنجاب ہمالیہ کہتے ہیں۔
(ii) ستلج اور کالی ندیوں کے بیچ ہمالیہ کو کوماؤ ہمالیہ کہتے ہیں۔

(iii) کالی اور تیستا ندیوں کے بیچ ہمالیہ کو نیپال ہمالیہ کہتے ہیں۔

(iv) تیستا اور دیہانگ ندیوں کے بیچ ہمالیہ کو آسام ہمالیہ کہتے ہیں۔

6۔ (i) سندھ اور اس کی معاون دریاؤں جھیلم، چناب، راوی، بیاس، اور ستلج کا میدان جو زیادہ دوآب کی تشکیل کرتے ہیں پنجاب کا میدان کہلاتا ہے۔اس کا زیادہ تر حصہ پاکستان میں واقع ہے۔

(ii) گنگا، گھاگھرا، تیستا ندیوں کے بیچ واقع میدان کو گنگا کے میدان کے نام سے جانا جاتا ہے۔اس علاقے میں ہندوستان کے صوبے ہریانہ، دلّی، اتر پردیش، بہار، جھارکھنڈ کے کچھ حصے اور مغربی بنگال شامل ہیں۔

(iii) برہمپتر کا علاقہ خاص طور پر آسام کا میدان کہلاتا ہے۔

7۔ (i) اس میدان کی تشکیل خاص طور پر ہمالیہ کی ندیوں اور جزیرہ نما کی ندیوں کے ذریعہ لائی ہوئی سیلابی مٹی کی وجہ سے ہوا ہے۔

(ii) اس کی وسعت 7 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔ یہ میدان تقریباً 2400 کلومیٹر لمبا اور 240 کلومیٹر سے 320 کلومیٹر تک چوڑا ہے۔

(iii) وافر مقدار میں پانی کی موجودگی اور موزوں آب و ہوا کی وجہ سے یہ میدان بہت زیادہ زرخیز ہے۔

(iv) یہ میدان ہندوستان کا سب سے زیادہ گنجان خطّہ ہے۔

(v) اس میدان کی ندیاں سمندر میں گرتے ہوئے ڈیلٹا بناتی ہیں۔ یہ علاقے بھی زرخیز ہوتے ہیں۔

8۔ (i) یہ قدیم ترین زمینی خطّہ گونڈوانہ زمین کا حصہ ہے جو ایک میز کی شکل والا علاقہ ہے جو آتشی، پرانی بلوری اور متغیر چٹانوں سے بنا ہے۔

(ii) اس کے دو حصے ہیں نرمدا کے جنوب میں ایک مثلث نما زمینی خطّہ ہے اسے دکن کا پٹھار کہتے ہیں جب کہ شمالی حصّے کو وسطی سطح مرتفع کہتے ہیں۔اس میں چھوٹا ناگپور کا پٹھار، بنڈیل کھنڈ کا پٹھار اور مالوہ کا پٹھار شامل ہیں۔

(iii) اس پٹھار کا ایک حصہ شمالی مشرق میں بھی دیکھا جا سکتا ہے اسے میگھالیہ اور کوربی اینگلونگ پٹھار بھی کہتے ہیں۔

(iv) جنوبی پٹھار کے مغربی اور مشرقی کناروں کو بالترتیب مغربی گھاٹ اور مشرقی گھاٹ کہا جاتا ہے۔

(v) جزیرے نما ہند کی ایک خصوصیت یہاں پائی جانے والی کالی مٹی ہے جس کو دکن ٹریپ کہتے ہیں۔

9۔

| مغربی گھاٹ | | مشرقی گھاٹ | |
|---|---|---|---|
| 1) | مغربی گھاٹ مغربی ساحل کے متوازی سلسلہ ہے جسے صرف درّوں سے ہی پار کیا جا سکتا ہے۔ | 1) | مشرقی گھاٹ ، مشرقی ساحل سے متصل غیرمتوازی سلسلہ سے جسے خلیج بنگال میں گرنے والی ندیوں نے کاٹ دیا ہے۔ |
| 2) | مغربی گھاٹ کی اونچائی 900 سے 1600 میٹر ہے مغربی گھاٹ کی اونچائی شمال سے جنوب کی جانب بڑھتی جاتی ہے۔ | 2) | مشرقی گھاٹ کے اونچائی 600 میٹر اوسطاً ہے۔ |
| 3) | انائی مودی اس کی سب سے اونچی چوٹی ہے۔ | 3) | مہندرگری اس کی سب سے اونچی چوٹی ہے۔ |

10۔ (i) اس علاقے میں 150 ملی میٹر سے کم بارش ہوتی ہے۔

(ii) اس علاقے میں نباتات بہت کم ہے۔

(iii) اس علاقے کی ندیاں کم پانی ہونے کی وجہ سے سمندر تک نہیں پہنچ پائیں۔اور صرف برسات کے موسم میں ہی دکھائی دیتی ہیں۔

(iv) برکھان اس علاقے میں زیادہ ملتے ہیں۔اونچے اونچے ریت کے تودے ہندوستان۔پاکستان کی سرحد کے نزدیک جیسلمیر میں دکھائی دیتے ہیں۔

(v) لونی اس علاقے کی سب سے بڑی ندی ہے۔

11۔

| مغربی ساحلی میدان | | مشرقی ساحلی میدان | |
|---|---|---|---|
| 1) | مغربی گھاٹ اور بحیرۂ عرب کے بیچ یہ میدان واقع ہیں | 1) | مشرقی گھاٹ اور خلیج بنگال کے بیچ یہ میدان واقع ہیں۔ |
| 2) | مغربی ساحلی میدان کے تین حصے ہیں شمالی حصہ کو کونکن وسطی کو کنڑ اور جنوبی حصے کو مالا بار کہتے ہیں۔ | 2) | مشرقی ساحلی میدان کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے شمالی حصے کو سرسر اور جنوبی حصے کو کورومنڈل کے نام سے جانا جاتا ہے۔ |
| 3) | مغربی ساحلی میدان کم چوڑا ہے۔ | 3) | مشرقی ساحلی میدان وسیع ہے۔ |

12۔ (i) لکش دیپ

(a) یہ جزائر مونگے سے تشکیل شدہ ہیں اور بحیرۂ عرب میں واقع ہیں۔

(b) ان کا رقبہ کل 32 کلومیٹر ہے کاوا راتی اس کا انتظامی ہیڈ کوارٹر ہے۔

(c) ان جزائر میں نباتات اور حیوانات کی بہت سی اقسام پائی جاتی ہیں۔

(ii) انڈومان نکوبار جزائر

(a) یہ جزائر شمالی سے جنوب کی طرف پھیلے ہوئے ہیں اور دو حصوں میں منقسم ہیں۔ شمال میں انڈومان اور جنوب میں نکّوبار۔

(b) یہ جزائر زیرآب پہاڑی سلسلوں کا حصہ ہیں۔

(c) ان کی آب وہوا خطِ استوائی ہے۔ اس جزائری سلسلے میں نباتات اور حیوانات کی بہتات ہے۔ یہ جزائر دیس کی حفاظت کے نقطۂ نظر سے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ پورٹ بلیئر اس کا انتظامی مرکز ہے۔

13۔ جنوبی امریکہ، افریقہ، جزیرے نما ہندوستان آسٹریلیا، اور انٹارٹکا گونڈ وانا لینڈ کے حصہ تھے۔

14۔ (i) ہندوستان کو نا قابل تسخیر سرحد عطا کرتا ہے۔

(ii) مانسونی ہواؤں کو روک کر ہندوستان میں بارش کی وجہ بنتا ہے۔

(iii) سدابہار ندیوں کا لافانی ذریعہ ہے۔

(iv) قدرتی وسائل کا وافر ذخیرہ ہے۔

(v) خوبصورت وادیوں اور صحت افزا مسکن۔

15۔ (a) دکن ٹریپ

(b) کیوں کہ ان کی تشکیل آتش فشاں سے ہوئی ہے۔

(c) مغربی اور شمال مغربی کنارے پر

(d) آتشی چٹانوں کے ٹوٹنے پھوٹنے سے


پامیر ناٹ
ہندوکش
کن لن سلسلے
ہمالیہ
پاکستان
ہندوستان
کلومیٹر
0
200
400
600
شمال
نامچا بروا
7,756
68°
72°
76°
80°
84°
88°
92°
96°
36°
32°
28°


ہندوستان
طبعی خدوخال
شمال
چین
(تبت)
دریائے سانگپو
بحر عرب
بنگال کی کھاڑی
میانمار
بلندی میٹر میں
1200 سے اوپر
1200 - 600
600 - 300
300 - 0
پہاڑی سلسلے
جزائر انڈمان و نکوبار (ہند)
لکشادیپ (ہند)
महासागर
(2695)
(1501)
0 200 400 600

# باب۔ تین

# آبی نظام

## یاد رکھنے لائق نکات:

- ''آبی نظام' اصطلاح ایک علاقہ کے دریائی نظام کی وضاحت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
- ایک دریائی نظام کے ذریعے جس علاقے کا پانی رواں ہوتا ہے اسے آبی نظام کہتے ہیں۔
- دنیا کا سب سے بڑا آبی نظام آمیزن ندی کا ہے۔
- ہندوستان میں گنگا ندی کا طاس سب سے بڑا ہے۔
- فاصل آب ایک اونچا علاقہ ہے جسے پہاڑ یا پٹھار ہے جو دو قریبی آبی نظاموں کو ایک دوسرے سے الگ کرتی ہے۔




## ندی کی مختلف حالتیں:

1) ابتدا (نکلنے کی جگہ)

2) اوپری حصہ

3) وسطی حصہ

4) گھماؤدار موڑ

5) گوکھر جھیل

6) نچلا حصہ

7) ڈیلٹا

8) ندی کا مہانہ




ہندوستانی ندیاں

ہمالیہ کی ندیاں

1) سندھ ندی کا نظام

2) گنگا ندی کا نظام

3) برہمپتر ندی کا نظام

جزیرہ نما ہند کی ندیاں

1) نرمدا ندی کا طاس

2) تاپی ندی کا طاس

3) گوداوری ندی کا طاس

4) مہاندی کا طاس

5) کرشنا ندی کا طاس

6) کاویری ندی کا طاس

کچھ جزیرے نما ہند کی ندیوں/دریاؤں کے طاس

| ندی کے طاس کا نام | ابتدا | لمبائی | معاون ندیاں | طاس کا علاقہ | دیگر خصوصیات |
|---|---|---|---|---|---|
| نرمدا ندی کا طاس | مدھیہ پردیش کے قریب امرکنٹک کی پہاڑیوں سے | 1312 کلو میٹر | شکر، دودھی، توا، گانجل، وغیرہ | مدھیہ پردیش اور گجرات کے کچھ علاقے | سمندر پہنچنے سے پہلے جبل پور کے قریب سنگِ مرمر میں پہاڑی کھڈ اور دھنوادھار آبشار کی تشکیل اس ندی کے ذریعے ہوتی ہے۔ |
| تاپی ندی کا طاس | مدھیہ پردیش کے بیتول ضلع میں ست پڑا کے پہاڑی سلسلے سے | 724 کلومیٹر | پورنا گرنا اور پنجھرا | مدھیہ پردیش گجرات اور مہاراشٹر | یہ نرمدا کے متوازی ایک کٹی پھٹی وادی سے ہوکر بہتی ہے۔ |
| گوداوری ندی کا طاس | مہاراشٹر کے ناسک ضلع میں مغربی گھاٹ کی ڈھلانوں سے نکلتی ہے | 1500 کلومیٹر | پورنا، وردھا، پرنہتا، مانجھرا، وین گنگا اور پین گنگا | مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، آندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹر | یہ جنوب کی سب سے لمبی ندی ہے اسے جنوبی ہندوستان کی گنگا بھی کہتے ہیں۔ |
| مہاندی کا طاس | چھتیس گڑھ کے بالائی علاقے (سطح مرتفع) | 860 کلومیٹر | شیوناتھ، مانڈ، ذیا وغیرہ | اوڈیشہ، مہاراشٹر، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ | خلیج بنگال میں گرتی ہے۔ |
| کرشنا کا طاس | مہاراشٹر کے مہابلیشور کے قریب | 1400 کلومیٹر | تنگ بھدرا، کوئنا، گھاٹ پربھاؤ، موسی اور بھیسما | مہاراشٹر، کرناٹک، آندھرا پردیش | خلیج بنگال میں گرتی ہے |
| کاویری کا طاس | مغربی گھاٹ کے برہمگری سلسلے سے | 760 کلومیٹر | امراوتی، بھوانی، ہیماوتی اور کابنی | تامل ناڈو، کیرل اور کرناٹک | کڈلور کے جنوب میں خلیج بنگال میں گرتی ہے۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سندھ ندی کا طاس | مانسروور جھیل (تبت) | 2900 کلومیٹر | ستلج، ویاس، راوی، چناب، جہیلم | ہندوستان میں لداخ، جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، پنجاب اور پاکستان | قابل دید جارج کی تشکیل۔<br>اس کی معاون دریا مٹھان کوٹ میں سندھ سے ملتی ہیں۔<br>دنیا کی لمبی ندیوں میں اس کا شمار۔ |
| گنگا ندی کا طاس | گنگوتری گلیشئر | 2500 کلومیٹر سے زیادہ تقریباً 2525 کلومیٹر | جمنا، گھاگھرا، گندھک، کوسی، سون، بیتوا | اتراکھنڈ، اترپردیش، بہار، مغربی بنگال | گنگا ندی کے ڈھال میں ہر 6 کلومیٹر کی دوری پر ایک میٹر کی گراوٹ آتی ہے۔<br>اس ندی کے طاس سے مٹی کی زرخیزی بڑھتی ہے۔<br>زیر کاشت زمین کی تشکیل میں مددگار |
| برہمپتر ندی کا طاس | مانسروور جھیل (تبت) | | دیبانگ، لوہت، کینون | تبت، اروناچل پردیش، آسام، بنگلہ دیش | یہ ہمالیہ کے متوازی مشرق کی جانب بہتی ہے<br>نامچا برواچوٹی کے پاس پہنچ کر یہ U حرف جیسا موڑ لے کر ہندوستان میں داخل ہوتی ہے۔<br>اس ندی میں پانی اور سلٹ کی مقدار تبت میں بہت کم ہوتی ہے |




شکل: ہندوستان کی بڑی ندیاں اور جھیلیں

- جن ندیوں میں سال بھر پانی رہتا ہے انھیں سدابہار ندیاں کہتے ہیں۔
- کسی ندی اوراس کی معاون ندیوں کے گروپ کوندی کا طاس کہتے ہیں۔
- سندھ کے پانی کا معاہدہ 1960 کے مطابق اس ندی کے طاس کے کل پانی کا 20% پانی ہندوستان استعمال کر سکتا ہے۔
- ہمالیہ کی ندیاں اپنے راستے کے اوپری حصے میں تیز کٹاؤ کرتی ہیں اوراپنے ساتھ بھاری مقدار میں سلٹ اور ریت کو لے کر آتی ہیں۔
- ہمالیہ کی ندیاں وسط اور نچلے حصوں میں گہرے موڑ، گوکھر جھیل اور بھراؤ کے ذریعے مختلف اشکال کی تشکیل کرتی ہیں۔ یہ مکمل طور پر ڈیلٹا کو بھی تشکیل دیتی ہیں۔

ہمالیہ اور جزیرہ نما ہند کے دریا

| ہمالیہ کے دریا | جزیرے نما ہند کے دریا |
|---|---|
| (i) ہمالیہ سے نکلنے والے دریا | (i) زیادہ تر دریا مغربی گھاٹ سے نکلتے ہیں |
| (ii) ان دریاؤں کو پہاڑوں سے نکلنے والی برف اور بارش سے پانی حاصل ہوتا ہے | (ii) ان دریاؤں کی روانی بارش کے پانی پر منحصر ہے |
| (iii) ان کی لمبائی زیادہ ہے | (iii) ان کی لمبائی کم ہے۔ |

- گنگا کی خاص دھاریں۔ ’بھا گیرتھی‘‘ گنگوتری گلیشئر سے نکلتی ہے اورالکنند ااتراکھنڈ کے’’ دیوپریاگ‘‘ میں اس سے ملتی ہے۔
- ہری دوار کے پاس گنگا پہاڑی علاقوں کو چھوڑ کر میدانی علاقے میں داخل ہوتی ہے۔
- برہمپتر ندی کو تبت میں’’ سانگپو‘‘ اور بنگلہ دیش میں جمنا کہا جاتا ہے۔ ارونا چال پردیش میں اسے’’ دیہانگ‘‘ کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- سندربن ڈیلٹا دنیا میں سب سے بڑا اور تیزی سے بڑھنے والا ڈیلٹا ہے۔
- ’’نمامی گنگے پروجیکٹ‘‘ ایک تحفظی مشن ہے جو قومی ندی گنگا سے متعلق مقاصد۔ آلودگی کو کم کرنا اوراس کی حفاظت اوراس کے روپ بدلنے کی کوشش ہے۔
- جزیرے نما ہند کی ندیوں نرمدا اور تاپی مغرب کی جانب بہتی ہے اور ایسچری بناتی ہے۔

- نرمدا ندی دھنوادھار آبشار کی تشکیل کرتی ہے۔




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ پہاڑ یا سطح مرتفع جو دو آبی نظام کو ایک دوسرے سے الگ کرتا ہے اسے ............. کہتے ہیں۔

2۔ جنوبی گنگا (دکشن گنگا) کس ندی کو کہتے ہیں؟

(a) کرشنا (b) گوداوری

(c) تنگ بھدرا (d) چمبل

3۔ مندرجہ ذیل میں سے وہ ندی کون سی ہے جو بحیرۂ عرب میں گرتی ہیں اور ایسچوری بناتی ہیں؟

(a) نرمدا (b) گنگا

(c) سندھ (d) کوسی

4۔ دھنوادھار آبشار کس ندی کے ذریعے بنا ہوا ہے؟

(a) ویاس (b) کاویری

(c) نرمدا (d) برہمپتر

5۔ سب سے بڑی میٹھے پانی کی جھیل کون سی ہے؟

(a) وولرجھیل (b) سانبھرجھیل

(c) ڈل جھیل (d) چلکاجھیل

6۔ زمین سے گھری کھارے پانی کی جھیل کون سی ہے؟

(a) پُلیکٹ جھیل (b) سانبھرجھیل

(c) چلکاجھیل (d) کولوروجھیل

7۔ کھارے پانی کی جھیل جو سمندر میں ریت جمع ہونے کی وجہ سے بنتی ہے، اسے...............کہتے ہیں۔

8۔ ''بہار کا دکھ'' کس ندی کو کہتے ہیں؟

(a) تاپی (b) کوسی

(c) چمبل (d) سون

9۔ ہمالیہ سے نکلنے والی خاص ندی کا نام بتایئے۔

(a) کرشنا (b) گوداوری

(c) گنگا (d) تاپتی

10۔ سندھ ندی..........سے نکلتی ہے۔

(a) مانسرووَرجھیل (b) کنچن چنگا

11۔ کس جگہ پر گنگا پہاڑوں سے میدانوں میں داخل ہوتی ہے؟

(a) ہری دوار (b) کوٹ دوار

(c) دہرہ دون (d) رشی کیش

12۔ سطح مرتفع سے آنے والی گنگا کی معاون ندیاں...............اور...............ہیں۔

13۔ برہمپتر ندی کس ریاست سے ہندوستان میں داخل ہوتی ہے؟

(a) اروناچل پردیش (b) ہماچل پردیش

(c) آسام (d) مغربی بنگال

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ آبی تقسیم کار

2۔ (b) گوداوری

3۔ (a) نرمدا

4۔ (c) نرمدا ندی

5۔ (a) وولر جھیل

6۔ (b) سانبھر جھیل

7۔ لیگون

8۔ (b) کوسی

9۔ (c) گنگا

10۔ (a) مان سروور جھیل

11۔ (a) ہری دوار

12۔ چمبل، بیتوا، سون (کوئی دو)

13۔ (a) اروناچل پردیش

## 4/5 نمبر والے سوالات

1۔ ہمالیہ کی ندیوں اور جزیرے نما ہند کی ندیوں کے بیچ فرق واضح کیجیے۔

2۔ سندھ ندی کے نظام کی وضاحت کیجیے۔

3۔ گنگا ندی کے نظام کی وضاحت کیجیے

4۔ برہمپتر ندی کے نظام کی خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

5۔ جھیلیں انسان کے لیے کیوں اہم ہیں؟

6۔ ندیوں کی اقتصادی اہمیت کی وضاحت کیجیے۔(کوئی تین نکات)

7۔ ندیوں میں آلودگی کی وجوہات کا ذکر کیجیے۔(کوئی تین نکات)

8۔ لمبی دھارا ہونے کے باوجود تبت کے علاقے میں برہمپتر میں کم گاد کیوں ہوتی ہے؟(کوئی تین نکات)

9۔ اسچوری کسے کہتے ہیں؟

10۔ معاون دریا اور منقسم دریا میں فرق واضح کیجیے؟

11۔ ندیوں کے ذریعے تشکیل پانے والی مختلف آبی نظام کی اشکال کون سی ہیں؟

## ماخذ پر مبنی سوال

12۔ مندرجہ ذیل ماخذ کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

''گوداوری سب سے بڑی جزیرے نما ہند کی ندی ہے۔ یہ مہاراشٹر کے ناسک ضلع میں مغربی گھاٹ کے ڈھلانوں سے نکلتی ہے۔اس کی لمبائی تقریباً 1500 کلومیٹر ہے۔ یہ بہہ کر خلیج بنگال میں گرتی ہے۔ جزیرے نما ہند کے دریاؤں میں اس کا طاس سب سے بڑا ہے۔اس کے طاس میں مہاراشٹر (ندی کے طاس کا 50% حصہ) مدھیہ پردیش، اوڈیشہ اور آندھر پردیش واقع ہے۔گوداوری میں کئی معاون دریا آ کر ملتے ہیں جیسے پورنا، وردھا، پراہنتا، مانجرا، وین گنگا اور پین گنگا۔ان میں سے آخری تین معاون دریا بہت بڑے ہیں۔ بڑے سائز اور وسعت کی وجہ سے اسے ''دکن گنگا'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

(i) مندرجہ ذیل میں سے کون سی ندی سب سے لمبی ندی ہے؟

(a) مہاندی (b) گوداوری

(c) تاپی (d) کاویری

(ii) گوداوری ندی کے دومعاون دریا کون سے ہیں؟

(iii) خالی جگہ کو پُر کیجیے:

گوداوری ندی بہہ کر.......................میں گرتی ہے۔

(iv) گوداوری کو ''دکن کی گنگا'' کیوں کہا جاتا ہے؟

## 4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔

| ہمالیہ کے دریا | جزیرے نما ہند کی دریا |
|---|---|
| (i) ہمالیہ کے زیادہ تر دریا سدابہار ہوتے ہیں | (i) زیادہ تر جزیرے نما ہند کے دریا موسمی ہوتے ہیں |
| (ii) یہ دریا اپنی ابتدا سے سمندر تک لمبا راستہ پار کرتے ہیں | (ii) جزیرے نما ہند کے دریاؤں کی لمبائی کم ہے اور اس میں پانی کم رہتا ہے۔ |
| (iii) یہ اپنے سیلاب والے میدانوں میں بہت سے بھراؤ سے اشکال کی تشکیل کرتی ہیں اور پورے طور سے ڈیلٹاؤں کی بھی تشکیل کرتی ہیں۔ | (iii) خلیج بنگال میں گرنے والی ندیاں ڈیلٹا بناتی ہیں۔ |
| (iv) گنگا، برہمپتر، وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔ | (iv) مہاندی، گوداوری، کرشنا، کاویری اس کی مثالیں ہیں |

2۔ (i) سندھ ندی کی ابتدا مانسرو ور جھیل کے نزدیک تبّت میں ہے۔ یہ ندی مغربی کی طرف بہتے ہوئے ہندوستان میں جموں وکشمیر کے لدّاخ علاقے میں داخل ہوتی ہے۔

(ii) زاسکر، ہنزا، شیوک، ستلج، بیاس، راوی، چناب اور جھیلم اس کی معاون ندیاں ہیں۔

(iii) سندھ ندی کا ڈھال نہایت کم ہے۔

(iv) اس کا ایک تہائی حصہ ہی ہندوستان کے جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اور پنجاب میں ہے باقی ماندہ حصہ پاکستان میں ہے۔

(v) اس کی لمبائی 2900 کلومیٹر ہے۔

3۔ (i) گنگا ہندوستان کی سب سے لمبی ندی ہے۔اس کی لمبائی 2500 کلومیٹر سے زیادہ ہے۔

(ii) جمنا، گھا گھرا، گندھک، کوسی، گنگا کی ہمالیہ کی معاون ندیاں ہیں جب کہ چمبل، سون، بیتوا، جزیرے نما ہند کی اس کی معاون ندیاں ہیں۔

(iii) گنگا مشرق کی جانب میں فرخا تک بہتی ہے اور پھر دو حصوں میں گرتی ہے۔

(iv) دوسری شاخ بنگلہ دیش میں جا کر برہمپتر کے ساتھ مل کر دنیا کا سب سے بڑا ڈیلٹا سندربن بناتی ہے۔

(v) گنگا ندی کا طاس شمال کے عظیم میدان کے بہت سے حصّوں کو سینچتا ہے۔

4۔ (i) برہمپتر ندی تبّت کے قریب مانسرو ورجھیل کے مشرق سے نکلتی ہے اور مشرق کی طرف ہی بہتی ہے۔

(ii) اس کی لمبائی سندھ سے کچھ زیادہ ہے پر اس کا زیادہ تر حصہ ہندوستان سے باہر ہے۔

(iii) نامچا بروا چوٹی کے پاس پہنچ کر یہ U حرف جیسا موڑ لیتی ہے اور ارونا چل پردیش میں ایک پہاڑی کھڈ کے ذریعے داخل ہوتی ہے۔

(iv) دیبا نگ، لوہت، کینولا اس کی خاص معاون ندیاں ہیں۔

(v) ہندوستان میں آسام کے میدان کو یہ ندی خاص طور پر سینچتی ہے مگر موسمِ برسات میں اس کا سیلاب آسام میں بہت نقصان کرتا ہے۔

(vi) آسام میں اس ندی میں گاد بہت زیادہ ہوتی ہے۔

5۔ (i) جھیلیں ندی کے بہاؤ کو بنائے رکھنے میں بہت معاون ہوتی ہیں۔

(ii) زیادہ بارش کے دنوں میں یہ سیلاب کو روکتی ہیں اور سوکھے کے موسم میں یہ پانی کے بہاؤ کو متوازن کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

(iii) جھیلوں کا استعمال پن بجلی بنانے میں بھی کیا جا سکتا ہے۔

(iv) جھیلیں آس پاس کے علاقوں کی آب و ہوا کو معتدل بناتی ہیں۔

(v) جھیلیں آبی نظام میں توازن پیدا کرتی ہیں۔

(vi) جھیلیں سیاحت کو بھی بڑھاوا دیتی ہیں۔

6۔ (i) ندیوں کا پانی قدرتی وسیلہ ہے اور بہت سی انسانی سرگرمیوں کے لئے لازم ہے۔

(ii) ندیوں کے کنارے ہمیشہ سے ہی لوگوں کی رہائش گاہ رہی ہے۔ گاؤں اب بڑے بڑے شہر بن چکے ہیں جو اقتصادی سرگرمیوں کا مرکز ہیں۔

(iii) سینچائی، آبی آمدورفت، پن بجلی کی پیداوار، میں ندیاں اہم رول ادا کرتی ہیں۔

7۔ (i) ندیوں کے پانی کی گھریلو، صنعتی اور زراعت کے لئے بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے کوالٹی متاثر ہوئی ہے۔

(ii) صنعتوں کے ذریعے غیر صاف کردہ کچرے کو ندیوں میں بہا دینے سے اس کی آلودگی بڑھی ہے۔

(iii) شہرکاری کی وجہ سے بھی آلوگی میں اضافہ ہوا ہے۔

8۔ (i) تبّت ٹھنڈا اور خشک علاقہ ہے۔

(ii) کم بارش کی وجہ سے اس کی معاون ندیوں میں پانی کی مقدار کم ہوتی ہے۔

(iii) پانی کم ہونے کی وجہ سے اس کی نقل وحمل کی طاقت کم ہوتی جس کی سے اس میں گاد کی کمی ہے۔

9۔ جب ندی سمندر میں تیز ڈھال کے ساتھ گرتی ہے تو اس کی رفتار بھی تیز ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کے موہانے پر کوئی جماؤ نہیں ہو پاتا۔ یہ صاف موہانے ایسچوری کہلاتے ہیں۔

10۔

| معاون دریا | منقسم دریا |
|---|---|
| (i وہ ندی کسی بڑی ندی میں آ کر مل جاتی ہے اسے معاون دریا کہتے ہیں۔ | (i وہ ندی جو کسی ندی میں روکاوٹ کی وجہ سے الگ ہو کر بہنے لگتی ہے منقسم دریا کہلاتی ہے۔ |
| (ii) یہ ندی، خاص ندی کی آبی سطح کو بلند کر کے اس کی رفتار میں تیزی کا سبب بنتی ہے۔ | (ii) یہ خاص ندی کی آبی سطح کو گھٹا دیتی ہے اور اس کی رفتار کو دھیما کر دیتی ہے۔ |
| (iii) جیسے جمنا، گنگا کی معاون ندی ہے۔ | (iii) جیسے ہگلی، گنگا کی منقسم دھارا ہے۔ |

11۔ (i) جالی نما نکاسی

(ii) شجر نما نکاسی

(iii) شعاعی نکاسی

(iv) مستطیلی نکاسی

12۔ (i) (b) گوداوری

(ii) پورنا، واردھا

(iii) خلیج بنگال

(iv) سائز اور وسعت کی وجہ سے گوداوری کو ''دکن کی گنگا'' کہا جاتا ہے۔

# باب۔4

# آب وہوا

## یاد رکھنے لائق نکات:

- مانسون لفظ کی ابتدا عربی زبان کے لفظ موسم سے ہوئی ہے جس کا مطلب ہوتا ہے مُوسم۔
- کسی علاقے کی آب وہوا کو متاثر کرنے والے عوامل ،عرض البلاد، اونچائی، ہوا کا دباؤ، ہواؤں کا نظام، سمندر سے دوری، سمندری دھارائیں اور طبعی خدوخال ہیں۔
- لو، یہ دھول بھری گرم اور خشک ہوائیں ہوتی ہیں جو مئی۔ جون میں دن کے وقت ہندوستان کے شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں چلتی ہیں۔
- دنیامیں سب سے زیادہ بارش ماؤسن رام میں ہوتی ہے۔
- جیٹ اسٹریم اوپری ٹراپسفئر کے تنگ علاقے میں تیز رفتار سے بہنے والی ہوا۔
- ایل نینو(ELNINO) ایک گرم سمندری رو ہے۔ یہ پیرو کے ساحل سے پیدا ہوتی ہے اور پیرو کی ٹھنڈی رو کو عارضی طور پر ہٹا کر اس کی جگہ لے لیتی ہے۔
- ہندوستان کی آب وہوا کو مانسونی آب وہوا کہتے ہیں۔
- مانسون کا پھٹنا: اچانک ہی کئی دنوں تک بارش کا لگا تار ہوتے رہنا اور نہایت تیزی سے بارش کا ہونا مانسون کا پھٹنا کہلاتا ہے
- موسم برسات: اس موسم میں ہندوستان میں ہوائیں سمندر سے خشکی کی طرف چلنے لگتی ہیں جنھیں مانسونی ہوائیں کہتے ہیں۔
- مانسونی ہواؤں کو دو حصّوں میں بانٹا جاتا ہے (i) جنوب مغربی مانسون (ii) شمال مشرقی مانسون
- ہندوستان میں زیادہ تر بارش جنوب مغربی مانسون سے ہوتی ہے۔
- ہندوستان کے موسم: ہندوستان میں خاص طور پر چار طرح کے موسم پائے جاتے ہیں:

  (i) موسم سرما: نومبر کے وسط سے فروری تک

(ii) موسم گرما:۔ مارچ سے مئی تک

(iii) آگے بڑھتے مانسون کا موسم: جون سے ستمبر

(iv) لوٹتے ہوئے مانسون کا موسم:۔ اکتوبر سے نومبر تک




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ دنیا میں سب سے زیادہ بارش کہاں ہوتی ہے؟

(a) چیراپونجی (b) گانٹوک

(c) ماؤسن رام (d) گوہاٹی

2۔ گرمی کے موسم میں شمالی میدانوں میں چلنے والی گرم اور خشک ہوا کو کیا کہا جاتا ہے؟

(a) کال بیساکھی (b) لو

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ہندوستان میں سب سے ٹھنڈا مقام کون سا ہے؟

(a) دراس (b) سری نگر

(c) منالی (d) ماؤنٹ آبو

4۔ مغربی بنگال میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہنے والی موسلا دھار بارش جو بھاری تباہی کی وجہ بنتی ہے.............کہلاتی ہے۔

5۔ وہ علاقہ جہاں دن اور رات کے درجۂ حرارت میں زیادہ فرق نہیں پایا جاتا؟

(a) کیرل (b) مدھیہ پردیش

(c) جموں وکشمیر (d) ہریانہ

6۔ ہندوستان میں مانسون کی آمد کب ہوتی ہے؟

(a) جون کی ابتدا میں (b) جولائی کی ابتدا میں

(c) اگست کی ابتدا میں (d) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ ہندوستان میں موسم سرما میں زمین سے سمندر کی طرف چلنے والی ہواؤں کو کیا کہا جاتا ہے؟

(a) شمال مشرقی تجارتی ہوائیں (b) جنوب مغربی مانسونی ہوائیں

8۔ ہندوستان میں..................،..................،..................اور..................موسم پائے جاتے ہیں؟

9۔ آم کی بوچھاروں سے کیا مراد ہے؟

10۔ ذیل میں درج علامتوں کی بنیاد پر مخصوص موسموں کی پہچان کر نام لکھیے۔

(A) جنوب مغربی مانسونی ہواؤں کا کمزور پڑنا اور آہستہ آہستہ میدانوں میں واپس ہونا

(B) شفاف آسمان، درجۂ حرارت میں بڑھوتری اور نم زمین

(C) کوار کی حمس ہونا

(D) ہندوستان کے مشرقی ساحل پر سائیکلونی طوفانوں کا آنا

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (c) ماؤسن رام

2۔ (b) لو

3۔ (a) دراس

4۔ کال بیساکھی

5۔ (a) کیرل

6۔ (a) جون کی ابتدا میں

7۔ (a) شمال مشرقی تجارتی ہوائیں

8۔ (i) موسم سرما ، موسم گرما ، آگے بڑھتا مانسون ، پیچھے ہٹتا مانسون

9۔ کیرل اور کرناٹک میں مانسون سے پہلے ہونے والی بارش جو آم کی فصل کو پکنے میں مددگار ہوتی ہے۔

10۔ لوٹتا ہوا مانسون

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ (ELNINO) ایل نینو کی وضاحت کیجیے۔

2۔ جنوب مغربی مانسون اور شمال مشرقی مانسون کے بیچ فرق بتایئے۔

3۔ ہندوستان میں مانسونی آب وہوا کیوں ہے؟

4۔ ہندوستان کے کس حصے میں روزمرہ کا درجۂ حرارت زیادہ ہوتا ہے اور کیوں؟

5۔ جیٹ اسٹریم کیا ہے؟ اور وہ کس طرح ہندوستان کی آب وہوا کو متاثر کرتی ہے؟

6۔ ہندوستان میں بارش کی تقسیم غیر مساوی کیوں ہے؟

7۔ کورلس قوت کیا ہے؟

8۔ مغربی سائیکلونی خلل کی وضاحت کیجئے۔

9۔ منطقہ بین ٹرا پکی اجتماع ہوا کیا ہے؟

10۔ ہندوستان کی آب وہوا کو متاثر کرنے والے عوامل کون کون سے ہیں؟

11۔ ہندوستان میں ہونے والی بارش اوراس کی خصوصیات بتائیے۔

12۔ ہندوستان کی آب وہوائی کیفیت کے علاقائی اختلاف کو مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔

13۔ موسم اور آب وہوا میں فرق واضح کیجیے۔

14۔ موسم سرما کی خصوصیات بیان کیجیے۔

## 3/5نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ ایل نینو(ELNINO): ایک گرم سمندری رو ہے۔ یہ پیرو کے ساحل پر پیدا ہوتی ہے اور پیرو کی ٹھنڈی سمندری رو کو عارضی طور پر ہٹا کر اس کا مقام لے لیتی ہے۔ایل نینو ایک اسپینی لفظ ہے جس کا مطلب ہے بچّہ ۔ چوں کہ یہ کرسمس کے موقع پر پیدا ہوتی ہے اسے اس لیے حضرت عیسیٰ سے جوڑ کر واضح کیا جا تا ہے۔

2۔

| جنوب مغربی مانسون | شمال مشرقی مانسون |
|---|---|
| i) یہ مانسون بحرۂ عرب اور خلیج بنگال سے شمال کی طرف بڑھتا ہے | i) یہ مانسون شمال مشرق سے سمندر کی طرف بڑھتا ہے |
| ii) یہ مانسونی ہوائیں جون سے ستمبر مہینوں میں بہتی ہیں | ii) یہ ہوائیں اکتوبر۔نومبر میں چلتی ہیں |
| iii) یہ ہوائیں پورے ملک میں بارش کا سبب بنتی ہیں | iii) یہ ہوائیں تامل ناڈو میں برسات کرتی ہیں۔ |

3۔ (i) یہ مانسون ہواؤں سے کنٹرول میں رہتی ہیں۔

(ii) ہندوستان میں منطقہ حارّہ میں واقع ہے۔اس کا آدھا حصّہ خط سرطان سے جنوب کی جانب ہے۔

(iii) یہاں زمین کی گردش کا اثر رہتا ہے جو شمالی نصف کرّہ کی ہواؤں کو داہنے اور بائیں جانب موڑ دیتا ہے۔

4۔ (i) یہ ہندوستان کا شمالی مغربی حصّہ ہے۔ یہاں کا درجۂ حرارت 48 ڈگری سیلسیس تک بڑھ جاتا ہے۔

(ii) مئی جون کے مہینے میں ہندوستان کے شمال مغربی حصّوں میں کم دباؤ کے حالات بن جاتے ہیں۔

(iii) ہندوستان میں جنوب مغربی مانسونی ہوائیں داخل ہوتی ہیں۔جس کی وجہ سے ان علاقوں میں نمی اور حبس بڑھ جاتا ہے۔

(iv) مئی جون کے مہینے میں دھول بھری گرم اور خشک ہوائیں چلتی ہیں جنھیں لو کہتے ہیں۔

5۔ اوپری ٹراپاسفیر کے تنگ حصّہ میں تیز رفتار سے بہنے والی ہواؤں کو جیٹ اسٹریم کہا جاتا ہے۔اس کے بہاؤ کی سمت آبی رووں کی طرح طے ہوتی ہے اسی لیے اسے جیٹ اسٹریم کہا جاتا ہے یہ زمین سے 6 سے 14 کلومیٹر کی اونچائی پر لہر دار شکل میں بہتی ہیں۔

(i) ہندوستان کی آب و ہوا پر جیٹ اسٹریم کی رفتار کا گہرا اثر پڑتا ہے۔

(ii) موسم سرما میں ہمالیہ کے جنوبی حصّہ کے اوپر اسٹریٹوسیفر میں مغربی جیٹ ہواؤں کی موجودگی رہتی ہے۔ جون کے مہینے میں یہ شمال کی طرف کھسک جاتی ہے۔

6۔ (i) یہ مانسونی ہوائیں مستقل نہیں ہوتی ہیں

(ii) منطقہ حارّہ میں برّی اور بحری علاقوں کے اوپر بہتے ہوئے یہ مختلف کرّہ باد کے حالات سے متاثر ہوتی ہیں۔

(iii) مانسون کا وقت جون سے ستمبر تک ہوتا ہے۔

7۔ زمین کے اپنے محور پر گھومنے سے جو طاقت پیدا ہوتی ہے اسے کورلس طاقت کہتے ہیں۔اس طاقت کی وجہ سے ہوائیں شمالی کرّہ میں دائیں اور جنوبی نصف کرّہ میں بائیں جانب مڑ جاتی ہیں اسے فیرل کا قانون کہتے ہیں۔

8۔ سردی کے مہینے میں پیدا ہونے والے مغربی سائیکلونی خلل، بحرہ روم کے علاقوں سے آنے والے بہاؤ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر ہندوستان کے شمال اور شمالی مشرقی علاقوں کو متاثر کرتے ہیں۔ منطقۂ حارّہ کے سائیکلون مانسون کے مہینوں کے ساتھ ساتھ اکتوبر اور نومبر کے مہینے میں بھی آتے ہیں اور یہ مشرقی بہاؤ کا ایک حصّہ ہوتے ہیں اور ملک کے ساحلی علاقوں کو متاثر کرتے ہیں۔

9۔ خط استوائی عرض البلدوں کے وسیع علاقے میں کم دباؤ کا علاقہ ہوتا ہے۔یہیں پر شمال مشرقی،جنوب مشرقی تجارتی ہوائیں آپس میں ملتی ہیں۔ یہ میلان کا علاقہ خط استوا کے تقریباً متوازی ہوتا ہے۔لیکن سورج کی مداری حرکت کی وجہ سے یہ شمال یا جنوب کی جانب کھسک جاتا ہے۔

10۔ (i) عرض البلاد خط استوا(0°) سے دوری ہونے پر آب وہوا ٹھنڈی ہوتی چلی جاتی ہے۔

(ii) اونچائی:اونچائی کے بڑھنے پر درجۂ حرارت میں کمی ہوتی جاتی ہے۔

(iii) سمندری روئیں: گرم سمندری رووں کی وجہ سے آب وہوا معتدل اور ٹھنڈی رووں کی وجہ سے آب وہوا سخت ہوتی ہے۔

(iv) سمندر سے دوری:سمندر سے دور ہونے پر سخت آب وہوا اور قریب ہونے سے متعدل آب وہوا ہوتی ہے۔

(v) ہوائی دباؤ:کسی بھی علاقے کا ہوائی دباؤ اس جگہ کی عرض البلدی محل وقوع اور اونچائی پر منحصر ہوتا ہے۔

11۔ (i) بارش کا وقت اور مقدار: ملک کی زیادہ تر بارش مانسونی ہواؤں کے ذریعہ موسم گرما میں ہوتی ہے۔

(ii) غیر یکساں تقسیم: ملک میں بارش کی تقسیم یکساں نہیں ہے۔

(iii) غیر معین مزاج: ہندوستان میں ہونے والی بارش کی مقدار معیّن نہیں ہے۔

(iv) خشک وقفہ: کئی بار شروعات میں مانسونی بارش لگاتار نہ ہوکر کچھ دن یا ہفتوں کے وقفہ کے بعد ہوتی ہے۔

(v) موسلا دھار بارش: مانسون کی بارش زیادہ مقدار میں اور کئی کئی دن لگاتار ہوتی ہے۔

12۔ (i) گرمی کے موسم میں راجستھان کے کچھ ریگستانی علاقوں میں درجہ حرارت 50 ڈگری سیلسیس تک ہوجاتا ہے وہیں پہلگام اور جموں وکشمیر میں 20 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہتا ہے۔

(ii) کسی خاص جگہ پر دن اور رات کے درجۂ حرارت میں فرق ہوتا ہے۔تھار کے ریگستان میں دن کا درجۂ حرارت 50 ڈگری سیلسیس ہوسکتا ہے اور اسی رات گر کر نقطۂ انجماد تک پہنچ جاتا ہے۔

(iii) ہمالیہ کے علاقہ میں زیادہ تر ترسیب برفباری کے روپ میں ہوتی ہے۔ملک کے باقی ماندہ علاقوں میں بارش کی شکل ہوتی ہے۔

(iv) سالانہ بارش میں فرق پایا جاتا ہے۔کہیں 400 سینٹی میٹر جیسے میگھالیہ تو کہیں 10 سینٹی میٹر راجستھان میں دیکھنے کو ملتی ہے۔

(v) ملک کے زیادہ تر حصّوں میں جون سے ستمبر کے بیچ بارش ہوتی ہے لیکن تامل ناڈو میں بارش سردی کے موسم میں ہوتی ہے۔

13۔ موسم: کسی جگہ پر کسی خاص وقت میں کرۂ باد کی حالت کو اس جگہ کا موسم کہتے ہیں۔اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ کبھی بھی مستقل نہیں رہتا۔

آب وہوا: کسی بڑے علاقے میں لمبے وقت (30 سال سے زیادہ) کے موسم کی کیفیت کے نچوڑ کو آب وہوا کہتے ہیں۔یہ ہمیشہ مستقل رہتا ہے۔

14۔ (i) شمالی ہندوستان میں سردی کا موسم نومبر سے فروری تک رہتا ہے۔

(ii) درجۂ حرارت جنوب سے شمال کی جانب گھٹتا جاتا ہے۔

(iii) اس موسم کے دوران شمال مشرقی تجارتی ہوائیں چلتی ہیں۔یہ خشکی سے سمندر کی جانب بہتی ہیں۔

(iv) آسمان صاف اور شفاف رہتا ہے۔

15۔ پیچھے ہٹتے مانسون کے وقت خشک موسم سرما کے حالات شروع ہوجاتے ہیں۔دن کا درجۂ حرارت زیادہ ہوتا ہے مگر رات میں موسم ٹھنڈا رہتا ہے۔درجۂ حرارت میں نمی کی وجہ سے جراثیم پنپتے ہیں اور بیماریاں پھیلتی ہیں۔


پچھوا ہوائیں
کمزور تجارتی ہوائیں
گرم رو
ٹھنڈی رو


تجارتی ہوائیں
خط استواء
تجارتی ہوائیں


ٹھنڈی ہوا کا تودہ
گرم ہوا کا تودہ

# باب-5

# قدرتی بناتات اور حیوانات

## یاد رکھنے لائق نکات:

- **قدرتی نباتات:** - نباتات کا وہ حصّہ جو انسانی مدد کے بغیر نمو پاتا ہے اور لمبے عرصے تک اس پر انسانی سرگرمیوں کا اثر نہیں پڑتا۔ وہ قدرتی نباتات یا کوری نباتات کہلاتی ہیں۔

نباتات

| مقامی | غیر ملکی |
| --- | --- |
| اصلاً ہندوستانی نباتات | ہندوستان میں باہر سے آتی ہوئی/ لاتی ہوئی |

**نباتات:**- کسی مخصوص علاقے میں، کسی طے شدہ وقت میں پودوں کی ابتدا(origin)

- **حیوانات:**- یہ جانوروں سے متعلق بتاتی ہے۔

نباتات اور حیوانات کو متاثر کرنے والے عوامل

| زمین کی شکل | مٹی | درجۂ حرارت | سورج کی روشنی | ترسیب |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| زرخیز زمین پر اکثر کاشت کی جاتی ہے اور غیر ہموار زمین پر گھاس کے میدان ہوتے ہیں۔ | مختلف مقامات پر مختلف اقسام کی مٹیاں، مختلف نباتات کی بنیاد مثلاً ریگستانی مٹی میں خاردار نباتات | مختلف منطقوں میں مختلف اقسام کی نباتات پیدا ہوتی ہیں۔ منطقۂ حارہ میں سدابہار اور منطقہ معتدلہ میں مخروط اقسام کی نباتات | زیادہ سورج کی روشنی حاصل کرنے والے پودے زیادہ جلدی بڑھتے ہیں | زیادہ بارش والے علاقوں میں کم بارش والے علاقوں کے مقابلے میں گھنے جنگل پائے جاتے ہیں۔ |

ماحولیاتی نظام (Ecosystem)

جاندار عناصر (نباتات، حیوانات)

غیر جاندار عناصر (مٹی، زمین، معدنیات، بارش، ہوا، سورج کی روشنی وغیرہ)

- **بائیوم** (Biome) :- کرۂ عرض پر موجود ایک بہت زیادہ ماحولیاتی نظام جس میں مختلف النوع نباتات اور حیوانات شامل ہیں بائیوم کہلاتے ہیں۔

نباتات کی اقسام

| | نباتات کی اقسام | بارش سالانہ | خصوصیات | خاص نباتات | خاص حیوانات | ریاستیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (1 | منطقہ حارہ کے سدا بہار جنگلات | 200 سینٹی میٹر سے زیادہ | 1) گرم اور مرطوب آب و ہوا<br>2) پیڑوں میں پت جھڑ کا کوئی خاص وقت نہیں ہوتا<br>3) پیڑوں کی اونچائی 60 میٹر سے زیادہ<br>4) بہت گھنے اور ہرے بھرے جنگل | آبنوس (ebony)، مہوگنی، روز ووڈ، ربڑ اور سنکونہ | بندر، ہاتھی، ہرن (کئی طرح کے)، کئی طرح کے پرندے، چمگادڑ اور رینگنے والے جانور | مغربی گھاٹ، انڈومان نکوبار جزائر، لکش دیپ جزائر، آسام، تامل ناڈو |
| (2 | منطقہ حارہ کے پت جھڑ والے جنگلات | مرطوب پت جھڑ والے، 100 سینٹی میٹر سے 200 سینٹی میٹر | پیڑ گرم اور خشک موسم میں چھ سے آٹھ ہفتوں میں اپنے پتے گرا دیتے ہیں | بانس، سال، شیشم، صندل، شہتوت | شیر، ببر شیر، سور، ہرن، ہاتھی، مختلف اقسام کے پرندے، چھپکلیاں، سانپ، کچھوے وغیرہ | جھارکھنڈ، اوڈیشہ، چھتیس گڑھ، شمال مشرقی صوبے |
| | | خشک پت جھڑ والے جنگلات 100 سینٹی میٹر سے 90 سینٹی میٹر | | ساگوان | | بہار، اتر پردیش |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 3) | کنٹیلے جنگل اور جھاڑیاں (خار دار) | 70 سینٹی میٹر سے کم | 1) کنٹیلے (خاردار) پیڑ اور جھاڑیاں<br>2) پیڑوں کی لمبی جڑیں<br>3) پتیاں چھوٹی اور خاردار جس کی وجہ سے عمل تبخیر کم ہو | کیکر، ببول، کتھا، کیکٹس وغیرہ | چوہے، خرگوش، لومڑی، بھیڑیے، شیر، ببر شیر، جنگلی گدھے، گھوڑے اوراونٹ | گجرات، راجستھان، ہریانہ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ کے نیم خشک علاقے |
| 4) | پہاڑی نباتات | 1000 میٹر سے 2000 میٹر اونچائی (مرطوب ،منطقہ حارہ والے جنگل) | 1) چوڑی پتیوں والے پیڑ<br>2) ملائم لکڑی والے پیڑ | 1) اوک<br>2) شاہ بلوط | کشمیری ہرن، چیتل، جنگلی بھیڑ، خرگوش، لال پانڈا، ہمالیائی تیندوا | جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، اترا کھنڈ |
| | | 1500 میٹر سے3000 میٹر اونچائی | مخروطی درخت، زیادہ اونچائی پر گھاس کے میدان | چیڑ، دیودار، سلور فر، سپروس، سیڈر وغیرہ | | |
| | | 3600 میٹر سے زیادہ اونچائی (الپائن) | مویشیوں کو چرانے کے لیے استعمال | پائن، برچ وغیرہ | | |
| | | ٹنڈرانباتات | نہ پیڑ اور نہ ہی گھاس کے میدان | موسیل،لچین | | |
| 5) | مدّوجزری نباتات | — | سندری کے پیڑ کی جڑیں پانی میں ڈوبی رہتی ہیں۔ ان سے مضبوط لکڑی حاصل ہوتی ہے۔ | سندری، تاڑ، ناریل،اینگر | رائل بنگال شیر، کچھوے، مگر مچھ، گھڑیال اورسانپ وغیرہ | مہاندی ڈیلٹا، کاویری، گوداوری ڈیلٹا، مغربی بنگال |

## حیوانات

- ہندوستان میں حیوانات کی تقریباً 90000 اقسام پائی جاتی ہیں۔ پرندوں کی 2000 سے زیادہ اقسام اور 2546 اقسام کی مچھلیوں کی اقسام پائی جاتی ہیں۔
- ہندوستانی جنگلی جاندار قانون 1972 میں لاگو کیا گیا تھا۔
- ہندوستان دنیا کا اکیلا ملک ہے جہاں ببر شیر اور شیر دونوں پائے جاتے ہیں۔
- ہندوستانی شیروں کی قدرتی جائے پناہ گجرات کے گر جنگل ہیں۔






نباتات اور حیوانات کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات

- ملک میں 18 حیاتیاتی تحفظ گاہیں قائم کی گئی ہیں۔
- 1992 سے حکومت کے ذریعے بوٹینیکل گارڈن کو مالی اور تکنیکی مدد دینے کا پلان بنایا گیا۔
- شیر، گینڈے، ہندوستانی بھینس اور ماحولیاتی نظام کے توازن کے تحفظ کے لیے کئی پلان تیار کیے گئے۔
- 103 نیشنل پارک، 535 وائلڈ لائف سینکچری اور کئی چڑیا گھر بنائے گئے۔

نیشنل پارک، وائلڈ لائف سینکچری اور حیاتیاتی تحفظ گاہ میں فرق

| نیشنل پارک | وائلڈ لائف سینکچری | حیاتیاتی تحفظ گاہ |
|---|---|---|
| 1) کسی مخصوص پودے یا جنگلی جاندار کی قدرتی پناہ گاہ۔ مثلاً جم کاربیٹ نیشنل پارک شیروں کے لیے۔ | 1) ایک قدرتی علاقہ جسے پودوں اور جانوروں کی نسلوں کو محفوظ کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔ مثلاً مانس وائلڈ لائف سینکچری | 1) ایک قدرتی علاقہ جسے سبھی طرح کے جانداروں کی حفاظت کے لیے بنایا گیا ہو۔ مثلاً سملی پھل حیاتیاتی تحفظ گاہ |
| 2) رقبہ۔ 0.04 سے 3162 مربع کلومیٹر | 2) رقبہ۔ 0.61 سے 7818 مربع کلومیٹر | 2) رقبہ۔ 5670 مربع کلومیٹر سے زیادہ |
| 3) سیاحت کو منظوری | 3) سیاحت کو منظوری | 3) عام طور پر سیاحت کو منظوری نہیں |

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ منطقۂ حارّہ کے مانسونی جنگلات میں پائے جانے والے دو درختوں کے نام..........اور............ ہیں۔

2۔ کون سی نباتات تجارتی نقطۂ نظر سے اہم ہے؟

(a) منطقہ حارّہ کے پت جھڑ والے جنگلات

(b) منطقہ حارّہ کے سدابہار جنگلات

(c) مندرجہ بالا دونوں

(d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ایشیائی ببر شیر ہندوستان کے کس صوبے میں پائے جاتے ہیں؟

4۔ سملی پھل نیشنل پارک کس صوبے میں واقع ہے؟

(a) اوڈیشہ (b) تلنگانہ

(c) تامل ناڈو (d) تری پورہ

5۔ ہندوستان میں حیوانات تحفظ کا قانون کب لاگو کیا گیا تھا؟

(a) 1978 (b) 1985

(c) 1972 (d) 1965

6۔ ہندوستان میں حیوانات کی......................اقسام پائی جاتی ہیں۔

7۔ ساحلی علاقوں میں کون سے جنگلات مدوجزر (جوار۔ بھاٹا) سے متاثر ہوتے ہیں؟

8۔ .............اور...............علاج میں استعمال لائق پودوں کی مثالیں ہیں۔

9۔ ہندوستان میں کتنی اقسام کی نباتات پائی جاتی ہیں؟

(a) 45000 (b) 47000

(c) 50000 (d) 60000

10۔ ایک شخص ایک ایسے جنگل میں گیا جہاں دوپہر میں بھی اندھیرا ہے۔ یہ کون سا جنگل ہے؟

11۔ ایک سینگ والا گینڈا کس ریاست میں پایا جاتا ہے؟

12۔ کون سے جنگل سب سے بڑے علاقے میں پھیلے ہوئے ہیں؟

13۔ جملہ کو درست کر کے لکھیے:

منطقہ حارہ کے پت جھڑ والے جنگلات 200 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

14۔ نیچے دی گئی تصویر کو دیکھ کر جنگل کی قسم بتایئے۔



## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ مہوگنی اور روز ووڈ

2۔ (a) منطقۂ حارّہ کے پت جھڑ والے جنگلات

3۔ گجرات

4۔ (a) اوڈیشہ

5۔ (c) 1972 میں

6۔ 90ہزار (تقریباً)

7۔ مینگر یو جنگلات

8۔ نیم اور تلسی

9۔ (b) 47000

10 ۔ منطقہ حارہ کے سدا بہار جنگلات

11۔ آسام

12۔ منطقہ حارہ کے پت جھڑ والے جنگلات

13۔ منطقہ حارہ کے مانسونی جنگلات 200 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

14۔ پہاڑی نباتات

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ قدرتی نباتات کسے کہتے ہیں؟

2۔ ہندوستان میں نباتات اور حیوانات کی تقسیم کن عوامل کی بنیاد پر ہوتی ہے؟

3۔ خاردار جنگلات کے پیڑوں کی کنہیں تین خصوصیات کا ذکر کیجیے؟

4۔ ہندوستان میں جانداروں کی تنوّع کے زوال کی تین وجوہات بتایئے؟

5۔ ہندوستان کے کنہیں تین نیشنل پارکوں کے نام بتائیے؟

6۔ ماحولیاتی نظام کسے کہتے ہیں؟

7۔ ہندوستان کے خاص نباتاتی علاقوں کا تذکرہ کیجیے؟

8۔ قدرتی نباتات کس طرح سے صنعتوں کے لیے بنیاد فراہم کرتی ہے؟

9۔ جنگلات کے بالواسطہ (indirect) فائدوں کا ذکر کیجیے۔

10۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): منطقہ حارہ کے سدابہار جنگل سال بھر ہرے بھرے لگتے ہیں۔

وجہ (R): پیڑوں میں پت جھڑ کا کوئی طے شدہ وقت نہیں ہوتا۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ماخذ پر مبنی سوال

11۔ جن علاقوں میں 70 سینٹی میٹر سے کم بارش ہوتی ہے وہاں قدرتی نباتات میں خاردار جنگلات اور جھاڑیاں پائی جاتی ہیں۔ اس طرح کی نباتات ملک کی شمال مغربی علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ ان جنگلوں کے پیڑ بکھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کی جڑیں لمبی اور پانی کی تلاش میں چاروں طرف پھیلی ہوتی ہیں۔ پتیاں عام طور پر چھوٹی ہوتی ہیں جن سے تبخیر کم سے کم ہو سکے۔ خشک علاقوں میں جھاڑیاں اور خاردار نباتات پائے جاتے ہیں۔ ان جنگلوں میں عموماً چوہے، خرگوش، لومڑی، بھیڑیے، شیر، ببر شیر، جنگلی گدھے، گھوڑے اور اونٹ پائے جاتے ہیں۔

1) خاردار جنگل اور جھاڑیاں ............. سینٹی میٹر سے کم بارش والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

2) خاردار پیڑوں کی جڑیں لمبی اور پھیلی ہوتی ہیں۔

(a) پانی کی بچت کرنے کے لیے (b) پانی کی تلاش میں

(c) عمل تبخیر کم ہو (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

(3 خاردار جنگلات میں پیڑوں کی پتیاں عموماً چھوٹی کیوں ہوتی ہیں؟

(4 خاردار اور سوکھے جنگلوں میں پائے جانے والے جانوروں کے نام لکھیے۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ جو نباتات انسان کی مدد کے بغیر اپنے آپ پیدا ہوتی ہے اور لمبے عرصے تک اس پر انسانی اثرات نہیں پڑتے اسے قدرتی نباتات کہتے ہیں۔

2۔ (i) درجۂ حرارت:۔ نباتات کی تنوع اور خصوصیات درجۂ حرارت اور ہوائی نمی پر منحصر ہوتی ہے۔

(ii) سورج کی روشنی:۔ روشنی کا وقفہ زیادہ وقت تک ملنے کی وجہ سے درخت گرمی کے موسم میں جلدی بڑھتے ہیں۔

(iii) ترسیب:۔ زیادہ بارش والے علاقوں میں کم بارش والے علاقوں کے مقابلے زیادہ گھنے ہوتے ہیں۔

3۔ (i) یہ جنگلات 70 سینٹی میٹر سے کم بارش والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

(ii) ان پیڑوں کے تنوں پر کانٹے ہوتے ہیں جو عمل تبخیر کو روکنے میں مددگار ہوتے ہیں۔

(iii) ان پیڑوں کی پتیاں موٹی اور سائز میں چھوٹی ہوتی ہیں۔

4۔ (i) آبادی بڑھنے کی وجہ سے زراعت کی مانگ کو پورا کرنے کے لیے جنگل کاٹے جارہے ہیں۔

(ii) انسان اور جاندار اپنی خوراک کے لیے جنگلوں کا استعمال کرتے ہیں۔

(iii) آلودگی اور کیمیائی صنعتی کچرا جنگلوں کو نقصان پہنچانے کے لیے ذمہ دار ہے۔

5۔ (i) کاربیٹ نیشنل پارک (اترا کھنڈ)

(ii) گر نیشنل پارک (گجرات)

(iii) کانھا کسلی نیشنل پارک (مدھیہ پردیش)

6۔ ماحولیاتی نظام غذائی زنجیر کے نقطۂ نظر سے نباتات اور حیوانات کے ذریعے قائم ایک نظام ہے جس کے ذریعے وہ اپنے طبعی ماحول میں ایک دوسرے سے جڑے رہتے ہیں اور ایک دوسرے پر منحصر رہتے ہیں۔

7۔ (i) منطقۂ حارّہ کے مانسونی / بارانی جنگلات

(ii) منطقۂ حارّہ کے پت جھڑ والے جنگلات

(iii) خاردار جنگلات اور جھاڑیاں

(iv) پہاڑی نباتات

(v) مدّ وجزری جنگلات

8۔ قدرتی نباتات کئی طرح کی صنعتوں کے لیے بنیاد ہے۔

(i) ماچس کی صنعت:۔ جنگلوں سے حاصل نرم لکڑی ماچس کی تیلیاں بنانے کے کام آتی ہیں۔

(ii) لاکھ کی صنعت:۔لاکھ ایک طرح کے کیڑے سے حاصل ہوتی ہے۔

(iii) کاغذ کی صنعت:۔ میں بانس، سفیدے کے پیڑ کی لکڑی اور کئی طرح کی گھاس کا استعمال کیا جاتا ہے

(iv) وارنش اور رنگ:۔وارنش اور رنگ گندے بیروزے سے تیار ہوتا ہے جو جنگلوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

(v) دواسازی:۔جنگلات سے حاصل کچھ پیڑوں سے کارآمد دوائیاں بھی بنائی جاتی ہیں جیسے سنکونا سے کونین بنتی ہے۔

(9) جنگلات سے بالواسطہ حاصل ہونے والے فائدے مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) بارش لانے میں مددگار:۔درخت بارش کو لانے میں مددگار ہوتے ہیں۔

(ii) آکسیجن کی فراہمی:۔ درخت جانداروں کو آکسیجن کی فراہمی کا ذریعہ بنتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائڈ کو جذب کرتے ہیں۔

(iii) کھاد کی فراہمی:۔ جنگلوں سے ہمیں عمدہ قسم کی قدرتی کھاد حاصل ہوتی ہے۔ پتّے، جڑ وغیرہ مٹی میں سڑ جاتے ہیں۔ یہ گلا سڑا مادہ ہی کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

(iv) سیلاب اور مٹی کے کٹاؤ کو روکنے میں معاون:۔اچانک سیلابوں کو روکتے ہیں۔ یہ پانی کے بہاؤ کو کم کردیتے ہیں۔ درختوں کی جڑیں مٹی کے زرّات کو جکڑے رکھتی ہیں اور اس کے کٹاؤ کو روکتی ہیں۔

(v) جنگلی جاندار:۔ جنگلوں میں کئی طرح کے جانور اور پرندے پائے جاتے ہیں۔اس طرح جنگلات ان کو مسکن فراہم کرتے ہیں۔

10۔ (A)

11۔ (i 70 سینٹی میٹر

(ii (b) پانی کی تلاش میں

(iii عمل تبخیر کم سے کم ہو

(iv چوہے، خرگوش لومڑی، شیر وغیرہ

# ہندوستان:— قدرتی نباتات




جنگلات کے لئے اس نقشے کا مطالعہ کیجئے اور وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کیجئے کچھ ریاستوں میں دوسرے کے مقابلہ زیادہ جنگلات کیوں ہیں؟

ہندوستان:— کچھ جنگلی جانوروں کی پناہ گا




شکل 5.8 جنگلی جانوروں کے محفوظ ٹھکانہ


INDIA - POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES.
Projection : Lambert Conical Orthomorphic
Kms. 0 190 380 Kms.
Published by :-
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)
2937, Bahadurgarh Road, Delhi-110006.
NAME ................................ STD ......... SEC ....... TEACHER'S SIGNATURE.............................

# باب۔6

# آبادی

## یاد رکھنے لائق نکات:

- **مردم شماری:**-ایک طے شدہ وقت میں ایک طے شدہ علاقے میں قانونی طور پر لوگوں کو گننا مردم شماری کہلاتی ہے۔
- ہندوستان میں سب سے پہلے 1872 میں مردم شماری کی گئی تھے۔حالاں کہ 1881 میں پہلی بار ایک مکمل مردم شماری کی جاسکی۔اسی وقت سے ہر دس سالوں میں مردم شماری ہوتی ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی آبادی 1210193422 تھی جو دنیا کی کل آبادی کا 17.5 فی صد ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق ملک کا سب سے زیادہ آبادی والا صوبہ اتر پردیش ہے جہاں کی کل آبادی 199281477 ہے۔اتر پردیش میں ملک کی آبادکا کل 16 فی صد حصہ رہتا ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق ملک کا سب سے کم آبادی والا صوبہ سکّم ہے جہاں 607688 لوگ رہتے ہیں۔
- ہندوستان کی تقریباً آدھی آبادی پانچ ریاستوں،اتر پردیش،مہاراشٹر،بہار،مغربی بنگال اور آندھرا پردیش میں رہتی ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق سب سے گنجان آبادی والا صوبہ مغربی بنگال ہے۔جہاں یہ گنجان پن 1028 افراد فی کلومیٹر ہے۔
- سب سے کم گنجان آبادی والا صوبہ ارونا چل پردیش ہے جہاں یہ گنجان پن 17 افراد فی کلومیٹر ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق کیرل میں جنسی تناسب 1084 ہے جب کہ دلی میں جنسی تناسب 866 ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق ملک کی شرح خواندگی 74.08 فی صد ہے۔جس میں عورتوں کی شرح خواندگی 65.46 فی صد ہے۔مردوں کی شرح خواندگی 82.14 فی صد ہے۔
- 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں جنسی تناسب 940 ہے۔

### آبادی میں اضافہ/تبدیلی کا عمل

- **شرح پیدائش**: ایک سال میں فی ہزار افراد میں جتنے زندہ بچے پیدا ہوتے ہیں اسے شرح پیدائش کہتے ہیں
- **شرح اموات**: ایک سال میں فی ہزار افراد میں مرنے والوں کی تعداد کو شرح اموات کہا جاتا ہے
- **ہجرت**: لوگوں کا ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں چلا جانا ہجرت کہلاتا ہے
  - ملک میں ہجرت (اندرون ملک): ملک کے اندر لوگوں کی ہجرت
  - بین الاقوامی ہجرت: ممالک کے بیچ لوگوں کی ہجرت

- عمر کی بنیاد پر ساخت: کسی ملک میں آبادی کی عمر کی ساخت وہاں کے مختلف عمر کے زمروں کے لوگوں کی تعداد کو بتاتا ہے۔ کسی ملک کی آبادی کو عام طور پر تین زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

### عمر کی ساخت

- **بچے** (عام طور پر 15 سال سے چھوٹے) ← یہ اقتصادی طور سے غیر پیداواری گروپ ہے۔ اس کو اپنی غذا، کپڑے اور طبی سہولیات مہیا کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- **جوان** (15 سال سے 59 سال) ← یہ معاشی طور پر پیداواری اور حیاتیاتی طور پر قابل پیداوار ہے۔ یہ آبادی کا کام کاجی گروپ ہے۔ اپنی ضروریات کو خود پورا کر سکتا ہے۔
- **بوڑھے** (59 سال سے بڑے) ← یہ معاشی طور پر پیداواری یا ریٹائر گروپ ہوسکتا ہے۔ یہ مرضی سے کام کر سکتے ہیں۔

- کاروباری ساخت: مختلف طرح کے کاروبار کے مطابق کی گئی آبادی کی تقسیم کو کاروباری ساخت کہتے ہیں۔ عام طور پر کاروبار کو ابتدائی، ثانوی اور ثلاثی کاموں کے زمرے میں بانٹا جاتا ہے۔




- آبادی کا گھنا پن: فی اکائی رقبہ میں رہنے والے لوگوں کی تعداد کو آبادی کا گھنا پن کہتے ہیں۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی آبادی کا گھنا پن 382 افراد، فی مربع کلومیٹر ہے۔
- جنسی تناسب: فی ہزار مردوں کے مقابلے عورتوں کی تعداد کو جنسی تناسب کہتے ہیں۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں جنسی تناسب 943 ہے۔
- شرح خواندگی: 2011 کی مردم شماری کے مطابق ایک فرد جس کی عمر 7 سال یا اس سے زیادہ ہے جو کسی ایک زبان کو سمجھ کر لکھ یا پڑھ سکتا ہے اسے خواندہ کے زمرے میں رکھا جاتا ہے۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی شرح خواندگی 73% ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ایک طے شدہ وقفہ میں آبادی کی با اختیار گنتی کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مردم شماری (b) آبادی

(c) شرح پیدائش (d) شرح اموات

2۔ دنیا میں سب سے زیادہ آبادی والا ملک کون سا ہے؟

(a) ہندوستان (b) چین

(c) انڈونیشیا (d) امریکہ

3۔ فی الوقت ہندوستان میں آبادی کا گنجان پن کتنا ہے؟

(a) 485 (b) 382

(c) 320 (d) 400

4۔ دنیا میں دوسرا سب سے زیادہ آبادی والا ملک............................ہے۔

5۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں جنسی تناسب کیا ہے؟

(a) 750 (b) 990

(c) 940 (d) 880

6۔ سب سے کم آبادی والا صوبہ.................ہے۔

(a) تری پورہ (b) سکم

(c) کیرل (d) ہماچل پردیش

7۔ ایک سال میں فی ہزار افراد میں مرنے والوں کی تعداد کو.................کہا جاتا ہے۔

8۔ ہندوستان کی آبادی میں شہری آبادی کا فی صد کیا ہے؟

(a) 31.16 (b) 45.32

(c) 50 (d) 65

9۔ آبادی میں اضافہ کی خاص وجہ کیا ہے؟

(a) شرح پیدائش میں اضافہ (b) شرح اموات میں کمی

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (a) مردم شماری

2۔ (b) چین

3۔ (b) 382

4۔ ہندوستان

5۔ (c) 940

6۔ (b) سکّم

7۔ شرح اموات

8۔ (a) 31.16فی صد

9۔ (b) شرح اموات میں کمی

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ صحت مند آبادی کس طرح سودمند ہوتی ہے؟ (کوئی تین نکات)

2۔ 1981 سے ہندوستان میں شرح اضافہ میں کمی کیوں واقع ہورہی ہے؟

3۔ آبادی کے مطالعہ کے تین خاص پہلو کون کون سے ہیں؟

4۔ قومی آبادی کی پالیسی کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟ (کوئی تین نکات)

5۔ آبادی کی غیر مساوی تقسیم کے لیے ذمہ دار عوامل کا ذکر کیجیے؟

6۔ پیشوں کو کون کون سے زمرّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

7۔ آبادی کا مطالعہ ہر شہری کے لیے کیوں ضروری ہے؟

8۔ جنسی تناسب کیا ہے؟ ہندوستان میں جنسی تناسب کے غیر موافق ہونے کی خاص وجوہات بیان کیجیے؟

9۔ ہندوستان میں آبادی کے گنجان پن میں اتنی تنوّع کیوں پائی جاتی ہے؟

10۔ آبادی کو متاثر کرنے والے بنیادی اسباب کی وضاحت کیجیے؟

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) ایک صحت مند شخص زیادہ دیر تک کام کر سکتا ہے۔اس سے اس کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔

(ii) صحت مند آبادی پیداوار کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

(iii) زیادہ مثبت سوچ رکھ سکتی ہے۔

2۔ (i) ہندوستان میں شرح پیدائش کو کنٹرول کرنے کے لیے کئی کوششیں کی جارہی ہیں۔

(ii) تعلیم کا فروغ

(iii) خواتین میں بیداری

3۔ (i) آبادی کا سائز اور تقسیم:۔ملک میں کتنے لوگ ہیں اور وہ کہاں بسے ہوئے ہیں۔

(ii) آبادی میں بڑھوتری اور آبادی میں تبدیلی کا عمل:۔آبادی میں کس طرح اضافہ ہوا اور وقت کے ساتھ ساتھ اس میں کیا تبدیلیاں آئیں۔

(iii) آبادی کی کیفیت (Quality):۔اس میں لوگوں کی عمر،جنس،ساخت،تعلیم کا معیار،اس کی شکل وغیرہ شامل ہیں

4۔ (i) 14 سال تک سبھی بچوں کو مفت تعلیم

(ii) وسیع پیمانے پر ٹیکہ کاری کے ذریعے بیماریوں سے بچوں کو بچانا۔

(iii) لڑکیوں کی شادی کی عمر کو بڑھانے کی حوصلہ افزائی

5 (i) طبعی عوامل:۔پہاڑ،پٹھار،بہت ٹھنڈے علاقے اور بہت گرم علاقوں میں آبادی کم ہے جب کہ زرخیز مٹی والے علاقے (میدان) زیادہ گنجان آباد ہیں۔

(ii) ثقافتی عوامل:۔مذہبی مقامات اور زیارت کے مقامات زیادہ گنجان آباد ہیں۔

(iii) انسانی عوامل:۔روزگار کے مواقع آبادی کے گنجان پن کو متاثر کرتے ہیں۔

6۔ (i) ابتدائی پیشے:۔یہ کچے مال سے متعلق پیشے ہیں۔ان میں زراعت،مویشی پالن،مچھلی پکڑنا وغیرہ پیشے شامل ہیں

(ii) ثانوی پیشے:۔ان پیشوں میں کچے مال کو استعمال کرکے زیادہ کارآمد اور قیمتی اشیا میں بدلا جاتا ہے۔اس میں تمام صنعتیں اور عمارتوں کی تعمیر شامل کی جاتی ہے۔

(iii) ثالثی پیشے:۔ان پیشوں میں نقل وحمل،ترسیل،تجارت،انتظامیہ اور دیگر خدمات شامل ہیں۔

7۔ (i) لوگوں کی تعداد کا علم:۔مردم شماری کرکے ہم اپنے ملک میں رہنے والے لوگوں کی تعداد،عمر کی ساخت،پیدائش اور موت کی شرح،پیشہ ورانہ ڈھانچہ کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

(ii) آبادی کی تقسیم اور علاقوں کی معلومات:۔لوگوں کا ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں ہجرت کرنے اور جدید تکنیک کا استعمال کرکے صنعتوں،تجارت وغیرہ کے میدانوں میں ایک دہے کے اندر کی گئی ترقی کا پتہ لگا سکتے ہیں۔

(iii) جنسی تناسب کی کیفیت :۔ جنسی تناسب کے اعداد وشمار بھی مردم شماری سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔

(iv) پیشہ ورانہ ساخت کی معلومات :۔ہمارے ملک میں کتنے لوگ ابتدائی، ثانوی اور ثالثی پیشوں سے وابستہ ہیں۔ اس کی معلومات بھی ہمیں مردم شماری سے ہو جاتی ہے۔

(v) خواندگی کی سطح کا علم :۔ مردم شماری سے خواندگی سے متعلق اعداد وشمار حاصل ہو جاتے ہیں۔

8۔ آبادی میں فی ہزار مردوں کے مقابلے عورتوں کی تعداد جنسی تناسب کہلاتی ہے۔

(i) ہندوستانی سماج میں لڑکیوں کے مقابلے لڑکوں کی پرورش زیادہ بہتر طور پر کی جاتی ہے۔

(ii) ہندوستان میں لڑکیوں کی شرح اموات لڑکوں کے مقابلے زیادہ ہے۔

(iii) عورتوں میں ابھی بھی زچگی کے دوران موت کی شرح زیادہ ہے۔

(iv) دیہاتی علاقے میں عورتوں کا سماجی، اقتصادی معیار مردوں کے مقابلے میں کافی کم ہے۔

(v) غیر قانونی دوران حمل جانچ جیسے جرائم بھی ابھی عمل میں آتے ہیں۔

9۔ (i) زمین کی زرخیزی :۔ہندوستان کے جن صوبوں میں زرخیز زمین زیادہ مہیا ہے وہاں آبادی کا گنجان پن زیادہ ہے

(ii) بارش کی مقدار :۔ زیادہ بارش والے علاقوں میں آبادی کا گنجان پن زیادہ ہے۔

(iii) آب وہوا :۔ جہاں آب وہوا صحت کے لیے موافق ہو تو وہاں کی آبادی کا گنجان پن زیادہ ہوتا ہے۔اس کے برخلاف جہاں آب وہوا صحت کے لیے غیر موافق ہے وہاں آبادی کا گنجان پن کم ہے۔

(iv) آمدورفت کے ذرائع :۔ آمدورفت کے ذرائعوں کے ترقی کی وجہ سے تجارت کو فروغ حاصل ہوتا ہے جس کی وجہ سے آبادی کا گنجان پن بھی ایسے علاقوں میں زیادہ ہوتا ہے جہاں آمدورفت کے بہتر وسائل موجود ہوں۔

(v) صنعتی ترقی :۔ جن علاقوں پر صنعتیں قائم ہوتی ہیں وہاں آبادی کا گنجان پن زیادہ ہوتا ہے۔

10۔ (i) شرح پیدائش :۔ ایک سال میں فی ہزار لوگوں پر زندہ پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد شرح پیدائش کہلاتی ہے

(ii) شرح اموات :۔ ایک سال میں فی ہزار لوگوں پر مرنے والے لوگوں کی تعداد کو شرح اموات کہتے ہیں۔

(iii) ترک وطن کر کے لوگوں کا کسی جگہ آ کر بس جانا اس لیے کہ وہاں بہتر سہولیات موجود ہوں تو وہ (آبادکاری) Imigration کہلاتا ہے۔

(iv) ہجرت:۔ ایک علاقہ میں حالات سازگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا کسی اور جگہ جاکر بس جانا Emigration کو ہجرت کہتے ہیں۔

(v) ماحولیاتی مخالفت:۔ اگر کسی علاقے میں رہنے والی آبادی ماحول کے ساتھ تال میل نہیں بنا سکتی تو مجبور ہو کر وہ وہاں سے ہجرت کر جاتی ہے۔

مندرجہ بالا سبھی عوامل آبادی کو متاثر کرتے ہیں؟

# سیاسیات

## باب۔1

## جمہوریت کیا؟ جمہوریت کیوں؟

### یاد رکھنے لائق نکات:

- جمہوریت لفظ یونانی لفظ (Demoskratia) سے بنا ہے۔
- یونانی میں Demos کے معنی میں لوگ اور kratia کے معنی ہیں ۔حکومت ۔اس طرح جمہوریت کے معنی ہیں لوگوں کی حکومت۔
- جمہوریت، حکومت کا وہ روپ ہے جس میں حکمرانوں کا انتخاب عوام کرتی ہیں۔
- جمہوریت ایسی حکومت ہے جو لوگوں کی، لوگوں کے ذریعے اور لوگوں کے لئے ہو۔ (ابراہم لنکن)
- جمہوریت میں ہر بالغ شہری، کا ایک ووٹ ہوتا ہے۔
- جمہوری حکومت آئین اور شہری حقوق کی بنیاد پر کام کرتی ہے۔
- چین کی پارلیمنٹ کو "قومی عوامی پارلیمنٹ" کہا جاتا ہے اس پارلیمنٹ کو ملک کا صدر منتخب کرنے کا حق رکھتا ہے۔
- انتخاب لڑنے سے پہلے سبھی امیدواروں کو چینی کمیونسٹ پارٹی سے منظوری لینی پڑتی ہے۔حکومت ہمیشہ کمیونسٹ پارٹی کی ہی بنتی ہے۔
- پاکستان میں جنرل پرویز مشرف نے اکتوبر 1999 میں فوجی تختہ پلٹ کی قیادت کی تھی۔موجودہ دور میں یہاں ایک جمہوری حکومت ہے۔
- اگر چہ جمہوری نظامِ حکومت کو سب سے بہترین نہیں کہا جا سکتا، پھر بھی یہ دیگر کسی نظام حکومت سے بہتر ہے۔
- جمہوریت صرف ایک طرح کا نظام حکومت کا طریقہ کار یا کچھ قسم کے ادارے ہی نہیں ہیں بلکہ وسیع تر معنیٰ میں یہ ایک ایسا

اصول ہے جو زندگی کے ہر شعبہ میں اختیار کرنا چاہیے۔

**جمہوریت کی اہم خصوصیات**

- آزاد اور غیر جانب دار انتخابی مقابلہ اور عالمگیر حق بالغ رائے دہندگی
- اہم فیصلے منتخب لیڈروں کے ذریعے لیے جاتے ہیں
- حکومت میں حصے داری کا سبھی کو برابر موقع
- قانون کی حکمرانی اور حقوق کا احترام
- ایک شخص ایک ووٹ کی قیمت

**جمہوری حکومت کی اہم خصوصیات**

- شہریوں کو تحریر وتقریر اور اظہار خیال کی آزادی
- آزاد اور غیر جانب دار انتخابی مقابلوں کے انتظام اور عالمگیر حق بالغ رائے دہندگی
- پریس کو مکمل آزادی
- کاروباریوں کو کاروباری تنظیمیں قائم کرنے کی مکمل آزادی
- سیاسی جماعتوں کو آزادانہ طور پر کام کرنے کی اجازت

**جمہوریت کے حق میں دلائل**

- حکومت کی زیادہ جواب دہی والی قسم
- بہتر فیصلے لینے کی امید
- شہریوں کا احترام
- اختلافات اور تنازعات کو حل کرنے کا بہتر نظام
- غلطیوں کے سدھار کے مواقع




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ کوئی ایک غیر جمہوری کام لکھیے۔

2۔ اس لیڈر کا کام بتایئے جس نے جرمنی میں تاناشاہی حکومت قائم کی تھی۔

3۔ کسی ایک ایسے ملک کا نام بتایئے جو جمہوری نہیں ہے؟

4۔ ابراہم لنکن نے جمہوریت کی تعریف کس طرح کی ہے؟

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کس نے اکتوبر 1999 میں پاکستان میں فوجی تختہ پلٹ کی قیادت کی تھی؟

(a) آصف زرداری (b) نواز شریف

(c) پرویز مشرف (d) شوکت عزیز

6۔ جمہوریت میں آخری فیصلہ لینے کا اختیار کس کے پاس ہونا چاہیے؟

(a) وزیر اعظم (b) عوام کے ذریعے منتخب نمائندوں

(c) عدلیہ (d) صدر

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کس ملک میں صرف برسرِ اقتدار جماعت ہی انتخاب میں حصہ لے سکتی ہے؟

(a) میکسیکو (b) نیپال

(c) پاکستان (d) چلی

8۔ سعودی عرب میں سماج کے کس طبقے کو ووٹ ڈالنے کا حق حاصل نہیں تھا؟

(a) غریب (b) اقلیت

(c) قبائلی (d) عورتوں

9۔ ان میں سے کون سے کام جمہوری ہیں؟

(a) آزاد عدلیہ (b) مساوات کا حق

(c) جمہوری نظام (d) مندرجہ بالا سبھی

10۔ مندرجہ ذیل کا ملان کیجیے:

(i) فجی (a) راجا نے اپنے اختیارات چھوڑنے پر رضامندی دی

(ii) نیپال (b) فوجی تاناشاہی کا خاتمہ

(iii) چین (c) اصل باشندوں کو ووٹ کا اصل حق

(iv) چلی (d) بعث پارٹی

(v) سیریا (e) قومی عوامی پارلیمنٹ

11۔ خالی جگہ کو پُر کیجیے۔

جمہوری نظامِ حکومت، دوسرے نظامِ حکومت سے............مانا جاتا ہے۔

12۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): کسی ملک میں عورتوں کو حق رائے دہندگی نہ دینا غیر جمہوری ہے۔

وجہ (R): جمہوریت شہریوں کے وقار میں اضافہ کرتی ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبروالے سوالوں کے جوابات

1۔ انتخابی کمیشن کا آزاد نہ ہونا

2۔ ہٹلر

3۔ چین

4۔ ایسی حکومت جو لوگوں کی ہو، لوگوں کے لیے ہو، لوگوں کے ذریعے ہو

5۔ (c) پرویز مشرف

6۔ (b) لوگوں کے ذریعے منتخب نمائندے

7۔ (a) میکسیکو

8۔ (d) عورتوں

9۔ (d) مندرجہ بالا سبھی

10۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | فجی | (c) | اصل باشندوں کو ووٹ کا اصل حق |
| (ii) | نیپال | (a) | راجا نے اپنے اختیارات چھوڑنے پر رضامندی دی |
| (iii) | چین | (e) | قومی عوامی پارلیمنٹ |
| (iv) | چلی | (b) | فوجی تاناشاہی کا خاتمہ |
| (v) | سیریا | (d) | بعث پارٹی |

11۔ بہتر

12۔ (a)

## 3/5 نمبروالے سوالات

1۔ کیا نیپال 2005 تک ایک جمہوری ملک تھا؟ اپنے جواب کے حق میں دلائل پیش کیجیے۔

2۔ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ میانمار اب ایک جمہوری ملک ہے؟ اپنے جواب کے حق میں دلائل پیش کیجیے۔

3۔ کیا سعودی عرب ایک جمہوری ملک ہے؟ اپنے جواب کے حق میں دلائل پیش کیجیے۔

4۔ کیا چین ایک جمہوری ملک ہے؟ جواب کی حمائت میں دلائل پیش کیجیے۔

5۔ جمہوریت کی اہم خصوصیات لکھیے۔

6۔ ''ایک شخص، ایک ووٹ، ایک قیمت'' سے کیا مراد ہے۔

7۔ جمہوری حکومت کی تعریف بیان کیجیے؟

8۔ غیر جمہوری حکومتوں کی کچھ خاص علامات لکھیے۔

9۔ جمہوریت کے حق میں پانچ جواز/ دلائل پیش کیجیے؟

10۔ جمہوریت کے خلاف پانچ جواز/ دلائل پیش کیجیے؟

11۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

''جمہوریت کی جن خصوصیات کا تذکرہ ہم نے اس باب میں کیا وہ جمہوریت کی کم از کم شرائط ہیں۔لیکن ان سے یہ مثالی جمہوریت نہیں بنتی۔ایک مثالی جمہوریت میں فیصلے لینے کا طریقہ کار جمہوری ہونا چاہیے۔ ہر جمہوریت کو ایسی مثال قائم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ یہ حالت ایک بار میں اور ایک ساتھ سبھی کے لیے حاصل نہیں کی جاسکتی۔اس لیے جمہوری فیصلے لینے کے طریقہ کار کو بچائے رکھنے اور مضبوط کرتے جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔شہری کے طور پر ہم جو بھی کام کرتے ہیں وہ بھی ہمارے ملک کی جمہوریت کو اچھا یا برا بنانے میں مدد کرتا ہے۔ یہ ہی جمہوریت کی طاقت ہے اور یہ ہی کمزوری بھی۔ ملک کا مستقبل حکمرانوں کے کام کاج سے بھی زیادہ شہریوں کے کام کاج پر انحصار رکھتا ہے۔ یہ ہی چیز جمہوریت کو دیگر نظام حکومتوں سے الگ کرتی ہے۔ بادشاہت، تانا شاہی یا ایک جماعتی حکومتی نظام میں شہریوں کو سیاست میں حصے داری کی اجازت نہیں ہوتی۔ دراصل زیادہ تر غیر جمہوری حکومتیں چاہتی ہی نہیں کہ لوگ سیاست میں حصہ لیں۔لیکن جمہوری نظام حکومت سبھی شہریوں کی سرگرم حصے داری پر ہی منحصر ہے۔

(i) خالہ جگہ پُر کیجیے:

زیادہ تر.................حکومتیں چاہتی ہی نہیں کہ لوگ سیاست میں حصہ لیں۔

(ii) جملے کو صحیح کر کے دوبارہ لکھیے۔

بادشاہت، تاناشاہی یا ایک جماعتی نظام حکومت میں سبھی شہریوں کو سیاست میں حصہ لینے کی اجازت ہوتی ہے

(iii) جمہوری ملک کا مستقبل لیڈروں کے کام کاج سے زیادہ کس کے کام کاج پر انحصار کرتا ہے؟

(iv) جمہوریت میں لوگوں کا کیا رول ہوتا ہے؟

## 3/4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ نہیں

(i) نیپال میں لوگوں کے ذریعے چُنی ہوئی حکومت تھی مگر اسے راجا کے ذریعے کبھی بھی تحلیل کر دیا جاتا تھا۔

(ii) نیپال کے راجا شاہی خاندان میں پیدا ہونے کی وجہ سے بادشاہ تھے۔

2۔ کیوں کہ اب

(i) میانمار میں جمہوری حکومت ہے۔

(ii) وہاں لوگوں کے حقوق کا خیال کیا جاتا ہے۔ پہلے کی طرح فوجی افسروں کا دبدبہ نہیں ہے۔

(iii) حکومت کے معاملات اور فیصلوں میں عوام کی حصہ داری ہے۔

3۔ نہیں

سعودی عرب کے بادشاہ لوگوں کے ذریعے منتخب نہیں ہوتے۔ شاہی خاندان میں پیدا ہونے کی وجہ سے انہیں یہ حق مل جاتا ہے۔

4۔ نہیں

(i) چین میں انتخاب میں کھڑا ہونے کے لئے پہلے کمیونسٹ پارٹی میں منظوری لینا ضروری ہوتا ہے۔

(ii) صرف کمیونسٹ پارٹی اور اس سے متعلق کچھ چھوٹی جماعتوں کے ممبران ہی انتخاب میں حصہ لے سکتے ہیں۔

5۔ جمہوریت کی خصوصیات:

(i) اہم فیصلے عوام کے ذریعے منتخب ممبران کے ذریعے۔

(ii) آزاد اور غیر جانبدارانہ انتخابات۔

(iii) ایک شخص، ایک ووٹ اور ایک قیمت۔

(iv) قانون کی حکمرانی اور حقوق کی عزت۔

(v) حکومت میں سبھی کو یکساں مواقع۔

6۔ جمہوریت میں ہر ایک بالغ شہری کا ایک ووٹ ہوتا ہے اور ایک ووٹ کی یکساں قیمت ہوتی ہے۔

7۔ جمہوری حکومت کی خصوصیات:

(i) شہریوں کو آزادیٔ اظہارِ خیال کی پوری آزادی ہوتی ہے۔

(ii) آزاد اور غیر جانبدارانہ طور پر انتخابات منعقد کروائے جاتے ہیں۔

(iii) سیاسی جماعتیں آزادانہ طور پر کام کرتی ہیں۔

(iv) مزدوروں کو انجمنیں بنانے کی پوری آزادی حاصل ہوتی ہے۔

(v) پریس کو مکمل آزادی حاصل ہوتی ہے۔

8۔ غیر جمہوری حکومتوں کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) لوگ حکومت اور اس کی پالیسیوں کی تنقید نہیں کر سکتے۔

(ii) حکومت کرنے والا سب سے اعلیٰ ہوتا ہے۔

(iii) حزبِ اختلاف کی کوئی جگہ ملک میں نہیں ہوتی۔

(iv) مزدوروں کو انجمنیں بنانے کی اجازت نہیں ہوتی۔

(v) پریس پورے طور پر آزاد نہیں ہوتی۔

9۔ جمہوریت کے حق میں پانچ دلائل:

(i) حکومت کا زیادہ جوابدہ روپ۔

(ii) بہتر فیصلے لینے کی امید۔

(iii) شہریوں کا احترام۔

(iv) تنازعات کے حل کے لئے زیادہ بہتر طریقہ۔

(v) غلطیوں کو سدھارنے کے مواقع کی موجودگی۔

10۔ جمہوریت کے خلاف پانچ دلائل۔

(i) عدم استحکام توقع

(ii) فیصلوں میں دیری

(iii) بدعنوانی کی امید۔

(iv) انتخابی عمل کا مہنگا ہونا۔

(v) عام لوگوں کو حکومت کو منتخب کرنے میں دشواری۔

11۔ ماخذ پر مبنی سوالات کے جواب

(i) غیر جمہوری

(ii) بادشاہت، تاناشاہی یا ایک جماعتی نظام حکومت میں سبھی شہریوں کو سیاست میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوتی ہے۔

(iii) شہریوں کے

(iv) شہری کے طور پر، ہم جو بھی کام کرتے ہیں وہ بھی ہمارے ملک کی جمہوریت کو اچھا یا برا بنانے میں مدد کرتا ہے۔ یہ ہی جمہوریت کی طاقت ہے اور یہ ہی کمزوری بھی۔

# باب۔ 2

# آئین سازی

## یاد رکھنے لائق نکات:

جنوبی افریقہ کی جدوجہد آزادی

| |
|---|
| یوروپی اقلیتی گوروں کی حکومت کے ذریعے مقامی کالے لوگوں پر ظلم |
| ↓ |
| نیلسن منڈیلا نے رنگ بھید کی بنیاد پر چلنے والے نظام حکومت کے خلاف آواز اٹھائی |
| ↓ |
| افریقی نیشنل کانگریس کے پرچم تلے گوروں کے خلاف مزدور یونین اور کمیونسٹ پارٹی بھی شامل ہوئی |
| ↓ |
| 1950 میں جدوجہد شروع ہوئی اور 1994 میں آزادی حاصل ہوئی |
| ↓ |
| 1994 میں انتخابات کا اعلان: نیلسن منڈیلا صدر جمہوریہ بنے |
| ↓ |
| ایک نئے آئین کی تعمیر کی گئی جس میں شہریوں کو وسیع تر اختیارات دیے گئے |

- نیلسن منڈیلا کے ذریعے لکھی گئی سوانح حیات ''دی لانگ واک ٹو فریڈم'' ہے۔
- رنگ بھید: نسلی تفریق پر مبنی اس نظام کا نام ہے جو جنوبی افریقہ میں خاص طور پر چلایا گیا۔
- آئین (دستور) تحریری اصولوں کا ایک ایسا دستاویز ہے جسے کسی ملک کے باشندے عام طور پر مانتے ہیں۔ آئین سب سے اعلیٰ ہے ۔ جسے کسی بھی علاقے میں رہنے والے لوگوں کے درمیان آپسی تعلقات طے ہونے کے ساتھ ساتھ عوام اور حکومت کے درمیان بھی تعلقات طے ہوتے ہیں۔




- جن ملکوں میں آئین ہے وہ جمہوری ہی ہوں یہ ضروری نہیں ہے لیکن تمام جمہوری ممالک میں آئین ہوتا ہے۔

## ہندوستان میں آئین سازی کے وقت کے حالات

(i) ہندوستان برطانیہ نوآبادی تھا۔

(ii) مذہب کی بنیاد پر ملک کا بٹوارہ

(ii) بڑی تعداد میں فساد: دس لاکھ سے زیادہ لوگوں کی موت

(iv) پناہ گزیری کا مسئلہ

(v) دیسی ریاستوں کا الحاق




- آئین ساز اسمبلی: چنے گئے نمائندوں کی وہ اسمبلی جو آئین لکھنے کا کام کرتی ہے۔
- ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کے لیے جولائی 1946 میں انتخابات ہوئے تھے۔
- ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کی پہلی نشست دسمبر 1946 میں ہوئی تھی۔
- ہندوستان کا آئین لکھنے والی آئین ساز اسمبلی میں 299 ممبر تھے۔ اسے 26 نومبر 1949 میں پورا کیا گیا تھا۔
- ہندوستان کا آئین 26 جنوری 1950 کو لاگو ہوا۔ اس لیے اس دن کو یوم جمہوریہ کے طور پر منایا جاتا ہے۔
- ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر مسودہ سازی کمیٹی کے صدر تھے۔
- ڈاکٹر راجندر پرساد ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کے صدر تھے۔
- گاندھی جی نے 1931 میں ''ینگ انڈیا'' نامی رسالہ نکالا تھا۔

## ہندوستانی آئین کی تمہید(تعارف):

### بھارت کا آئین

### تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو ایک مقتدر، سماج وادی، غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

انصاف سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور مواقع اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر 1949 کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔



## آئین کا فلسفہ:




ہم ہندوستان کے لوگ: اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان میں آئین سازی عوام نے اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے کی ہے نہ کہ کسی بادشاہ یا باہری آدمی نے اسے دیا ہے۔

مقتدر اعلیٰ: لوگوں کو اپنے سے متعلق ہر فیصلہ لینے کا حق ہے۔ ہندوستانی حکومت کو کوئی بھی باہری طاقت حکم نہیں دے سکتی۔

سماج وادی: سماج میں وسائل اجتماعی طور پر پیدا ہوتے ہیں اور سماج میں ان کا بٹوارہ اجتماعی طور پر ہی ہونا چاہیے۔ حکومت زمین اور جائیداد سے متعلق قوانین اس طرح بنائے کہ سماجی اور اقتصادی عدم مساوات کم ہو سکے۔

مذہب روادار: لوگوں کو کسی بھی مذہب کو ماننے کی پوری آزادی ہے۔ ہندوستان کا کوئی بھی ریاستی مذہب نہیں ہے اور حکومت سبھی مذاہب کو برابری کا درجہ دیتی ہے۔

جمہوری: حکومت کا ایسا نظام جس میں لوگوں کو مساوی سیاسی حقوق حاصل ہوتے ہیں۔ لوگ اپنی حکومت منتخب کرتے ہیں اور اسے جواب دہ بناتے ہیں۔

عوامی جمہوریہ: حکومت کا سربراہ عوام کے ذریعے چنا ہوا شخص ہوگا نہ کہ کسی نسل یا خاندان کا۔

انصاف: شہریوں کے ساتھ ان کی ذات، مذہب اور جنس کی بنیاد پر کوئی تفریق یا بھید بھاؤ نہیں کیا جا سکتا۔

آزادی: لوگوں کو اظہار خیال کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ اس لیے کوئی پابندی نہیں لگائی جا سکتی۔

مساوات: قانون کی نظر میں تمام لوگ برابر ہیں۔ پہلے چلی آ رہی نابرابریاں ختم کی جائیں گی۔

بھائی چارہ: ہم سب ایسے برتاؤ کریں کہ ہم سبھی ایک ہی خاندان کے ممبر ہیں۔ کوئی بھی شہری کسی دوسرے شہری کو کمتر نہ سمجھے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ نیلسن منڈیلا کے ذریعے لکھی ہوئی سوانح حیات کا نام کیا ہے؟

2۔ نیلسن منڈیلا کتنے سالوں تک جیل میں رہے؟

3۔ عوامی جنوبی افریقہ کا نیا پرچم/جھنڈا کب لہرایا گیا؟

4۔ جنوبی افریقہ میں کس لیڈر نے نسلی تفریق کی مخالفت کی؟

5۔ رنگ بھید کی پالیسی سے کیا مراد ہے؟

(a) معاشی استحصال (b) مذہبی اختلافات

(c) نسلی اختلافات (d) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ 1948 سے 1994 تک نسلی بھید بھاؤ کی پالیسی کس ملک میں چلتی رہی؟

(a) ہندوستان (b) روس

(c) جنوبی امریکہ (d) جنوبی افریقہ

7۔ جنوبی افریقہ میں کس سیاسی جماعت نے آزادی کی لڑائی لڑی؟

(a) ریپبلکن پارٹی (b) کمیونسٹ پارٹی

(c) افریقن نیشنل کانگریس (d) جمہوری جماعت

8۔ کس نوآبادیاتی قانون سے ہندوستانی آئین نے بہت سے باتیں لی ہیں؟

(a) 1909 کا ہندوستانی حکومت ایکٹ (b) 1935 کا ہندوستانی حکومت ایکٹ

(c) 1919 کا ہندوستانی حکومت ایکٹ (d) 1947 کا ہندوستانی حکومت قانون

9۔ ہندوستانی آئین سازی میں مندرجہ ذیل لیڈران اوران کے کردار کا ملان کیجیے:

(i) موتی لعل نہرو (a) آئین ساز اسمبلی کی صدر

(ii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر (b) آئین ساز اسمبلی کے ممبر

(iii) داکٹر راجندر پرساد (c) مسودہ ساز کمیٹی کے صدر

(iv) سروجنی نائیڈو (d) 1928 میں ہندوستان کا آئین

10۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(i) ہندوستانی آئین 26 نومبر......................کو تیار ہو گیا تھا۔

(ii) ہندوستانی آئین 26 جنوری.......................لاگو ہوا۔

(iii) ہندوستانی آئین ساز اسمبلی میں کل...............ممبران تھے۔

(iv) گاندھی جی نے 1931 میں آئین سے اپنی امیدوں کے بارے میں...................نامی رسالے میں لکھا۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ ''دی لانگ واک ٹو فریڈم''

2۔ 28 سال

3۔ 26اپریل1994

4۔ نیلسن منڈیلا

5۔ (c) نسلی اختلافات

6۔ (d) جنوبی افریقہ

7۔ (c) افریقن نیشنل کانگریس

8۔ (b) 1935 کا ہندوستانی حکومت ایکٹ

9۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | موتی لعل نہرو | (d) | 1928 میں ہندوستان کا آئین |
| (ii) | ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر | (c) | مسودہ ساز کمیٹی کے صدر |
| (iii) | داکٹر راجندر پرساد | (a) | آئین ساز اسمبلی کی صدر |
| (iv) | سروجنی نائیڈو | (b) | آئین ساز اسمبلی کے ممبر |

10۔ (i) 1949

(ii) 1950

(iii) 299

(iv) ینگ انڈیا

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ رنگ بھید سے کیا مراہے؟

2۔ جنوبی افریقہ کی جہدوجہد آزادی کے بارے لکھیے؟

3۔ آئین کے خاص کام کون سے ہیں؟

4۔ ہندوستانی آئین کی رہنمائی کرنے والے الفاظ، مذہبی رواداری، جمہوریت، جمہوریہ، بھائی چارہ، اور مساوات کے معنی بیان کریں۔

5۔ آئین کیا ہوتا ہے؟

6۔ آئین کیوں ضروری ہے؟

7۔ آئین کی ترمیم سے کیا مراد ہے؟

8۔ ہندوستانی آئین کی اہم خصوصیات کون سی ہیں؟

## 3/5نمبروالے سوالوں کے جوابات

1۔ رنگ بھید:

رنگ بھید، نسلی تفریق پر مبنی وہ نظام ہے جو جنوبی افریقہ میں خاص طور پر اپنایا گیا۔ جنوبی افریقہ پر نظام یوروپ کے سفید فام لوگوں نے تھوپا تھا۔

2۔ جنوبی افریقہ کی جدوجہد آزادی۔

(i) 1950 سے ہی آزادی کی جدوجہد جاری تھی 1994 میں اس نے آزادی حاصل کی۔

(ii) یوروپی اقلیتی سفید فام لوگوں کی حکومت مقامی سیاہ فام لوگوں پر ظلم وزیادتی کرتی تھی۔

(iii) جنوبی افریقہ کے قائد نیلسن منڈیلا نے رنگ بھید سے چلنے والے نظام حکومت کے خلاف آواز بلند کی۔

(iv) افریقن نیشنل کانگریس کے پرچم تلے گورے لوگوں کے خلاف مزدور یونین اور کمیونسٹ پارٹیاں بھی شامل تھیں

(v) 1994 میں انتخاب کا اعلان کیا گیا جس میں ہر دلعزیز افریقی قائد نیلسن منڈیلا کی جیت ہوئی۔ انھیں آزاد جنوبی افریقہ کا صدر چنا گیا۔

3۔ آئین کے خاص کام مندرجہ ذیل ہیں:

(i) ساتھ رہ رہے مختلف النوع لوگوں کے بیچ ضروری بھروسہ اور مدد کو فروغ دینا۔

(ii) یہ واضح کرنا کہ حکومت کی تشکیل کیسے ہوگی؟ اور کسے فیصلے لینے کا حق ہوگا؟

(iii) حکومت کے اختیارات کی حد طے کرنا اور شہریوں کے حقوق کو بتانا۔

(iv) اچھے سماج کو بنانے کے لئے لوگوں کی امیدوں کو واضح کرنا۔

4۔ ہندوستانی آئین کو سمت عطا کرنے والے الفاظ:

(i) مذہبی رواداری: شہریوں کو کسی بھی مذہب کو ماننے کی پوری آزادی ہے لیکن کوئی مذہب سرکاری مذہب نہیں ہے

(ii) جمہوریہ : ملک کا سربراہ بھی عوام کے ذریعے ہی منتخب ہوتا ہے۔

(iii) جمہوری: حکومت کا ایسا روپ جس میں لوگوں کو یکساں سیاسی حقوق حاصل ہوتے ہیں۔

(iv) مساوات: قانون کے سامنے سبھی برابر ہیں۔

(v) بھائی چارہ! ہم سب کا کردار اس طرح کا ہونا چاہیے جیسے ہم سب ایک ہم کنبہ کے ممبر ہوں۔کوئی بھی شہری کسی دوسرے شہری کو اپنے سے کمتر نہ سمجھے۔

## 5۔ آئین

(i) آئین تحریری اصولوں کی ایک ایسی کتاب ہے جسے کسی ملک میں رہنے والے سبھی لوگ مجموعی طور سے مانتے ہیں۔

(ii) آئین سب سے اعلیٰ قانون ہے۔

(iii) آئین لوگوں کے بیچ آپسی تعلقات، لوگوں اور حکومت کے بیچ کے تعلقات کو طے کرتا ہے۔

## 6۔ آئین کی ضرورت

(i) جمہوری حکومت کی تشکیل اور اس کے کاموں کو طے کرنے کے لیے۔

(ii) حکومت کے مختلف اعضاء کے دائرۂ اختیار کو طے کرنے کے لیے۔

(iii) حکومت کو اپنے اختیارات کے ناجائز استعمال سے روکنے کے لیے۔

(iv) شہریوں کے حقوق کو محفوظ رکھنے کے لیے۔

## 7۔ آئینی ترمیم

(i) ملک کی اعلیٰ ترین مقننہ کے ذریعے اس ملک کے آئین میں کئے جانے والے بدلاؤ (یعنی تبدیلیوں) کو آئینی ترمیم کہتے ہیں۔

8۔ ہندوستانی آئین کی اہم خصوصیات:

(i) وفاقی نظام حکومت

(ii) پارلیمانی نظام کا اپنانا

(iii) مقتدرِ اعلیٰ، جمہوری، جمہوریہ کا قیام

(iv) مذہبی رواداری والی ریاست

(v) آزاد اور غیر جانبدار عدلیہ

(vi) بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض

(vii) ریاستی پالیسی کے رہنما اصول

# باب۔3

# انتخابی سیاست

## یاد رکھنے لائق نکات:

- جمہوریت میں رائے عامہ کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔اس کی بنیاد پر حکومتیں تشکیل پاتی ہیں۔
- ہندوستان میں عوام ہر پانچ سالوں میں اپنے نمائندوں کا انتخاب کرتی ہے جو پالیسی سازی کی ذمہ داری نبھاتی ہے۔
- پانچ سال کی مدّت پوری ہونے کے بعد ہونے والے انتخاب کو''عام انتخاب''،مدّت پوری ہونے سے پہلے ہونے والے انتخاب''وسط مدّتی'' اور کسی ممبر کے انتقال یا استعفیٰ دینے کی صورت میں خالی نشست کو پر کرنے کے لیے ہونے والے انتخاب کو''ضمنی انتخاب'' کہتے ہیں۔
- انتخاب کے لیے ملک کو مختلف حصّوں میں تقسیم کردیا جاتا ہے جسے انتخابی حلقہ کہتے ہیں۔
- لوک سبھا میں کل 543 نشستیں ہیں۔درج فہرست ذاتوں کے لیے 84 نشستیں جب کہ درج فہرست قبائل کے لیے 47 نشستیں محفوظ ہیں۔
- رقبہ کے مطابق ملک کا سب سے بڑا لوک سبھا انتخابی حلقہ لدّاخ اور سب سے چھوٹا چاندنی چوک ہے۔
- رائے دہندگان کی فہرست کو ووٹر لسٹ کہتے ہیں۔اسے انتخابات سے بہت پہلے تیار کیا جاتا ہے۔
- 18 سال اور اس سے زیادہ عمر والے سبھی شہری ووٹ ڈال سکتے ہیں۔اسے عالمگیر حق رائے دہندگی کہتے ہیں۔
- انتخابات کو کرانے کی ذمہ داری ایک آزاد اور غیر جانب دار ادارے پر ہے جسے انتخابی کمیشن (الکشن کمیشن) کہتے ہیں۔
- انتخابی نعرے''غریبی ہٹاؤ۔اندرا گاندھی،''جمہوریت بچاؤ۔جنتا پارٹی،زمین جوتنے والے کو۔کمیونسٹ پارٹی،تیلگو عزت نفس۔تیلگو دیشم پارٹی نے دیے۔


جمہوری انتخابات کے لیے لازمی شرائط
1۔ ہر کسی کو ووٹ ڈالنے کا حق
2۔انتخابات میں متبادل کی فراہمی
3۔ طے شدہ مدت میں انتخابات
4۔ حقیقی انتخابات
5۔ آزاد اور غیر جانب دار انتخابات


آزاد اور غیر جانب دار انتخابات کے لیے اٹھائے گئے اقدامات
1۔ ووٹر لسٹ کو صحیح طریقے سے تیار کرنا
2۔سرکاری مشینری کے غلط استعمال پر قابو
3۔ ووٹروں کے لیے شناختی کارڈ
4۔ انتخابی شکایتوں کا جلد نبٹارہ
5۔ انتخابات میں پیسے اور طاقت کے استعمال کی جانچ


انتخابات میں ہونے والی مختلف دھاندلیاں
ووٹر لسٹ میں فرضی نام ڈالنا اور اصلی ناموں کو غائب کرنا
حکمراں کے ذریعے سرکاری سہولیات اور افسروں کا غلط استعمال
امیر امیدواروں اور بڑی پارٹیوں کے ذریعے بڑے پیمانے پر پیسہ خرچ کرنا
انتخاب کے دن انتخابی دھاندلی۔ ووٹروں کو ڈرانا اور فرضی ووٹ ڈلوانا


ہندوستانی الیکشن کمیشن کے اختیارات
1۔ انتخابی عمل کا انتظامیہ
2۔ ماڈل ضابطۂ اخلاق کو لاگو کرنا اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دینا
3۔ انتخابات کے دوران حکومت کو انتخابات سے متعلق ہدایات پر عمل کرنے کی ہدایت دینا
4۔ سرکاری عملہ کو اپنے ماتحت کر کے انتخابی کام کاج کو چلانا
5۔ جن الیکشن بوتھوں پر صحیح طریقے سے انتخابات نہیں ہوئے ہوں وہاں دوبارہ انتخاب کروانا




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ انتخابی حلقہ یا سیٹ کسے کہتے ہیں؟

2۔ اس وقت لوک سبھا کے لیے کتنے انتخابی حلقے پر انتخاب کروائے جاتے ہیں؟

3۔ ووٹر لسٹ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

4۔ وسط مدّتی انتخاب کسے کہتے ہیں؟

5۔ انتخابی حلقہ کے سائز کے مطابق سب سے بڑا لوک سبھا انتخابی حلقہ.................. ہے۔

(a) لدّاخ (b) حیدرآباد

(c) مشرقی ممبئی (d) گرداس پور

6۔ انتخابی حلقہ کے سائز کے مطابق ملک سب سے چھوٹا لوک سبھا انتخابی حلقہ.................. ہے۔

(a) گڑگاؤں (b) غازی آباد

(c) چاندنی چوک (d) باغپت

7۔ سرکاری افسران انتخابات میں کس کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں؟

(a) عدالت (b) حکومت

(c) پارلیمنٹ (d) الیکشن کمیشن

8۔ لوک سبھا میں درج فہرست ذاتوں کے لیے کتنی سیٹیں محفوظ ہیں؟

(a) 49 (b) 59

(c) 69 (d) 84

9۔ لوک سبھا میں درج فہرست قبائل کے لیے کتنی سیٹیں محفوظ ہیں؟

(a) 31 (b) 47

(c) 51 (d) 61

10۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(i) غریبی ہٹاؤ کا نعرہ................نے دیا۔

(ii) جمہوریت بچاؤ کا نعرہ...........................نے دیا۔

(iii) چودھری دیوی لعل نے.....................نامی پارٹی کی تشکیل کی۔

(iv) ہندوستان میں عام انتخاب..................سال بعد ہوتے ہیں۔

(v) ہندوستان میں ووٹ دینے کی عمر................سال طے ہے۔

11۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): ہمارا آئین ہر ایک شہری کو اپنا نمائندہ چننے کا حق دیتا ہے۔

وجہ (R): کچھ انتخابی حلقے درج فہرست ذاتوں کے لوگوں کے لیے محفوظ (ریزرو) ہیں۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول(A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول(A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ انتخابات کے مقصد سے ملک کو کئی حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے جنھیں انتخابی حلقہ یا سیٹ کہتے ہیں۔

2۔ 543

3۔ ووٹ کی اہلیت رکھنے والے لوگوں کی فہرست

4۔ طے وقت سے پہلے لوک سبھا تحلیل ہو جانے کی صورت میں پورے ملک میں ہونے والے انتخاب وسط مدتی انتخاب کہلاتے ہیں۔

5۔ (a) لدّاخ

6۔ (c) چاندنی چوک

7۔ (d) الیکشن کمیشن

8۔ (d) 84

9۔ (b) 47

10۔ (i) اندرا گاندھی

(ii) جنتا پارٹی

(iii) لوک دل

(iv) 5

(v) 18

11۔ (b) قول(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

## 3/4/5 نمبر والے سوالات

1۔ جمہوری انتخابات کے لیے ضروری کم از کم شرائط کیا ہیں؟

2۔ عام انتخابات اور ضمنی انتخابات میں فرق واضح کیجیے؟

3۔ سیاسی جماعتوں کے ذریعہ اپنائے جانے والی انتخابی مہم کے مختلف طریقۂ کار کا تذکرہ کیجیے۔

4۔ ہندوستان میں آزاد اور غیر جانبدار انتخابات کرانے کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

5۔ مثالی انتخابی ضابطۂ اخلاق سے کیا مراد ہے؟ اس کے اہم طریقۂ کار کیا ہیں؟

6۔ انتخابی قوانین کے مطابق انتخابات کے دوران کوئی بھی امیدوار یا جماعت کیا کام نہیں کر سکتی؟

7۔ ہندوستانی الیکشن کمیشن کے اختیارات کیا ہیں؟

8۔ ہندوستانی الیکشن کمیشن کے سامنے کون کون سی دشواریاں موجود ہیں؟

9۔ انتخابی طریقۂ کار کے مختلف مراحل کا تذکرہ کیجیے۔

10۔ ہندوستانی انتخابات کو جمہوری کیوں مانا جاتا ہے؟

## ماخذ پر مبنی سوال (4 نمبر)

11۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

''ہمارے آئین بنانے والوں نے سماج کے کمزور طبقات کے لیے محفوظ انتخابی حلقوں کے مخصوص نظام بنانے کا طریقہ سوچا۔ اس لیے چند انتخابی حلقے درج فہرست ذاتوں (ایس سی) اور درج فہرست قبائل (ایس ٹی) کے لوگوں کے لیے محفوظ کر دیے گئے ہیں۔ ایک محفوظ انتخابی حلقے کے اندر (ایس سی) صرف درج فہرست ذاتوں سے وابستہ فرد ہی الیکشن کے لیے کھڑا ہوسکتا ہے۔ اسی طرح سے صرف درج فہرست قبائل سے وابستہ افراد ہی محفوظ انتخابی خلقے سے (ایس ٹی) الیکشن لڑ سکتے ہیں۔ حالیہ لوک سبھا کے اندر درج فہرست ذاتوں کے لیے 84 نشستیں اور درج فہرست قبائل کے لیے 47 نشستیں محفوظ ہیں۔

(a) محفوظ انتخابی حلقے کا نظام کس کے ذریعے بنایا گیا؟

(b) درج فہرست ذاتوں کے لیے محفوظ سیٹوں پر انتخاب کون لڑ سکتا ہے؟

(c) لوک سبھا میں کل کتنی محفوظ سیٹیں ہیں؟

(d) انتخابی حلقوں میں ریزرویشن کا نظام کیوں بنایا گیا؟

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ جمہوری انتخاب کے لیے ضروری شرائط:

(i) ہر کسی کو ووٹ کا حق

(ii) انتخابات میں متبادل کی موجودگی

(iii) طے مدّت کے بعد انتخابات کے مواقعوں کی موجودگی

(iv) حقیقی انتخابات

(v) آزاد اور غیر جانبدار انتخابات

2۔ **عام انتخابات اور ضمنی انتخابات میں فرق**

(i) پانچ سال بعد سبھی منتخب ممبران کی مدّت ختم ہو جاتی ہے۔لوک سبھا اور اسمبلیوں کو تحلیل کر دیا جاتا ہے پھر سبھی نشستوں پر انتخابات کرائے جاتے ہیں۔ان انتخابات کو عام انتخابات کہا جاتا ہے۔

(ii) کسی انتخابی حلقے کے کسی ممبر کی موت یا استعفی سے خالی ہونے والی سیٹوں کے لیے ہونے والے انتخاب کو ضمنی انتخابات کہا جاتا ہے۔

3۔ انتخابی مہم کے مختلف ذرائع

(i) پوسٹر لگانا

(ii) جلسے منعقد کرنا

(iii) جلوس نکالنا

(iv) اخبارات وغیرہ میں اپیل

(v) گھر گھر جا کر ملاقات کرنا

4۔ (i) آزاد انتخابی کمیشن (الیکشن کمیشن) کا ہونا۔

(ii) انتخابات سے پہلے ووٹر لسٹوں کا صحیح ہونا۔

(iii) سرکاری مشینری کا غلط استعمال نہ ہونا۔

(iv) رائے دہندگان کے لئے شناختی کارڈ۔

(v) انتخابات میں سرمائے کے استعمال پر نظر۔

5۔ (i) انتخابی مہم کے دوران اصولوں پر عمل کرنا انتخابی ضابطہ کہلاتا ہے۔

(ii) انتخابی مہم کے لئے کسی مذہبی ادارے کا استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

(iii) سرکاری گاڑیوں، جہازوں اور سرکاری افسران کا انتخابی مہموں میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

(iv) انتخابات کے اعلان کے بعد حکومت کے ذریعہ کوئی بھی عوامی بھلائی کے کام کا افتتاح نہیں کیا جاسکتا۔

6۔ انتخابی قوانین کی رو سے کوئی بھی امیدوار یا پھر پارٹی مندرجہ ذیل کام نہیں کرسکتی۔

(i) ووٹر کو لالچ، رشوت یا دھمکی

(ii) ذات یا مذہب کے نام پر ووٹ مانگنا

(iii) انتخابی مہم میں سرکاری وسائل کا استعمال

(iv) لوک سبھا انتخاب میں ایک علاقے میں 25 لاکھ یا اسمبلی علاقے میں 10 لاکھ سے زیادہ خرچ

(v) انتخاب کے لیے کسی مذہبی مقام کا استعمال

7۔ ہندوستانی انتخابی کمیشن کے اختیارات:

(i) انتخاب کا اعلان ہونے سے لے کر نتائج کے اعلان تک انتخابی سرگرمیوں کا انتظام

(ii) انتخابی ضابطۂ اخلاق لاگو کرنا اور اس کے توڑنے والے امیدواروں اور جماعتوں کے خلاف کارروائی

(iii) انتخابات کے دوران حکومت کو ہدایت جاری کرنا

(iv) سرکاری افسران کو اپنے ماتحت کر کے ان سے انتخابی کام کاج لینا

(v) جن پولنگ بوتھ پر انتخابات ڈھنگ سے نہیں ہوئے ہیں وہاں دوبارہ انتخاب کروانا۔

8۔ ہندوستانی انتخابی کمیشن کے سامنے دشواریاں

(i) زیادہ مالدار امیدوار اور پارٹیوں کے غلط طریقے اپنانے پر روک تھام

(ii) مجرم کردار اور مجرموں سے تعلقات والے امیدواروں پر لگام کسنا

(iii) ٹکٹ بٹوارے میں کنبہ پروری پر شکنجہ کسنا

(iv) ووٹرز کے سامنے زیادہ متبادل مہیا کرانا

(v) چھوٹی جماعتوں اور آزاد امیدواروں کی پریشانیوں کو حل کرنا

9۔ انتخابات کا اعلان

- امیدواروں کا انتخاب (سیاسی جماعتوں کے ذریعے)
- پرچۂ نامزدگی پُر کرنا
- انتخابی نشانات کی تقسیم
- سیاسی جماعتوں کے ذریعہ اعلامیہ جاری کرنا
- انتخابی مہم
- ووٹوں کی گنتی
- نتائج کا اعلان

10۔ ہندوستانی انتخابات کو جمہوری ماننے کی وجوہات:

- آزاد الیکشن کمیشن
- انتخابات میں لوگوں کی بڑھتی حصے داری
- انتخابی نتائج کو قبول کرنا

11۔ (a) آئین سازوں کے ذریعے

(b) درج فہرست ذاتوں کے امیدوار

(c) 131 سیٹیں

(d) کمزور طبقات کو نمائندگی دینے کے لیے

# باب۔4

# اداروں کا کام کاج

## یاد رکھنے لائق نکات:

منڈل کمیشن:

- حکومت ہند نے 1979 میں دوسرا پچھڑی ذاتی کمیشن تشکیل دیا۔اس کی صدارت جناب بی۔پی۔منڈل نے کی تھی۔
- اسے ہندوستان میں سماجی و تعلیمی نظریہ سے پچھڑے طبقات کی پہچان کے لیے معیار طے کرنے اوران کا پچھڑاپن دور کرنے کے اقدامات تجویز کرنے کا ذمہ دیا گیا۔
- 1980 میں کمیشن نے سماجی و تعلیمی نظریہ سے پچھڑے طبقات کے لیے 27 فیصدریزرویشن دینے کی سفارش دی۔
- 1990 میں مرکزی کابینہ نے کمیشن کی سفارشوں کو لاگو کرنے کا فیصلہ کیا،جس سے بحث اوراحتجاج شروع ہوئے۔

جمہوریت میں ادارے:

- جمہوری نظام میں حکمرانوں کو بھی کچھ قاعدے قانون کو ماننا ہوتا ہے،انھیں بھی اداروں کے درمیان رہ کر کام کرنا ہوتا ہے۔
- تین اہم ادارے: مقنّنہ،عاملہ اورعدلیہ

پارلیمنٹ: مقنّنہ: فیصلہ لیے والے



**فیصلہ لینے والے: مقنّنہ**

- پارلیمنٹ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں پر شہریوں کے ذریعے منتخب نمائندے قانون بناتے ہیں۔
- صدر جمہوریہ قوم کا صدر ہوتا ہے اور رسمی طور سے ملک کا سب سے بڑا افسر ہوتا ہے۔
- وزیر اعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔ حکومت کی جانب سے زیادہ تر حقوق کا استعمال وہی کرتا ہے۔ وزیر اعظم کو لوک سبھا کے ممبروں کی اکثریت کی حمایت حاصل ہونا ضروری ہے۔

## پارلیمنٹ کی ضرورت

- کسی بھی ملک میں قانون بنانے کا سب سے بڑا حق پارلیمنٹ کو حاصل ہوتا ہے۔
- پارلیمنٹ حکومت چلانے والوں کو کنٹرول کرتی ہے
- حکومت کے ہر پہیے پر پارلیمنٹ کا کنٹرول ہوتا ہے
- عوامی مسائل اور کسی ملک کی قومی پالیسی پر بات چیت کے لیے پارلیمنٹ سپریم یونین ہے

445 ممبران ← لوک سبھا (ایوانِ زیریں) → دور – 5 سال

1۔ ممبران کا انتخاب براہ راست لوگوں کے ذریعے ہوتا ہے

2۔ زیادہ تر معاملوں میں اعلیٰ اختیار

3۔ ممبران زیادہ ہونے کی وجہ سے خیالات کو ترجیح ملنے کی امید

4۔ پیسے کے معاملے میں زیادہ اختیارات

5۔ وزرا کی کونسل پر کنٹرول

250 ممبران ← راجیہ سبھا (ایوانِ بالا) → دور – 6 سال

1۔ ممبران کا انتخاب بالواسطہ طریقے سے ہوتا ہے

2۔ ریاستوں کے معاملات میں زیادہ اختیارات

3۔ ممبران کم ہونے کی وجہ سے خیالات کو ترجیح نہ ملنے کی امید

4۔ پیسے کے معاملے میں کم اختیارات

5۔ وزرا کی کونسل پر سیدھا کنٹرول نہیں

## عاملہ

- کسی بھی حکومت کی مختلف سطحوں پر ہمیں ایسے افسر ملتے ہیں جو روزمرہ کے فیصلے کرتے ہیں۔ان تمام افسروں کو اجتماعی طور پر عاملہ کہتے ہیں۔

| سیاسی عاملہ | مستقل عاملہ |
|---|---|
| — عوام کے ذریعے مخصوص وقت تک کے لیے منتخب۔ | — طویل مدت کے لیے مقرر |
| — سیاسی لیڈر اس زمرہ میں آتے ہیں | — عوامی خدمات میں کام کرنے والے سرکاری ملازم |
| | — سیاسی عاملہ کے تحت کام کرتے ہیں |

## وزیر اعظم اور مجلس وزرا

- وزیرِ اعظم سب سے اہم سیاسی ادارہ ہے۔
- صدر جمہوریہ لوک سبھا میں اکثریت والی پارٹی یا پارٹیوں کے اتحاد کے لیڈر کو ہی وزیر اعظم مقرر کرتا ہے۔
- صدر جمہوریہ، وزیرِ اعظم کی صلاح پر دوسرے وزرا کو مقرر کرتا ہے۔
- مجلس وزرا اس کونسل کا سرکاری نام ہے جس میں سارے وزرا ہوتے ہیں۔

**مجلس وزرا**

- ← کابینہ وزیر — حکمراں پارٹی کے سینئر لیڈر۔ تقریباً 25 وزیر ہوتے ہیں۔
- ← آزاد چارج وزیر — عموماً چھوٹی وزارتوں کے ذمے دار
- ← ریاستی وزیر — اپنے محکمے کے کابینہ وزرا سے چھوٹے ہوتے ہیں

**ہندوستان کا صدر جمہوریہ منتخب ہونے کے لیے لازمی اہلیتیں**

1۔ ہندوستان کا شہری ہو

2۔ عمر 35 سال سے زیادہ ہو

3۔ دیوالیہ یا سزا یافتہ نہ ہو

4۔ کسی بھی سرکاری نفع بخش عہدے پر فائز نہ ہو

5۔ لوک سبھا کا ممبر بننے کی تمام اہلیتیں موجود ہوں







- صدر جمہوریہ کی تقرری براہ راست نہیں ہوتی ہے۔ پارلیمنٹ کے ممبران اور صوبوں کی اسمبلیوں کے ممبران اس کا انتخاب کرتے ہیں۔

## عدلیہ

- ہندوستان میں عدلیہ ضم (integrated) ہے۔اس کا مطلب ہے کہ ملک میں سپریم کورٹ عدالتی انتظامیہ کو کنٹرول کرتا ہے۔




## عدلیہ کی آزادی

- عدلیہ، مقنّنہ اور عاملہ کے کنٹرول میں کام نہیں کرتی ہے۔
- سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے ججوں کا تقرر صدر جمہوریہ کے ذریعے کیا جاتا ہے مگر تقرری کے بعد انھیں ان کے عہدوں سے برخاست کرنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔
- سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کو ملک کے آئین کی تشریح کرنے کا اختیار حاصل ہے۔
- ہندوستانی عدلیہ کے اختیارات اور آزادی اسے بنیادی حقوق کے محافظ کے طور پر کام کرنے کی قوت عطا کرتے ہیں۔

## عدالتی جائزہ

سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کو ملک کے آئین کی تشریح کرنے کا اختیار حاصل ہے۔اگر مقنّنہ کا کوئی قانون یا عاملہ کی کوئی کارروائی آئین کے خلاف ہے تو وہ مرکز اور صوبے کی سطح پر ایسے قوانین کو غیر قانونی قرار دے سکتے ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں پارلیمنٹ کسے کہتے ہیں؟

2۔ صوبائی سطح پر مقننہ کو کیا کہتے ہیں؟

3۔ سپریم کورٹ کے ججوں کو کس طرح برخاست کیا جاسکتا ہے؟

4۔ مخلوط حکومت کسے کہتے ہیں؟

5۔ صدر جمہوریہ راجیہ سبھا کے کتنے ممبران کو نامزد کر سکتا ہے؟

(a) 6 (b) 12

(c) 18 (d) 24

6۔ تمام افواج کا کمانڈر ان چیف کون ہوتا ہے؟

(a) صدر (b) وزیراعظم

(c) فوج کا سربراہ (d) وزیرداخلہ

7۔ صدر وزراء کی تقرری کس کی سفارش پر کرتا ہے؟

(a) نائب صدر (b) وزیرداخلہ

(c) وزیراعظم (d) پارلیمنٹ

8۔ وزیراعظم کی تقرری کون کرتا ہے؟

(a) صدر (b) نائب صدر

(c) لوک سبھا کا اسپیکر (d) گورنر

9۔ ملک کے موجودہ آئین میں ترمیم کون کر سکتا ہے؟

(a) صدر (b) نائب صدر

(c) وزیراعظم (d) پارلیمنٹ

10۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) ہندوستانی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں کو.................کہتے ہیں۔

(ii) ہندوستانی پارلیمنٹ کے ایوان بالا کو.................کہتے ہیں۔

(iii) ہندوستانی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں میں سیٹوں کی تعداد................. ہے۔

(iv) ہندوستانی پارلیمنٹ کے ایوان بالا میں سیٹوں کی تعداد................. ہے۔

11۔ .........قومی صدر ہوتا ہے اور وزیر اعظم ............کا سربراہ ہوتا ہے۔

12۔ جمہوریت میں فیصلے ............کے ذریعے لیے جاتے ہیں............کے ذریعے لاگو کیے جاتے ہیں اور تنازعات کا نبٹارہ ...................کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

13۔ جملے کو صحیح کیجیے۔

آزاد چارج وزرا حکمراں پارٹی کے سینئر لیڈر ہوتے ہیں۔

14۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): سپریم کورٹ عدالتی انتظامیہ کو کنٹرول کرتا ہے۔

وجہ (R): یہ ہائی کورٹ کے فیصلوں کے خلاف سنوائی کر سکتا ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ہندوستان میں منتخب ممبران کی قومی اسمبلی کو پارلیمنٹ کہتے ہیں۔

2۔ قانون ساز اسمبلی

3۔ دونوں ایوانوں (لوک سبھا اور راجیہ سبھا) میں الگ الگ دو تہائی اکثریت سے تحریک مواخذہ کی تجویز کو پاس کر کے۔

4۔ دو یا دو سے زیادہ سیاسی جماعتوں کے ذریعہ مل کر بنائی گئی حکومت۔

5۔ (b) 12

6۔ (a) صدر

7۔ (c) وزیراعظم

8۔ (a) صدر

9۔ (d) پارلیمنٹ

10۔ (i) لوک سبھا

(ii) راجیہ سبھا

(iii) 543

(iv) 250

11۔ صدر جمہوریہ، حکومت/ سرکار

12۔ مقنّنہ، عاملہ، عدلیہ

13۔ کابینہ کے وزیر حکمراں پارٹی کے سینئر لیڈر ہوتے ہیں۔

14۔ (a)

## 3/4/5 نمبر والے سوالات

1۔ دیگر پسماندہ طبقات کمیشن کس کی صدارت میں اور کب عمل میں آیا تھا؟ یہ پوری طرح کب لاگو ہوا؟

2۔ کیبنٹ وزراء، آزاد ریاستی وزراء اور ریاستی وزیر میں کیا فرق ہے؟

3۔ سیاسی اور مستقل عاملہ میں فرق واضح کیجیے۔

4۔ عدلیہ کسے کہتے ہیں؟ اس کے اختیارات کو بیان کیجیے۔

5۔ ہندوستان میں مختلف سطح کی عدالتوں کے نام لکھیے۔

6۔ پارلیمنٹ کا ممبر بننے کے لیے کیا ضروری اہلیتیں لازمی ہیں؟

7۔ ہندوستان کے صدر کے طور پر منتخب ہونے کے لیے کون سی لازمی شرائط ہیں؟

8۔ پارلیمنٹ کے سیاسی اختیارات کون سے ہیں؟

9۔ ہندوستانی وزیراعظم کے اختیارات کیا ہیں؟

10۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں فرق واضح کیجیے۔

## ماخذ پر مبنی سوال(4نمبر)

11۔ جمہوریت میں پارلیمنٹ بہت اہم رول ادا کرتی ہے۔ ہمارے ملک میں پارلیمنٹ کے دو ایوان ہیں۔ دونوں ایوانوں میں ایک کو راجیہ سبھا (کونسل آف اسٹیٹس) اور دوسرے کو لوک سبھا (ہاؤس آف پیوپل) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ہندوستان کا صدر جمہوریہ پارلیمنٹ کا حصہ ہوتا ہے۔ حالاں کہ وہ دونوں میں سے کسی بھی ایوان کا حصہ نہیں ہوتا۔ اس لیے پارلیمنٹ کے فیصلے صدر جمہوریہ کی منظوری کے بعد ہی لاگو ہوتے ہیں۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوان دیجیے۔

(i) ہمارے ملک میں پارلیمنٹ کے................ایوان ہیں۔

(ii) لوک سبھا کو کہا جاتا ہے:

(a) ایوان بالا (b) کونسل آف اسٹیٹس

(c) ہاؤس آف پیوپل (d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

(iii) لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے علاوہ.............بھی پارلیمنٹ کا حصہ ہوتا ہے۔

(iv) پارلیمنٹ کے فیصلے کس کی منظوری کے بعد لاگو ہوتے ہیں۔

## 3/4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ دیگر پسماندہ طبقات کمیشن

(i) 1979 میں تشکیل

(ii) صدر کمیشن، بی۔ پی منڈل

(iii) 8/ ستمبر 1995 سے پوری طرح نافذ

2۔ (i) کیبنیٹ وزیر:۔ اپنی وزارت کا سب سے بڑا وزیر

(ii) ریاستی وزیر:۔ ریاستی وزیر جو کیبنیٹ وزیر سے کم درجہ کا مگر آزاد ذمہ داریوں کے ساتھ

(iii) نائب وزیر:۔ جو مندرجہ بالا دونوں وزراء کے ماتحت رہ کر کام کرتے ہیں۔

### 3- سیاسی اور مستقل عاملہ میں فرق

(i) لوگوں کے ذریعے چنے ہوئے نمائندے جو حکومت بناتے ہیں سیاسی عاملہ کہلاتے ہیں۔

(ii) لمبے وقت کے لیے مقرر لوگوں کو یعنی ملازمین کو مستقل عاملہ کہتے ہیں۔

(iii) ملازمین یعنی مستقل عاملہ، سیاسی عاملہ کے ماتحت رہ کر کام کرتی ہے۔

### 4- عدلیہ اور اس کے اختیارات

(i) عدلیہ حکومت کا تیسرا عضو ہوتی ہے۔

(ii) اس کے پاس انصاف قائم کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

(iii) قانونی تنازعات کو حل کرنے کا حق بھی صرف اسی کے پاس ہوتا ہے۔

(iv) عدالتی جائزہ کا اختیار

### 5- ہندوستان میں مختلف سطحوں پر عدلیہ کے نام

(i) ملک کی سطح پر اسے سپریم کورٹ کہتے ہیں۔

(ii) صوبوں میں انھیں ہائی کورٹ کہتے ہیں۔

(iii) ضلع کی سطح پر انھیں ماتحت عدالتیں یا ضلع کی عدالتیں کہتے ہیں۔

### 6- پارلیمنٹ میں ممبر چنے جانے کے لیے لازمی شرائط

(i) ہندوستان کا شہری ہو

(ii) لوک سبھا کے لیے 25 سال اور راجیہ سبھا کے لیے 30 سال سے کم عمر نہ ہو۔

(iii) کسی نفع بخش عہدے پر فائز نہ ہو۔

(iv) سزا یافتہ یا دیوالیہ نہ ہو

### 7- ہندوستان کا صدر مقرر ہونے کے لیے لازمی شرائط

(i) ہندوستان کا شہری ہو

(ii) انتخاب کے وقت عمر 35 سال سے کم نہ ہو

(iii) دیوالیہ یا سزا یافتہ نہ ہو

(iv) کسی نفع بخش عہدے پر فائز نہ ہو

(v) لوک سبھا کا ممبر بننے کے اہل ہو

## 8۔ پارلیمنٹ کے سیاسی اختیارات

(i) قانون بنانے، ترامیم کرنے اور پرانے قوانین کی جگہ نئے قوانین بنانے کا حق

(ii) حکومت چلانے والوں کو کنٹرول کرنے کا حق

(iii) حکومت کے ہر پیسے کو کنٹرول کرنے کا حق

(iv) عام معاملات اور قومی پالیسی پر چرچہ کا حق

## 9۔ ہندوستانی وزیر اعظم کے اختیارات

(i) وزرا کو چننے کا حق

(ii) کیبنیٹ کے اجلاس کی صدارت

(iii) مختلف وزارتوں اور شعبوں کے بیچ کاموں میں تال میل

(iv) مختلف وزارتوں میں کاموں کی تقسیم

(v) وزیروں کے بیچ وزارتوں کی تقسیم اور کاموں کی نگرانی

(vi) وزیروں کو برخاست کرنا، وزارتوں میں پھیر بدل وغیرہ

## 10۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں فرق

(i) لوک سبھا کو ایوان زیریں بھی کہتے ہیں جب کہ راجیہ سبھا ایوان بالا ہے

(ii) راجیہ سبھا کے مقابلے میں لوک سبھا کے نظریات کو ترجیح دینے کا امکان

(iii) لوک سبھا کے پاس مالی معاملات کو حل کرنے کے واحد اختیارات

(iv) لوک سبھا مجلس وزرا کو کنٹرول کر سکتی ہے راجیہ سبھا نہیں

11۔ ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

(i) دو

(ii) (c) ہاؤس آف پیوپل

(iii) صدر جمہوریہ

(iv) صدر جمہوریہ

# باب۔5

# جمہوری حقوق

## یاد رکھنے لائق نکات:

- حقوق لوگوں کوفراہم کیے جانے والے وہ معقول دعوے ہیں جنھیں سماج سے منظوری اور عدالتوں کے ذریعے منظوری ملی ہوتی ہے۔ جمہوریت کے قیام کے لیے حقوق کی موجودگی لازمی ہے۔

### بنیادی حقوق

**I-مساوات کا حق** (**دفعہ** 14 **سے** 18)

مساوات کا حق

- ← دفعہ 14— قانون کے سامنے برابری: تمام لوگوں کے لیے قانون مساوی طور پر لاگو ہوتا ہے۔
- ← دفعہ 15— مذہب، نسل، ذات، جنس یا جائے پیدائش کی بنیاد پر تفریق کی ممانعت: حکومت کے ذریعے کسی بھی شہری سے کسی بھی بنیاد پر تفریق نہیں کی جاسکتی۔
- ← دفعہ 16— سبھی کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع: سرکاری روزگار حاصل کرنے میں تمام شہریوں کو برابری کے مواقع فراہم کرنا۔
- ← دفعہ 17— چھواچھات کا خاتمہ: سماج میں چھواچھات کو ختم کرنا۔
- ← دفعہ 18— خطابات کا خاتمہ: تعلیم سے متعلق خطابات کے علاوہ دیگر کوئی خطاب فراہم نہ کرنا۔

**II-آزادی کا حق** (**دفعہ** 19 **سے** 22)

- دفعہ 19— مختلف آزادیاں
  - — اظہار خیال
  - — پرامن طریقے سے اکٹھا ہونا

— یونین اور تنظیمیں بنانا

— ملک میں کہیں بھی آنا جانا

— کاروبار کی آزادی

— ملک میں کہیں بھی رہنا یا بسنا

- دفعہ 20— جرائم کے لیے جرم ثابت کرنے سے متعلق تحفظ

— ایک جرم کے لیے صرف ایک بار سزا

— خود کے خلاف گواہی دینے کے لیے مجبور نہیں کرنا

- دفعہ 21— زندگی کی آزادی کا حق

- دفعہ 21— (الف) تعلیم کا حق

— 6 سے 14 سال تک کے سبھی بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرانا

- دفعہ 22— کچھ حالات میں گرفتاری سے حفاظت

## III-استحصال کے خلاف حق

- ← دفعہ 23— انسان کے خریدنے اور بیچنے پر روک لگانا اور کسی بھی طرح کی بیگار یا جبری کام کرانے پر روک
- ← دفعہ 24— بچہ مزدوری پر روک لگانا یعنی کسی بھی کارخانے، کان، بندرگاہ یا دیگر کسی بھی خطرناک کام میں 14 سال سے کم عمر کے بچوں سے کام نہیں کرایا جا سکتا۔

## IV-مذہبی آزادی کا حق

- ← دفعہ 25— اپنے مذہب کو ماننے، عبادت کرنے اور اس کی تبلیغ کی آزادی
- ← دفعہ 26— مذہبی کاموں کے انتظام کی آزادی: مذہبی اداروں کو قائم کرنا اور چلانا
- ← دفعہ 27— کسی خاص مذہب کے فروغ کے لیے کیے گئے کاموں پر ٹیکس نہیں لگایا جا سکتا
- ← دفعہ 28— ریاست کے ذریعے چلائے جانے والے تعلیمی اداروں میں مذہبی تعلیم نہیں دی جائے گی اور ایسے اداروں میں طالب علموں کو کسی بھی مذہبی سرگرمی میں شامل ہونا ضروری نہیں ہوگا۔

## V-ثقافتی اور تعلیمی حقوق

- ← دفعہ 29—اقلیتوں کے مفادات کا تحفظ: اقلیتی طبقات کو اپنی زبان، رسم الخط اور ثقافت کے تحفظ کا حق
- ← دفعہ 30— اپنی پسند کے تعلیمی اداروں کا قیام وانتظامیہ کا حق

## VI-آئینی چارہ جوئی کا حق

← دفعہ 32—تمام بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے عدالتوں سے چارہ جوئی کا حق: ہندوستانی شہریوں کو ان حقوق کے نفاذ کے لیے عدالت عظمیٰ یا ہائی کورٹ میں رجوع کرنے کا حق دیتا ہے۔ ریاست کو کوئی بھی ایسا قانون بنانے سے منع کیا گیا ہے جو بنیادی حقوق کے متصادم ہو۔

- ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے اس آئینی چارہ جوئی کے حق کو ہندوستانی آئین کی روح اور دل کہا ہے۔
- قومی انسانی حقوق کمیشن کا قیام 12 اکتوبر 1993 کو ہوا تھا۔ یہ کمیشن انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ سے متعلق ہندوستان کے عزم کی علامت ہے۔
- ہندوستان آئین میں حقوق



حقوق کی عدم موجودی میں زندگی سے متعلق کچھ حقیقی مثالیں

- گوانتانا موبے میں جیل میں گرفتار رکھے گئے لوگوں کی زندگی
- سعودی عرب میں عورتوں کو محدود حقوق کا ملنا
- کوسووو میں سرب اکثریت کے لوگوں کی سرکار کے ذریعے البانیائی اقلیتی طبقے کے لوگوں کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ

## جمہوریت میں حقوق کی ضرورت

← اکثریت کے دباؤ سے اقلیتوں کا تحفظ

← حکومت کے نامناسب قوانین پر پابندی لگانا

← جمہوری انتخابی طریقہ کار کو مضبوط کرنے کے لیے

## حقوق کا بڑھتا دائرہ

- صحت سے متعلق خدمات کا حق
- رازداری کا حق
- صاف ماحول کا حق
- معقول رہائش کا حق
- کام کا حق

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ لفظ 'حق' کا کیا مطلب ہے؟

2۔ مذہبی روادار حکومت سے کیا مراد ہے؟

3۔ حق مساوات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

4۔ حق تعلیم سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ شہریوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت کون کرتا ہے؟

(a) شہری خود (b) وزارتِ داخلہ

(c) وزارتِ دفاع (d) عدلیہ

6۔ حق اطلاعات کیا ہے؟

(a) حکومت کو کوئی اطلاع دینے کا حق

(b) سرکاری دفاتر سے اطلاعات حاصل کرنے کا حق

(c) نجی دفاتر کو کوئی اطلاع دینے کا حق

(d) نجی دفاتر سے اطلاعات حاصل کرنے کا حق

7۔ وہ کون سا ملک ہے جہاں اگر کوئی شخص یا اس پر منحصر فرد اپنی ضرورتوں کو پورا نہیں کرسکتا تو حکومت اس کو معاشی مدد دے گی؟

(a) مصر (b) پاکستان

(c) ڈنمارک (d) اسپین

8۔ یوم حقوق انسانی کب منایا جاتا ہے؟

(a) 19 اکتوبر (b) 10 دسمبر

(c) 26 جنوری (d) 15 اگست

9۔ مندرجہ ذیل کا ملان کیجیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | اپنے مذہب کی تبلیغ کرنے کی آزادی | (a) | آئینی چارہ جوئی کا حق |
| (ii) | چھوا چھوت کا خاتمہ | (b) | آزادی کا حق |
| (iii) | بیگار پر پابندی | (c) | مساوات کا حق |
| (iv) | ملک میں کہیں بھی آنے جانے کی آزادی | (d) | مذہبی آزادی کا حق |
| (v) | اپنی زبان اور ثقافت کو بچانے کا حق | (e) | استحصال کے خلاف حق |
| (vi) | بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہونے پر عدالت سے حقوق کی مانگ کرنا | (f) | ثقافتی اور تعلیمی حقوق |

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ حقوق لوگوں کے معقول دعوے ہیں۔ انھیں سماج سے منظوری اور عدالتوں سے پہچان ملتی ہے۔

2۔ حکومت کسی بھی مذہب کو سرکاری مذہب کے طور پر منظوری نہیں دیتی۔

3۔ مذہب، نسل، ذات، جنس یا جائے پیدائش کی بنیاد پر کسی سے تفریق نہیں کرنا۔

4۔ 6 سے 14 سال تک کے سبھی بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم مہیا کرانا حکومت کی ذمہّ داری ہے۔

5۔ (d) عدلیہ

6۔ (b) سرکاری دفتروں سے اطلاعات حاصل کرنے کا حق

7۔ (c) ڈنمارک

8۔ (b) 10 دسمبر

9۔ (d) — (i) (c) — (ii) (e) — (iii)

(b) — (iv) (f) — (v) (a) — (vi)

## 3/4/5 نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں ہر شہری کو کتنے بنیادی حقوق حاصل ہیں؟

2۔ مساوات کے حقوق کو واضح کیجئے۔

3۔ حق آزادی کے تحت کون کون سی آزادیاں آتی ہیں؟

4۔ استحصال کے خلاف حقوق کا تذکرہ کیجیے۔

5۔ مذہبی آزادی کے حق کا مختصراً تذکرہ کیجیے؟

6۔ تعلیمی اور ثقافتی حق کو واضح کریں۔

7۔ قانونی چارہ جوئی کے حق کا کیا مطلب ہے؟

8۔ جنوبی افریقہ کے آئین میں شہریوں کو کون کون سے نئے حقوق ملے ہیں؟

9۔ مندرجہ ذیل مثالوں میں کس بنیادی حق کی پامالی ہو رہی ہے۔

(i) 14 سال سے کم عمر کے بچوں سے کارخانوں میں کام کروانا۔

(ii) رمیش کے گاؤں میں شہ زوروں کے ذریعہ لوگوں سے مفت میں کام کروانا۔

(iii) راہل کے گاؤں میں لوگوں کو ووٹ دینے سے روکنا۔

(iv) بہار سے ممبئی گئے ورون کو وہاں گھر بنانے سے روکنا۔

(v) تمل ناڈو کے ایک گاؤں میں ایک عورت کو گاؤں کے تالاب سے پانی بھرنے سے روکنا۔

10۔ ہندوستان کے آئین میں بنیادی حقوق کو کس طرح محفوظ کیا گیا ہے؟

**یا**

عدلیہ بنیادی حقوق کی کس طرح حفاظت کرتی ہے؟

11۔ **ماخذ پر مبنی سوالات** (4 **نمبر**)

نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

جمہوریت کی بقا کے لیے حقوق بہت ضروری ہیں۔ ہر جمہوریت میں ہر شخص کو ووٹ دینے کا اور حکومت پر چنے جانے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ جمہوری انتخابات ہونے کے لیے ضروری یہ ہے کہ اس کے شہریوں کو اظہار خیال کرنے، سیاسی پارٹیاں بنانے اور سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا حق حاصل ہونا چاہیے۔

جمہوریت کے اندر حقوق مخصوص کردار نبھاتے ہیں۔ حقوق اقلیتوں کو ان کے مظالم سے بچاتے ہیں۔ یہ اس کو یقینی بناتے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے جو چاہے نہیں کر سکتے۔ حقوق ایسی یقین دہانیاں ہیں جن کو حالات بگڑنے پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ حالات اس وقت خراب بھی ہو سکتے ہیں جب چند شہری دوسروں کے حقوق کو چھیننا چاہیں۔ یہ عموماً اس وقت ہوتا ہے جب اکثریت ان لوگوں پر تسلط حاصل کرنا چاہتی ہے جو اقلیت میں ہوں۔ ایسی صورت میں حکومت کو اپنے شہریوں کی حفاظت کرنا چاہیے لیکن بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے جب حکومتیں ان کی حفاظت نہیں کرتیں بلکہ وہ خود اپنے ہی شہریوں کے حقوق پر حملہ کر سکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چند حقوق کو حکومت سے بھی بالاتر رکھنے کی ضرورت پیش آتی ہے، تاکہ حکومت ان کی حکم عدولی نہ کر سکے۔ زیادہ تر جمہوریتوں میں شہریوں کے بنیادی اصول آئین میں تحریر کر دیے جاتے ہیں۔

(i) کس نظام حکومت کو قائم کرنے کے لیے حقوق کا ہونا ضروری ہے۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

(a) بادشاہت (b) سماج واد

(c) فوجی نظام (d) جمہوریت

(ii) حقوق کیوں ضروری ہیں؟

(iii) خالی جگہ بھریے:

حکومت کو...............کے حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے۔

(iv) کوئی دو بنیادی حقوق لکھیے۔

## 3/4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ ہندوستان میں ہر شہری کو مندرجہ ذیل چھ بنیادی حقوق حاصل ہیں

(i) مساوات کا حق

(ii) آزادی کا حق

(iii) مذہبی آزادی کا حق

(iv) استحصال کے خلاف حق

(v) تعلیمی وثقافتی حقوق

(vi) آئینی چارہ جوئی کا حق

2۔ **مساوات کا حق:**

(i) سرکاری کسی سے بھی، اس کے مذہب، ذات، فرقہ، جنس اور جائے پیدائش کی بنیاد پر تفریق نہیں کرسکتی۔

(ii) دوکان، ہوٹلوں اور سینما گھروں جیسے مقامی جگہوں میں کسی کے داخلے پر پابندی نہیں لگاسکتی۔

(iii) سرکار کسی بھی عہدے پر تقرری کے معاملے میں سبھی شہریوں کے یکساں مواقع فراہم کرتی ہے۔

(iv) کسی شخص کا درجہ یا عہدہ کوئی بھی ہو سب پر قانون یکساں طور پر لاگو ہوتا ہے۔

(v) کوئی بھی شخص قانونی طور پر اپنے عہدے یا پیدائش کی بنیاد پر خاص حق کا دعوی نہیں کرسکتا۔

3۔ **آزادی کے حق کے تحت حاصل آزادیاں:**

(i) آزادیٔ اظہار خیال

(ii) پرامن ڈھنگ سے جمع ہونے کی آزادی

(iii) ملک میں کہیں بھی گھومنے پھرنے کی آزادی

(iv) ملک میں کہیں بھی بس جانے کی آزادی

(v) انجمن اور یونین بنانے کی آزادی

(vi) کوئی بھی کام اور پیشہ اپنانے کا حق

(vii) 6 سے 14 سال تک کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم کا حق (86 ویں ترمیم کے ذریعے شامل)

### 4۔ استحصال کے خلاف حقوق

(i) آئین انسانی برادری کے غیر قانونی تجارت کی اجازت نہیں دیتا۔

(ii) آئین کسی بھی قسم کی بے گار یا جبراً کام لینے کی بھی اجازت نہیں دیتا۔

(iii) آئین بچہ مزدوری کی بھی مخالفت کرتا ہے۔

### 5۔ مذہبی آزادی کا حق

(i) ہر کسی کو اپنا مذہب ماننے، اس کے مطابق زندگی گزارنے اور اس کی تبلیغ کا حق ہے۔

(ii) مذہبی گروپوں یا مسلکوں کو اپنی مذہبی کام کاج کے انتظام کی آزادی ہے۔

(iii) ہر فرد کو اپنی پسند کے مطابق مذہب تبدیل کرنے کا حق حاصل ہے۔

### 6۔ تعلیمی اور ثقافتی حقوق

(i) اپنی زبان اور ثقافت کو بچانے کا حق

(ii) سرکاری یا غیر سرکاری امداد یافتہ تعلیمی اداروں میں مذہبی تفریق کی ممانعت

(iii) اقلیتوں کو اپنے تعلیمی اداروں کو قائم کرنے اور چلانے کا حق ہے

7۔ قانونی چارہ جوئی کا حق:

قانونی چارہ جوئی کے حق کے تحت ہم آئین میں دیے گئے بنیادی حقوق کی پامالی کی صورت میں عدالت سے ان حقوق کی مانگ کر سکتے ہیں۔

8۔ جنوبی افریقہ میں آئین میں شہریوں کو دیے گئے نئے حقوق:

(i) ذاتی حق (Right to Privacy)

(ii) ماحول کا حق

(iii) مناسب مکان پانے کا حق

(iv) صحت کے ذرائع حاصل کرنے کا حق

(v) مناسب اور متوازن غذا حاصل کرنے کا حق

9۔ (i) استحصال کے خلاف حق

(ii) استحصال کے خلاف حق

(iii) آزادی کا حق

(iv) آزادی کا حق

(v) مساوات کا حق

10۔ (i) آئینی چارہ جوئی کے حق کے ذریعہ ہم بنیادی حقوق کی حفاظت کے لئے سیدھے عدالت عظمیٰ (سپریم کورٹ) عدالت اعلیٰ (ہائی کورٹ) جاسکتے۔

(ii) مقنّنہ یا عاملہ کے کسی بھی فیصلے یا کام سے بنیادی حقوق کی پامالی ہو یا ان میں کوئی کمی ہو تو وہ فیصلہ یا کام غیر قانونی ہو جائے گا

(iii) عدالت بدعنوانی کا شکار ہونے والے کو ہرجانہ دلواسکتی ہے اور بدعنوانی پھیلانے والوں کو سزا دے سکتی ہے۔

(iv) ہندوستان میں آزاد عدلیہ ہونے کی وجہ سے عدالتیں بنیادی حقوق کی حفاظت کرنے میں بااختیار ہیں۔

11۔ ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

(i) جمہوریت

(ii) کسی بھی شخص کو ترقی کا موقع فراہم کرنے کے لیے حقوق مددگار ہوتے ہیں۔

(iii) شہریوں

(iv) (a) مساوات کا حق

(b) آزادی کا حق

# معاشیات

## باب۔1

# پالم پور گاؤں کی کہانی

### یاد رکھنے لائق نکات:

- پالم پور ایک خیالی گاؤں ہے جس کو سبق کی اہم بنیادی باتوں کو بیان کرنے کے لیے لکھا گیا ہے۔
- ہندوستان کے گاؤں میں زراعت کی پیداوار خاص پیداواری عمل ہے۔
- پالم پور میں زراعت ہی خاص پیداواری عمل ہے۔
- دیگر پیداواری عمل میں جنہیں غیر زراعتی سرگرمیاں کہا گیا ہے۔ چھوٹی پیداواری اکائیاں، نقل وحمل، دوکانداری وغیرہ۔
- پیداوار کا مقصد ایسی اشیا اور خدمات کو پیش کرنا ہے جن کی ہمیں ضرورت ہے۔

پیداوار کے لیے چار ضروری چیزیں

- زمین اور دیگر قدرتی وسائل
  - پانی
  - جنگل
  - معدنیات
- طبعی سرمایہ
  - (مستقل سرمایہ)
    - اوزار
    - مشین
    - عمارتیں
  - (غیر مستقل سرمایہ)
    - کچا مال
    - نقدی
- محنت
  - کام کرنے والے لوگ
- علم اور کاروبار
  - انسانی سرمایہ

- زمین ناپنے کی اکائی— ہیکٹیر، ایک ہیکٹیر =1000 مربع میٹر

- پالم پور میں زراعت

زرعی موسم کوعموماً تین حصوں میں بانٹا گیا ہے۔

| نمبر شمار | زراعتی موسم | مدت | فصل |
|---|---|---|---|
| 1۔ | موسم برسات (خریف) | جولائی—اکتوبر | جوار، باجرہ، کپاس، گنا، تمباکو وغیرہ |
| 2۔ | موسم سرما (ربیع) | اکتوبر—مارچ | گیہوں، سرسوں، دالیں، آلو وغیرہ |
| 3۔ | موسم گرما (زائد) | مارچ—جون | تربوز، کھیرا، پھلیاں، سبزیاں، پھول وغیرہ |

- بجلی کی توسیع سے سینچائی کے نظام میں سدھا ہوا، نتیجتاً کسان خریف اور ربیع دونوں موسموں کی فصل اگانے میں کامیاب ہوسکے۔

- **کثیر فصلی کھیتی**—ایک ہی زمین کے ٹکڑے سے پیداوار بڑھانے کا طریقہ:

ایک سال میں کسی زمین پر ایک سے زیادہ فصل پیدا کرنا۔ پالم پور کے کسان کم سے کم دو خاص فصلیں اگاتے ہیں۔ تیسری فصل کے روپ میں آلو پیدا کر رہے ہیں۔

- کھیتی کرنے کے طریقے

| نمبر شمار | بنیاد | روایتی زراعت | جدید زراعت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مزدوری | خود اور خاندان کے لوگوں کے ذریعے | ہر مزدور کے ذریعے کھیتی |
| 2۔ | بیج | روایتی بیج | زیادہ پیداوار والے بیجوں (HYV) کے ذریعے |
| 3۔ | کھاد | گائے کا گوبر اور قدرتی چیزیں | کیمیائی کھاد اور کیڑے مارنے والی دواؤں کا استعمال |
| 4۔ | جتائی | روایتی ہل اور بیل کا استعمال | ٹریکٹر اور تھریشر کا استعمال |
| 5۔ | سینچائی کے ذرائع | کنویں، تالاب، ندیوں اور بارش کے پانی کے ذریعے | بجلی یا ڈیزل سے چلنے والی مشینوں کے ذریعے پانی کا چھڑکاؤ |
| 6۔ | اثاثہ | کم اثاثہ کے ذریعے ممکن | زیادہ اثاثہ کی ضرورت |

- سبز انقلاب: 1960 کی دہائی کے آخر میں ہندوستانی کسانوں کو جدید زراعت کے طریقوں سے گیہوں اور چاول کی کھیتی کرنا سکھائی گئی۔

**سبز انقلاب**

(جدید زراعت)

زیادہ پیداوار والے بیج | کیمیائی کھاد | کیڑے مار دوائیں | جدید سنچائی | ٹریکٹر اور مشینیں

- **سبز انقلاب کے فوائد**

— زیادہ مقدار میں اناج کی پیداوار

— روزگار میں اضافہ

— زراعت اور صنعت میں بہتر تال میل

— کسانوں کی حالت میں سدھار

- مختلف اضلاع میں سبز انقلاب کے چلتے کیمیائی کھاد کے استعمال کی وجہ سے مٹی کی زرخیزی کم ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ مشینوں سے سینچائی کی وجہ سے زمینی پانی کی سطح میں کمی آئی ہے اور آلودگی بھی بڑھ گئی ہے۔

- پالم پور میں غیر زراعتی سرگرمیاں

نقل وحمل | دکانداری | چھوٹے پیمانے پر مینوفیکچرنگ | ڈیری

## ایک نظر میں پالم پور:

1۔ پالم پور میں زراعت ہی خاص پیداواری عمل ہے۔ گاؤں میں 450 خاندان رہتے ہیں۔ 150 خاندان کے پاس کھیتی کے لئے زمین نہیں ہے۔ 240 خاندان کے پاس 2 ہیکٹر سے کم رقبہ ہے۔ گاؤں کی کل آبادی کا ایک تہائی حصہ دلت یا درج فہرست ذاتوں کا ہے۔ گاؤں میں زیادہ زمین اعلیٰ ذات کے 80 خاندان ہیں۔

2۔ پالم پور میں تعلیم کے لئے ایک ہائی اسکول، دو پرائمری اسکول، ایک ابتدائی صحت کا مرکز اور ایک نجی اسپتال بھی ہے۔

3۔ پالم پور گاؤں میں 25% لوگ غیر زراعتی کاموں میں لگے ہوئے ہیں۔ جیسے ڈیری، دوکاندار، چھوٹے پیمانے کی پیداواری اکائیاں، صنعتیں، نقل وحمل وغیرہ۔

4۔ گاؤں میں کل قابل زراعت زمین کے کل 40% حصہ میں سینچائی ہوتی ہے۔ زیادہ پیداوار والے بیج HYV کی مدد سے گیہوں کی پیداوار 1300 کلوگرام فی ہیکٹر سے بڑھ کر 3200 کلوگرام ہوگئی ہے۔

5۔ پالم پور اور آس پڑوس کے گاؤں، قصبوں اور شہروں میں دودھ، گڑھ گیہوں وغیرہ دستیاب ہیں۔ جیسے زیادہ گاؤں، قصبوں اور شہروں سے بہتر سڑکیں، آمدورفت اور ٹیلی فون سے جوڑا گیا ہے۔ مستقبل میں گاؤں میں غیر زرعی پیداوار میں کثیر مواقع حاصل ہوں گے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ پالم پور گاؤں کے لوگوں کی خاص معاشی سرگرمی کیا ہے؟

(a) دکانداری (b) زراعت

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ پیداوار کی پہلی ضرورت کیا ہے؟

(a) زمین (b) محنت

(c) سرمایہ (d) بازار

3۔ پالم پور کے کسان تیسری فصل کے طور پر کون سی فصل اگاتے ہیں؟

(a) باجرہ (b) آلو

(c) گنا (d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ جدید زراعت میں......................بیجوں کا استعمال کیا جاتا ہے؟

5۔ ایک سال میں کسی زمین پر ایک سے زیادہ فصل اگانے کے طریقے کو..................کہتے ہیں۔

6۔ زراعت کے جدید طریقوں کا استعمال سب سے پہلے ہندوستان کے کن دو صوبوں میں کیا گیا تھا؟

7۔ چھوٹے کسان کھیتی کے لیے ضروری سرمایہ کا انتظام کس طرح کرتے ہیں؟

8۔ پالم پور میں تقریباً کتنے فیصد لوگ غیر زراعتی کاموں میں لگے ہوئے ہیں؟

9۔ زمین ناپنے کی معیاری اکائی کیا ہے؟

10۔ زائد زراعتی پیداوار کا کسان کیا کرتے ہیں؟

11۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ان اقوال کو پڑھ کران کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): پیداوار، زمین، مزدوری اور اثاثہ کو مشترک کر کے منظّم کی جاتی ہے۔

وجہ (R): اوزار، مشینیں اور عمارت کو مستقل اثاثہ (Fixed Assets) کہا جاتا ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## 3/4/5 نمبر والے سوالات

1۔ پالم پور کی کوئی تین غیر زراعتی سرگرمیوں کا ذکر کیجیے؟

2۔ 1960 کے دہے کے آخر میں آئے سبز انقلاب سے ہندوستانی زراعت پر کیا اثر پڑا ہے؟

3۔ رسمی/روایتی کھیتی اور جدید کھیتی میں فرق واضح کیجیے؟

4۔ پالم پور میں چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کی خصوصیات لکھیے۔

5۔ آپ کے علاقے میں کون کون سے غیر زراعتی سرگرمیاں ہوتی ہیں؟ کوئی تین لکھیے۔

6۔ پالم پور گاؤں میں بے زمین کسانوں کو کس طرح کی جدوجہد کرنی پڑ رہی ہے؟

7۔ اشیا اور خدمات کی پیداوار کے لیے ضروری اشیا کا ذکر کیجیے؟

8۔ ''زراعتی پیداوار میں اضافے کے لئے سنچائی کے علاقے کو وسیع کرنا ضروری ہے''۔کوئی تین وجوہات لکھیے۔

9۔ پالم پور میں زمین کسانوں میں کس طرح تقسیم کی گئی ہے۔

10۔ پالم پور کے دوکاندار کس طرح تجارت کرتے ہیں؟

11۔ سبز انقلاب کی وجہ سے مٹی کی زرخیزی کم ہوتی ہے۔کیا آپ اس سے سہمت ہیں۔اپنے خیالات کا اظہار کیجیے؟

12۔ درمیانی اور بڑے کسان زراعت سے کیسے سرمایہ حاصل کرتے ہیں؟ وہ چھوٹے کسانوں سے کس طرح مختلف ہیں؟ ایسے کون کون سے اور زیادہ غیر زراعتی کام پالم پور گاؤں میں شروع کئے جاسکتے ہیں؟

## ماخذ پر مبنی سوالات

13۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

''پالم پور گاؤں میں ایک سال میں کسان تین الگ الگ فصلیں اس لیے پیدا کر پاتے ہیں کیوں کہ وہاں سینچائی کا جدید ترقی یافتہ نظام ہے۔ایک سال میں کسی زمین پر ایک سے زیادہ فصلیں پیدا کرنے کو کثیر فصلی کھیتی نظام کہتے ہیں۔ پالم پور میں کسان کم از کم دو اہم فصلیں پیدا کرتے ہیں۔کئی کسان پچھلے پندرہ بیس سالوں سے تیسری فصل کے طور پر آلو پیدا کر رہے ہیں۔

(i) پالم پور میں ایک سال میں کسان................فصلیں پیدا کر پاتے ہیں۔

(ii) کثیر فصلی کھیتی نظام کیا ہے؟

(iii) جملے کو صحیح کر کے لکھیے۔

سبھی کسان پانچ اہم فصلیں پیدا کرتے ہیں۔

(iv) ................کی فصل تیسری فصل کے طور پر پیدا کی جاتی ہے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (b) زراعت

2۔ (a) زمین

3۔ (b) آلو

4۔ HYV

5۔ کثیر فصلی کھیتی

6۔ پنجاب اور ہریانہ

7۔ بڑے کسانوں سے یا گاؤں کے ساہوکاروں سے ضروری سرمایہ لیتے ہیں۔

8۔ تقریباً 25%

9۔ ایک ہیکٹیر 1000 مربع میٹر کے برابر

10۔ بازاروں میں بیچتے ہیں۔

11۔ (b)

## 3/4/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) چھوٹے پیمانے کی پیداواری اکائیاں

(ii) نقل وحمل

(iii) دوکانداری

(iv) ڈیری (کوئی تین)

2۔ (i) سبز انقلاب میں ہندوستانی کسانوں کو زیادہ پیداوار دینے والے بیج (HYV Seeds) کے ذریعے چاول اور گیہوں کی کاشت کرنے کے طریقے سکھائے۔

(ii) روایتی بیجوں کے مقابلے میں HYV بیج زیادہ پیداوار کرنے والے ثابت ہوئے۔

(iii) کسانوں نے کھیتی میں ٹریکٹر اور فصل کاٹنے والی مشینوں کا استعمال کرنا شروع کر دیا۔

(iv) کیمیائی کھاد کا استعمال شروع کر دیا ہے۔

(v) قدرتی وسائل کا بے تحاشہ استعمال کیا گیا ہے۔

3۔

| روایتی کھیتی | جدید کھیتی |
|---|---|
| i) روایتی کھیتی میں روایتی بیجوں کا استعمال | i) کھیتی میں زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں (HYV) کا استعمال |
| ii) کم سینچائی کی ضرورت | ii) زیادہ سینچائی کی ضرورت |
| iii) کھاد کے طور پر گوبر اور دوسری قدرتی کھاد کا استعمال | iii) کیمیاوی کھاد اور جراثیم کش دواؤں کا استعمال |
| iv) روایتی ہل کا استعمال | iv) مشینوں اور تھریشر کا استعمال |
| v) کنوؤں، ندی، رہٹ، تالابوں سے سنچائی | v) بورنگ پمپوں، ٹیوب ویلوں سے سنچائی |

4۔ (i) پالم پور میں پیداواری اکائیاں بہت سادگی والے پیداواری طریقوں کے ذریعے کام کرتی ہیں۔

(ii) پیداواری کام، کنبہ پر مبنی محنت کی مدد سے زیادہ تر گھروں یا کھیتوں میں کیا جاتا ہے۔

(iii) مزدوروں کو بھی کئی مرتبہ مزدوری پر رکھا جاتا ہے۔

(iv) کم لاگت اور کم سرمایہ

(v) کم وقت میں مال کی تیاری

5۔ (i) دوکانداری

(ii) نقل و حمل سے متعلق کام جیسے رِکشا، ٹرک وغیرہ کا استعمال

(iii) سلائی، کڑھائی، تربیتی مراکز اور نجی اسکول

(iv) کمپیوٹر کی تربیت دینا

(v) فرنیچر بنانا (کوئی تین)

6۔ (i) بے زمین کسان روزانہ مزدوری پر کام کرنے کے لئے مجبور ہیں۔

(ii) انھیں اپنے لئے روزانہ کام ڈھونڈتے رہنا پڑتا ہے۔

(iii) حکومت کے ذریعے کم سے کم اجرت کے طور پر مزدوری طے کی گئی ہے مگر انہیں صرف 40-35 روپے ہی ملتے ہیں

(iv) کھیتی ہر مزدوروں میں زیادہ مقابلہ کی وجہ سے لوگ کم مزدوری میں بھی کام کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔

7۔ (i) پہلی ضرورت ہے زمین اور دیگر قدرتی وسائل جیسے پانی، جنگل، معدنیات وغیرہ۔

(ii) مزدور/محنت: یعنی وہ لوگ جو کام کریں گے۔ کچھ پیداواری عمل میں پڑھے لکھے لوگوں کی ضرورت بھی ہوتی ہے

(iii) طبعی سرمایہ: پیداوار کے وقت ہر سطح پر کام میں آنے والے انپٹ (input) جیسے عمارتیں، مشینیں، اوزار وغیرہ اس میں مستقل اور غیر مستقل سرمایہ دونوں شامل ہوتے ہیں۔

(iv) انسانی سرمایہ: پیداوار کرنے کے لیے 'زمین' محنت اور طبعی سرمایہ کو ایک ساتھ ملانے کے لئے علم اور جوکھم کی ضرورت ہے جسے انسانی سرمایہ کہتے ہیں۔

8۔ زیرِ آبپاشی کے علاقے کو بڑھانے کی ضرورت۔

(i) زراعت کا انتظام زیرِ آبپاشی علاقے پر مختصر ہوتی ہے۔

(ii) زیرِ آبپاشی علاقے کا مطلب ہے زیادہ پیداوار اور زیادہ آمدنی۔

(iii) ہندوستان کے کچھ علاقوں میں (جیسے پنجاب، راجستھان، جنوبی ہنداور وسطیٰ ہند) بارش کا تناسب ٹھیک نہیں ہے ایسے علاقے میں سنچائی کی زیادہ ضرورت ہے۔

(iv) کچھ فصلیں ایسی ہیں جن میں پانی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے جیسے چاول، گیہوں، گنّا وغیرہ۔

(v) جن علاقوں میں جدید بیجوں کا استعمال کیا جاتا ہے وہاں پانی کی مقدار بھی زیادہ پائی جاتی ہے۔ (دیگر کوئی)

## 9۔ پالم پور میں زمین کی تقسیم:

(i) پالم پور میں 450 کنبوں میں سے تقریباً ایک تہائی 150 کنبوں کے پاس کھیتی کے لئے زمین نہیں ہے جو زیادہ تر دلت ہیں۔

(ii) 240 خاندانوں جن کے پاس زمین نہیں ہے۔ 2 ہیکٹر سے بھی کم جوتوں پر کھیتی کرتے ہیں۔

(iii) زمین کے ایسے ٹکڑوں پر کھیتی کرنے سے کسانوں کے خاندانوں کو کافی آمدنی نہیں ہوتی۔

(iv) پالم پور میں متوسّط کسان اور بڑے کسانوں میں جو 2 ہیکٹر سے زیادہ زمین کے ٹکڑوں پر کھیتی کرتے ہیں۔

(v) کچھ بڑے کسانوں کے پاس 10 ہیکٹیئر یا اس سے زیادہ زمین ہے۔

## 10۔ پالم پور کے دوکاندار

(i) دوکاندار روزانہ استعمال کی اشیا کو تھوک بازار سے خریدتے ہیں اور گاؤں میں بیچتے ہیں۔

(ii) پالم پور میں زیادہ لوگ تجارت نہیں کرتے۔

(iii) گاؤں میں چھوٹے اسٹوروں میں چاول، گیہوں، چائے، تیل، بسکٹ، صابن، ٹوٹ پیسٹ، بیکری، موم بتّی، کاپیاں، پین، پنسل، اور کچھ کپڑے بھی بیچتے ہیں۔

(iv) کچھ خاندانوں نے جن کے گھر بس اسٹاپ کے قریب ہوتے ہیں اپنے گھر کے ایک حصے میں ہی چھوٹی دوکان کھول دی ہے۔

(v) اشیا کے ساتھ ساتھ کھانے کی چیزیں بھی بیچتے ہیں۔

## 11۔ سبز انقلاب

(i) کیمیاوی کھاد کے استعمال کی وجہ سے زمین کی زرخیزی ختم ہونے لگی ہے۔

(ii) زیرزمین پانی کے بے تحاشہ استعمال سے اس کی سطح پست ہوگئی ہے۔

(iii) کیمیاوی کھاد آسانی سے پانی میں تحلیل ہوکر مٹی کے نیچے چلی جاتی ہے اور پانی کو آلودہ کرتے ہیں۔

(iv) اس سے بیکٹر یا اور خورد بینی عضویے تباہ ہوجاتے ہیں جو مٹی کے لئے سودمند ہیں۔

(v) کیمیاوی ماڈوں کے بے تحاشہ استعمال سے زمین کھیتی کے لائق نہیں رہتی۔

12۔ پالم پور میں غیر زراعتی کام شروع کیے جاسکتے ہیں۔

(i) لکڑی سے فرنیچر بنانا۔

(ii) گھریلو برتنوں کو بنانا۔

(iii) سلائی، کڑھائی، بنائی سے تیار کپڑے۔

(iv) ٹوکریاں بُننا۔

(v) اینٹیں بنانا۔

(vi) سلائی، کڑھائی مراکز کھولنا۔

13۔ ماخذ پرمبنی سوالوں کے جوابات

(i) تین

(ii) ایک سال میں کسی زمین پر ایک سے زیادہ فصل پیدا کرنا۔

(iii) سبھی کسان تین اہم فصلیں پیدا کرتے ہیں۔

(iv) آلو

# باب۔ دو

# وسائل کے طور پر لوگ

## یاد رکھنے لائق نکات:

- انسانی سرمایہ: انسانی سرمایہ، ہنر اور ان میں پوشیدہ پیداوار کے علم کا ذخیرہ ہے۔
- انسانی سرمایہ کی تعمیر: جب موجودہ انسانی سرمایہ کو اور زیادہ تعلیمی مہارت اور صحت کے ساتھ فروغ دیا جائے۔
- انسانی وسائل: دیگر وسائل سے عظیم ہے جیسے زمین، سرمایہ وغیرہ کیونکہ یہ بھی وسائل اپنا استعمال خود نہیں کر سکتے۔
- تعلیم کی اہمیت: محنت کی کیفیت (Quality) بڑھتی ہے تو نتیجتاً پیداوار میں ہوئے اضافہ سے ملک کی خوشحالی میں اضافہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- جاپان میں انسانی وسائل پر زیادہ سرمایہ کاری کی گئی ہے۔
- معیشت کے مختلف سرگرمیوں کو تین شعبوں میں بانٹا جاتا ہے ابتدائی ثانوی اور ثالثی۔

| معیشت کے شعبے | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی شعبہ قدرت سے جڑے عمل | | ثانوی شعبہ (پیداواری کام) | | ثالثی شعبہ (خدمات) | |
| - زراعت | - مچھلی پالن | - ابتدائی شعبے کی چیزوں کو زیادہ کارآمد اشیا میں بدلنا | - کپاس سے کپڑا بننا | - خود پیداوار نہیں کرتے | - تجارت |
| - جنگل بانی | - مرغی پالن | | | - پیداواری عمل میں مددگار | - بینکنگ |
| - مویشی پالن | - کان کنی | | | - ابتدائی اور ثانوی شعبہ کو فروغ | - بیمہ |

- وہ سبھی عمل اور سرگرمیاں جو قومی آمدنی میں اضافہ کرتی ہیں۔ اقتصادی سرگرمیاں کہلاتی ہیں۔
- اقتصادی سرگرمیاں دو طرح کی ہوتی ہیں:

**بازاری سرگرمیاں:** اجرت یا فائدے کی نیت یا مقصد سے کی گئیں سرگرمیاں جن کے لیے اجرت ادا کی جاتی ہے۔ان میں سرکاری خدمات کے ساتھ اشیا یا خدمات کی پیداوار شامل ہے۔

**غیر بازاری سرگرمیاں:** خود کے استعمال کے لیے پیداوار ہے ان میں ابتدائی اشیا کا استعمال اور غیر منقولہ جائداد کا خود کے لیے استعمال اس زمرّے میں آتے ہیں مثلاً باغبانی

- آبادی کی کیفیت (Quality): آبادی کی کیفیت شرحِ خواندگی، اوسط عمر، صحت مندی اور ملک کے عوام کے ذریعے حاصل کردہ ہنرمندی کا حصول اس پر منحصر ہوتا ہے۔
- سب کے لیے تعلیم: ابتدائی (پرائمری) تعلیم پیش کرنے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔
- شرح اموات: اس سے مراد ہے ایک مخصوص وقفہ میں فی ہزار افراد میں مرنے والے لوگ کی تعداد۔
- شرح پیدائش: اس سے مراد ہے ایک مخصوص وقفہ میں فی ہزار افراد میں پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد ہوتی ہے۔
- بچوں کی شرحِ اموات: اس سے مراد ہے ایک سال کی عمر پوری ہونے سے پہلے مر جانے والے بچوں کی تعداد جو فی ہزار میں دیکھی جاسکتی ہے۔
- بے وزگاری: وہ حالت جس میں رائج مزدوری کی شرح پر کام کرنے کے لیے خواہش مند لوگ روزگار حاصل نہ کر پائیں۔

**بے روز گاری کی اقسام**

| موسمی بے روزگاری | چھپی ہوئی بے روزگاری | شہری بے روزگاری |
|---|---|---|
| جب لوگ سال کے کچھ مہینوں میں روزگار حاصل نہیں کرتے | ضرورت سے زیادہ کسی کام میں لگے لوگ<br>مثلاً چار کا کام آٹھ آدمی کر رہے ہوں تو چار چھپے بے روزگار ہیں | تعلیم یافتہ نوجوان جب روزگار حاصل کرنے میں ناکام رہیں |

- قومی پالیسی کا مقصد: آبادی کے کم سہولیات شدہ طبقوں پر خاص طور پر دھیان دیتے ہوئے صحت سے متعلق خدمات، خاندانی فلاح اور متوازن غذا تک ان کی پہنچ کو بہتر بنانا ہے۔
- شہری بے روزگاری: شہری علاقوں کے معاملے میں تعلیم یافتہ بے روزگاری ایک لازمی جز بن گئی ہے۔میٹرک، بیچلر اور ماسٹرز کی ڈگریاں لیے کئی نوجوان روزگار پانے میں معذور ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ سب کے لیے تعلیم مہم کس عمر کے بچوں کے لیے شروع کی گئی تھی؟

(a) 7 تا 15 سال (b) 6 تا 14 سال

(c) 8 تا 13 سال (d) 9 تا 16 سال

2۔ تعلیم یافتہ بے روزگار کون ہیں؟

(a) وہ شخص جس کے پاس ڈگری ہے روزگار نہیں

(b) شہر میں رہنے والا غیر تعلیم یافتہ بے روزگار

(c) دہاڑی مزدور

(d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ابتدائی سیکٹر میں کی جانے والی کوئی دو سرگرمیاں ہیں:

(a) زراعت اور مچھلی پالن (b) زراعت اور نقل وحمل

(c) چرخا چلانا اور سوت کاتنا (d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ جاپان کی کس وسیلے میں زیادہ سرمایہ کاری ہے؟

5۔ آبادی کیفیت (Quality)................. اور.................... عوامل پر انحصار کرتی ہے۔

6۔ ابتدائی تعلیم مہیا کرانے میں صوبائی اور مقامی حکومتوں نے کون سا اہم قدم اٹھایا ہے؟

7۔ ابتدائی تعلیم میں بچوں کی تعداد کو بڑھانے کے لیے حکومت کے ذریعے لاگو کی گئی کوئی ایک حکمتِ عملی....... ہے۔

8۔ ہندوستان میں کس ریاست کی شرح خواندگی سب سے زیادہ ہے؟

9۔ اسکولوں میں ''دوپہر کے کھانے کی اسکیم'' کا مقصد کیا ہے؟

10۔ غیر بازاری سرگرمی کیا ہے؟

11۔ GNP کا مطلب، مجموعی........................ پیداوار ہے۔

12۔ مندرجہ ذیل سرگرمیوں میں سے کون سی سرگرمی ثالثی شعبہ کی سرگرمی نہیں ہے؟

(a) بینکنگ (b) زراعت

(c) نقل وحمل (d) مواصلات

13۔ جملے کو صحیح کرکے لکھیے۔

ہندوستان میں کرناٹک ریاست میں سب سے زیادہ شرح خواندگی ہے۔

14۔ تعلیمی بے روزگاری خاص طور پر کہاں ہوتی ہے؟

(a) دیہی علاقے (b) شہری علاقے

(c) ساحلی علاقے (d) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): تعلیم یافتہ اور تندرست آبادی اثاثہ ہوتی ہے۔

وجہ (R): آبادی کا معیار ملک کی ترقی کی شرح طے کرتا ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## 3/4/5 نمبر والے سوالات

1۔ ابتدائی سیکٹر، ثانوی سیکٹر سے کس طرح مختلف ہے۔

2۔ انسانی سرمایہ کی تعمیر میں تعلیم کس طرح مدد کرتی ہے؟

3۔ کیاتعلیم کی طرح صحت بھی انسانی سرمایہ کی تعمیر کومتاثر کرتی ہے؟ واضح کیجیے۔

4۔ سب کے لیے تعلیم سے آپ کا کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ انسانی سرمایہ کی تعمیر سے کیا مراد ہے؟

6۔ آبادی کی قومی پالیسی کا کیا مقصد ہے؟

7۔ بازاری سرگرمی اور غیر بازاری سرگرمیوں میں کیا فرق ہے؟

8۔ بے روزگار کون ہے؟

9۔ بے روزگاری سے کیا مراد ہے؟ معیشت پر اس کے کیا اثرات پڑتے ہیں؟

10۔ بے روزگاری کی اقسام لکھیے۔

11۔ انسانی سرمایہ دیگر سرمایہ جیسے زمین، محنت، طبعی سرمایہ سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟

12۔ معیشت کے کتنے سیکٹر ہیں؟ ہر ایک کے بارے میں مثالوں کے ساتھ مختصراً لکھئے۔

13۔ ہندوستان میں خواندگی کا ذکر کریں اور یہ بھی بتایئے کہ تعلیم کے میدان میں حکومت نے کیا کوششیں کی ہیں؟

14۔ تعلیم یافتہ لوگوں کی بے روزگاری ہندوستان کے لیے کس طرح ایک چیلنج بن گئی ہے؟ کیا آپ کوئی تجویز پیش کر سکتے ہیں۔

15۔ ہندوستان میں بے روزگاری کی وجوہات لکھیے۔ اس کو دور کرنے کے تجاویز بھی پیش کیجیے۔

## ماخذ پر مبنی سوال (4 نمبر)

16۔ نیچے A اور B دو اقتباسات دیے گئے ہیں۔ انھیں پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

A: جاپان جیسے ملک میں انسانی وسائل پر سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ ان کے پاس کوئی قدرتی وسائل نہیں تھے۔ یہ ترقی یافتہ دولت مند ملک ہے۔ وہ اپنے ملک کے لیے ضروری قدرتی وسائل کی درآمد کرتے ہیں۔ انھوں نے انسانوں میں خصوصی طور پر تعلیم اور صحت کے میدان میں سرمایہ کاری کی ہے۔ ان لوگوں نے زمین اور اثاثے جیسے دیگر وسائل کا بہترین استعمال کیا ہے۔

(i) مندرجہ بالا ماخذ کس ملک سے متعلق ہے؟

(ii) جملے کو صحیح کر کے لکھیے۔

ہندوستان ضروری قدرتی وسائل کی درآمد کرتا ہے۔

(iii) وہ ممالک جن کے پاس کم قدرتی وسائل ہیں وہ ترقی یافتہ دولت مند ملک کیسے ہیں؟

(iv) لوگوں میں سرمایہ کاری، کس سرمایہ کاری کے ذریعے کیا جاتا ہے؟

(a) زمین اور اثاثہ (b) تعلیم اور صحت

(c) قدرتی وسائل (d) ان میں سے کوئی نہیں

:B 6 سے 14 سال تک کی عمر کے سبھی اسکولی بچوں کو سال 2010 تک ابتدائی تعلیم فراہم کرانے سے متعلق سمگر شکشا ابھیان ایک اہم قدم ہے۔ عالمگیر تعلیم کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ریاستی اور مقامی حکومتوں اور کمیونٹی کی شراکت کے ساتھ مرکزی حکومت کی یہ ایک مقررہ وقت کی پہل ہے۔ اس کے ساتھ ہی ابتدائی تعلیم میں اندراج بڑھانے کے لیے برج کورس، اسکول لوٹیں کیمپ اور دوپہر کے کھانے جیسی پالیسیاں چلائی جارہی ہیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس ابھیان کے بارے میں ہے؟

(ii) سمگر شکشا ابھیان کس کی مقررہ وقت کی پہل ہے؟

(a) ریاستی حکومت (b) پنچایتی راج

(c) مرکزی حکومت (d) والدین

(iii) ابتدائی تعلیم عالمگیر ہدف، مندرجہ ذیل میں سے کس طبقے کے لیے ہے؟

(a) 2 سے 5 سال کے بچوں کے لیے

(b) 6 سے 14 سال کے بچوں کے لیے

(c) 10 سے 18 سال کے بچوں کے لیے

(d) مندرجہ بالا سبھی کے لیے

(iv) ابتدائی تعلیم میں اندراج بڑھانے کے لیے کون سی پالیسیاں لاگو کی گئی ہیں؟

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (b) 6 سے 14 سال کے بچوں کے لیے

2۔ (a) جس کے پاس ڈگری ہو مگر روزگار نہیں

3۔ (a) زراعت اور مچھلی پالن

4۔ انسانی وسائل

5۔ خواندگی کی شرح اور اوسط عمر

6۔ سب کے لیے تعلیم مہم۔ (سروشکشا ابھیان)

7۔ برج کوس یا اسکول واپسی کیمپ

8۔ کیرل

9۔ اسکولوں میں بچوں کی حاضری کو بڑھاوا اور ان کے لیے متوازن غذا کے معاملے میں سدھار

10۔ اپنے استعمال کے لیے پیداوار کرنا

11۔ قومی

12۔ زراعت

13۔ ہندوستان میں کیرل ریاست میں سب سے زیادہ شرح خواندگی ہے۔

14۔ شہری

15۔ (a)

## 3/4/5 نمبروالے سوالوں کے جوابات

1۔

| ابتدائی سیکٹر | ثانوی سیکٹر |
| --- | --- |
| i) یہ وہ سرگرمیاں ہیں جو زمین اور پانی سے سیدھے جڑی ہوئی ہیں۔ | i) یہ وہ سرگرمیاں ہیں جو صنعتی پیداوار سے جڑی ہوئی ہیں۔ |
| ii) یہ قدرتی اشیا پر منحصر ہوتی ہیں۔ | ii) ابتدائی سیکٹر سے حاصل شدہ کچے مال پر مبنی ہوتی ہیں |
| iii) مثال کے طور پر زراعت، مویشی پالن، کان کنی، اور مچھلی پالن | iii) صنعت جیسے کاغذ تیار کرنا، کپڑا تیار کرنا وغیرہ۔ |

2۔ (i) تعلیم کے ذریعے سے لوگوں کی مکمل نشو ونما شخصیت کی ہوئی علم اور ہنر سے پروان چڑھتی ہے۔

(ii) تعلیم انسان کو اس لائق بناتی ہے کہ وہ اچھی نوکری یا پیشہ اور اچھی آمدنی حاصل کر سکے۔

(iii) تعلیم انسان کے لیے ترقی کے میدان کھولتی ہے۔

3۔ (i) صحت اپنی بھلائی کے لیے ایک ضروری بنیاد ہے۔ بیمار لوگ کسی بھی ادارے کے لیے بوجھ بن جاتے ہیں۔

(ii) صحت مند شخص زیادہ کام، زیادہ پیداوار اور زیادہ آمدنی حاصل کر سکتا ہے۔

(iii) صحت مند انسان ہی اچھا پیدا کار ہوتا ہے اور معیشت کی ترقی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

4۔ سروشکشا ابھیان 6 سے 14 سال تک کے سبھی اسکول بچوں کو 2010 تک پرائمری تعلیم مہیا کروانے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔

5۔ (i) موجودہ انسانی وسائل کو اور زیادہ تعلیم اور صحت کے ذریعے فروغ دیا جا سکتا ہے۔

(ii) یہ طبعی سرمایہ کے فروغ کی طرح ملک کی پیداواری طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔

6۔ — آبادی کی قومی پالیسی کا مقصد! آبادی کے کم وسائل والے طبقوں پر خاص دھیان دیتے ہوئے صحت سے متعلق خدمات کنبہ کی فلاح اور متوازن غذا جیسی خدمات تک ان کی پہنچ کو بہتر بنانا ہے۔

— دیہی علاقوں میں نو ودیا(Navodaya) اسکول کھولے جانا

— ابتدائی تعلیم کو عالمگیر بنانا

— کاروباری اور تکنیکی تعلیم کے ذریعے آبادی کو ماہر بنانا

7۔

| بازاری سر گرمیاں | غیربازاری سر گرمیاں |
|---|---|
| (i تنخواہ، اجرت یا فائدے کے مقصد سے کی گئی سرگرمیاں اس زمرّے میں آتی ہیں۔ | (i اپنے استعمال کے لیے پیداوار کرنا، غیر بازاری سرگرمیاں ہیں۔ |
| (ii ان میں اشیا اور خدمات کی پیداوار کی جاتی ہے۔ | (ii ابتدائی اشیا کا استعمال خود کے استعمال کے لیے کیا جاتا ہے۔ |
| (iii مثال: جیسے ڈاکٹر، انجینئر رکشا والے وغیرہ | (iii مثال: ابتدائی پیداوار کا استعمال اور غیر منقولہ جائدادوں کا حساب کتاب۔ |

8۔ بے روزگار وہ شخص ہے جو کہ جسمانی اور نفسیاتی نقطۂ نظر سے کام کرنے کے اہل ہے مگر روزگار سے محروم ہوتا ہے۔

9۔ (i) بے روزگاری وہ حالت ہے جو طے شدہ مزدوری پر کام کرنے کے خواہش مند لوگ روزگار حاصل نہیں کر پائے۔

(ii) بے روزگاری میں اضافہ کی وجہ سے سماج میں زندگی کی کیفیت (Quality) پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔

10۔ بے روزگاری تین طرح کی ہوتی

(i) چھپی ہوئی بے روزگاری

(ii) موسمی بے روزگاری

(iii) تعلیم یافتہ بے روزگاری

11۔ (i) دیگر وسائل اپنا خود کا استعمال نہیں کر سکتے۔ انسانی ترقی کے لیے قدرتی وسائل جیسے زمین، مٹی، پانی، پیڑ پودے کا استعمال کرتا ہے۔

(ii) معدنیات اور قیمتی وسائل زمین کے نیچے ہی دبے رہیں گے اگر انسان انہیں کھود کر نہ نکالے۔

(iii) انسان اپنے علم اور ہنر سے قدرتی وسائل کو بہتر اور زیادہ قیمتی اشیا میں بدل سکتا ہے۔

(iv) تعلیم، تربیت، صحت وغیرہ کے ذریعے انسانی سرمایہ میں سرمایہ کاری معیشت کی ترقی میں اہم رول ادا کرتے ہیں

(v) مثال: جاپان نے انسانی سرمایہ میں خاص طور پر تعلیم اور صحت میں سرمایہ کاری کے ذریعے مہارت اور تکنیک کے ذریعے معیشت کو آگے بڑھایا اور ملک امیر ہو گیا۔

12۔ مختلف طرح کی سرگرمیوں کو تین طرح کے سیکٹر میں بانٹا جا سکتا ہے۔

(i) ابتدائی سیکٹر: مثال — زراعت، جنگل بانی، مچھلی پالن، مرغی پالن اور کان کنی۔

(ii) ثانوی سیکٹر: مثال — کاغذ بنانا، کپڑا تیار کرنا۔

(iii) ثالثی سیکٹر: مثال: تجارت، ترسیل، نقل و حمل، بینکنگ، تعلیم صحت، سیاست وغیرہ۔

13۔ خواندگی ہر شہری کا نہ صرف حق ہے بلکہ یہ شہریوں کے ذریعے اپنے فرائض اور حقوق پر عمل کرنے اور ان کا فائدہ اٹھانے کا ذریعہ بھی ہے۔ آبادی 2011 کے مطابق ہندوستان کی کل خواندگی کی شرح 74.04% ہو گئی ہے جس میں مردوں کی خواندگی کی شرح 82.14% اور عورتوں کی شرح خواندگی 65.45% ہو گئی ہے۔

## حکومت کے ذریعے اٹھائے گئے قدم:

(i) پرائمری تعلیم مہیا کرنے کی سمت میں سروشکشا ابھیان ایک اہم قدم ہے۔

(ii) پرائمری تعلیم میں بچوں کی تعداد بڑھانے کے لیے برج کورس اور اسکول لوٹو کیمپ شروع کیے گئے۔

(iii) اسکولوں میں ''دوپہر کے کھانے'' Mid Day Meal کا انتظام کیا گیا ہے۔

14۔ (i) ابتدائی اور ثانوی سیکٹروں میں ترقی کی گنجائش ہے زیادہ تر تعلیم یافتہ لوگ ثالثی خدمات کی جانب متوجہ ہوتے ہیں۔ جہاں نوکریاں محدود ہے لہٰذا تعلیم یافتہ لوگ ڈگریاں ہوتے ہوئے بھی بے روزگار ہے۔ غیر ملکوں میں نوکریاں پانے والے خواہش مند نوجوانوں کے پاس اتنی سہولیات نہیں ہے کہ وہ غیر ملک جا سکیں۔ لہٰذا یہ مسئلہ ہندوستان کے لیے الجھتا جا رہا ہے۔

**تجاویز:**

(i) اسکول اور کالجوں میں پیشہ وارانہ مضامین کو پڑھانے لکھانے کا انتظام شروع کیا جاسکتا ہے تا کہ وہ اپنا کوئی کام شروع کر سکے۔

(ii) صنعتی تربیتی مرکز (ITI) کھولے جائیں تا کہ پڑھے لکھے، بچّوں کو وہاں پیشہ وارانہ تربیت دی جاسکے۔ پھر وہ چاہےنوکری حاصل کریں یا نہ کریں اپنا کام کھول سکتے ہیں

15۔ ہندوستان میں بے روزگاری کی وجوہات

(i) بڑھتی آبادی

(ii) زراعتی میدان میں ترقی کی دھیمی رفتار

(iii) صنعتی اور خدماتی سیکٹر محدود ہیں۔

(iv) تعلیمی نظام حقیقی نہیں ہے۔

(v) تکنیکی ترقی غیر منظّم ہے۔

(vi) دیہی عوام کا شہروں کی ہجرت کا رجحان۔

16۔ ماخذ پر مبنی سوالوں کے جوابات

A: (i) جاپان

(ii) جاپان ملک ضروری قدرتی وسائل کی درآمد کرتا ہے۔

(iii) تعلیم اور صحت کے ذریعے انھوں نے انسانوں میں سرمایہ کاری کی۔

(iv) (b) تعلیم اور صحت

B: (i) سمگر شکشا ابھیان

(ii) (c) مرکزی حکومت

(iii) (b) 6 سے 14 سال کی عمر کے بچوں کے لیے

(iv) برج کورس، اسکول لوٹیں کیمپ اور دوپہر کا کھانا

POPULATION CHARACTERISTICS

| | | 1991 | 2001 | 2011* |
|---|---|---|---|---|
| POPULATION | Million | 846 | 1029 | 1210 |
| Males | .. | 439 | 532 | 624 |
| Females | .. | 407 | 497 | 586 |
| Below 14 years | % | | 35 | |
| Males | .. | | 36 | |
| Females | .. | | 35 | |
| Above 60 years | .. | | 8 | |
| Males | .. | | 7 | |
| Females | .. | | 8 | |
| Dependency Ratio | .. | | 0.09 | |
| Urban population | .. | 26 | 28 | |
| Sex ratio females/ 1000 males | | 927 | 933 | 940 |
| Highest sex ratio(Kerala) | | | | 1084 |
| Lowestt sex ratio(Daman & Diu) | | | | 618 |
| | | 1981-91 | 1991-01 | 2001-11 |
| Decadal Population | % | 23.86 | 21.54 | 17.64 |
| Maximum decadal growth rate(D&N Haveli) | | | | 25.50 |
| Minimum decadal growth rate(Nagaland) | | | | -0.47 |
| | | 2007 | 2008 | 2009 |
| Birth rate | (per 000) | 23.1 | 22.8 | 22.5 |
| Death rate | .. | 7.4 | 7.4 | 7.3 |
| Infant Mortality Rate | .. | 55 | 53 | 50 |
| Density of population | per Sq. Km | # 273 | 325 | 382 |
| Highest population density(NCT of Delhi) | | | | 11297 |
| Lowest population density(Arunachal Pradesh) | | | | 17 |
| | | 1999-03 | 2000-04 | 2002-06 |
| Expectation of life at birth(years) | Male | 61.8 | 62.1 | 62.6 |
| | Female | 63.5 | 63.7 | 64.2 |

* : figures are provisional

#: excluding Jammu & Kashmir

# باب۔3

# غربت ایک چیلنج

## یاد رکھنے لائق نکات:

- غربت سے مراد ہے زندگی کے لیے کم از کم ضروریات کی عدم دستیابی۔غریبوں کی آمدنی اتنی کم ہوتی ہے کہ وہ اپنی عام ضروریات کو بھی پورا نہیں کر سکتے۔
- ہندوستان میں ہر چوتھا انسان غریب ہے۔(عالمی بینک کے اعداد وشمار) دنیا میں سب سے زیادہ غریب لوگ ہندوستان میں ہیں۔
- **شہری غربت:**۔شہری علاقوں میں غریب لوگوں میں رکشا والے، موچی، پھیری والے، گھریلو ملازمین، صنعتوں میں کم مزدوری والے مزدور آتے ہیں۔ان کے پاس طبعی مادے اور نقد کم ہوتا ہے اور یہ جھگی جھونپڑی میں رہتے ہیں۔
- **دیہی غربت:**۔دیہی علاقوں میں بے زمین کسان، کھیتی ہر مزدور وغیرہ آتے ہیں۔یہ غربت بنیادی خواندگی اور مہارت سے بے بہرہ ہونا ہے۔
- سماجی سائنس دانوں کے مطابق غربت:

(i) عام طور پر غربت کا تعلق آمدنی اور اس کے استعمال سے ہے۔

(ii) اس کا تعلق ناخواندگی، کم تغذیہ، صحت کی سہولیات سے ہے۔

- خط غربت: آمدنی یا خرچ کم از کم سطح کو خط غربت کہا جاتا ہے۔
- ہندوستان میں خط غربت کو طے کرنا

(i) دیہی علاقوں میں 816 روپے اور شہری علاقوں میں 1000 روپے ماہانہ۔یہ اعداد وشمار سریش تیندولکر کمیٹی کے ذریعے دیے گئے تھے۔اس کے بعد غریبی کا جائزہ لینے کے لیے سی رنگاراجن کی قیادت میں ایک اور کمیٹی بنائی گئی تھی جس نے اپنی رپورٹ جون 2014 میں دی۔اس کے تحت دیہاتی علاقوں میں 972 روپے فی کس ماہانہ اور شہری علاقوں میں 1407 روپے فی کس ماہانہ طے کیا گیا۔یہ نیتی آیوگ کی رپورٹ کے مطابق ہے۔

(ii) **کیلوری کی ضرورت:**۔دیہی علاقوں میں 2400 کیلوری یومیہ فی کس کے حساب سے اور شہری علاقوں میں 2100 کیلوری یومیہ فی کس کے حساب سے

- **غیر محفوظ طبقے یا گروپ:** ۔درج فہرست ذاتیں اور درج فہرست قبائل، دیہی علاقوں کے غریب اور بے زمین لوگ، غیر مستقل مزدوروں کے خاندان غربت کی وجہ سے سب سے زیادہ غیر محفوظ ہیں۔
- **عدم مساوات:** ۔ہر ریاست میں غریب لوگوں کا تناسب ایک جیسا نہیں ہے۔اوڈیشہ اور بہار سب سے زیادہ غریب صوبے ہیں
- **عالمی غربت کا تناظر**:۔عالمی بینک کی تعریف کے لیے ہر دن 1.90 امریکی ڈالر سے کم پر گزارا کرتا ہے اسے غریب کہتے ہیں۔
- **غربت کی وجہ:**

(i) برطانوی نوآبادیاتی دور حکومت کے دوران اقتصادی ترقی کی کم سطح

(ii) زیادہ آبادی کی شرح اضافہ

(iii) زمین اور دیگر مسائل کی غیر مساوی تقسیم

(iv) زمین کے وسائل کی کمی

(v) سماجی، ثقافتی اور اقتصادی وجوہات

(vi) چھوٹے کسانوں، بیج، کیمیاوی کھاد پر رقم کا خرچ کرنا فصل خراب ہونے پر قرض کے جال میں پھنسنا

- **غربت کو دور کرنے کی تجاویز**

(i) اقتصادی ترقی کو رفتار دینا

(ii) پردھان منتری گرام اودے یوجنا وغیرہ

- **ہدف شدہ غربت کو دور کرنے کے پروگرام**—''مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ'، وزیر اعظم روزگار اسکیم، مستقبل کے چیلنج:۔غریبی میں وسیع عدم مساوات اب انسانی غربت میں تبدیل ہو رہی ہے
- NSSO:۔وہ ادارہ جو غریبی کی سطح یا خط کو طے کرتا ہے۔

- غریبی کم ہوئی ہے۔

(i) پنجاب اور ہریانہ جیسے صوبوں میں زیادہ زراعت کی وجہ سے

(ii) کیرل میں انسانی وسائل کی ترقی پر زیادہ دھیان دے کر غربت کو کم کیا گیا ہے

(iii) آندھرا پردیش اور تامل ناڈو:۔اناج کی راشننگ کے ذریعے غریبی کو کم کیا گیا

- **غریبی کو کم/ختم کرنے کے پروگرام**

(i) مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی قانون

(ii) پردھان منتری روزگار یوجنا

(iii) سورن جینتی گرام سوروزگار یوجنا

(iv) پردھان منتری گرام اودے یوجنا

(v) انتودے انیے یوجنا

- **مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ایکٹ** 2005

(i) مقصد۔دیہی علاقوں میں روزگار محفوظ کرنا۔

(ii) سال میں کم سے کم 100 دنوں کی روزگار کی گارنٹی۔

(iii) ایک تہائی روزگار عورتوں کے لئے محفوظ۔

(iv) درخواست گزار کو 15 دن کے اندر اگر روزگار مہیا نہیں کرایا جاتا تو وہ بے روزگاری بھتے کا حقدار ہوگا۔

(v) کم سے کم مزدوری قانون کے تحت مزدوری کا نظم

- **پردھان منتری روزگار یوجنا۔**

(i) 1993 سے شروع

(ii) مقصد:۔دیہی اور چھوٹے شہروں میں تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کے لئے نجی روزگار کے مواقع فراہم کرانا۔

(iii) گھریلو صنعت اور چھوٹی صنعتیں قائم کرنے میں تعاون کرنا۔




## غربت سے متلق دیگر عوامل




ہندوستان کے مخصوص علاقوں میں غریبی کی شرح

| نمبر شمار | علاقہ کا نام | غریبی کی شرح | نمبر شمار | علاقہ کا نام | غریبی کی شرح |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | اوڈیشہ | 47.2 | 11۔ | آندھرا پردیش | 15.8 |
| 2۔ | بہار | 37.4 | 12۔ | راجستھان | 15.5 |
| 3۔ | مدھیہ پردیش | 37.4 | 13۔ | گجرات | 14.0 |
| 4۔ | تری پورہ | 34.4 | 14۔ | کیرل | 12.7 |
| 5۔ | آسام | 36.1 | 15۔ | ہریانہ | 8.7 |
| 6۔ | اتر پردیش | 31.2 | 16۔ | دلی | 8.2 |
| 7۔ | مغربی بنگال | 27.1 | 17۔ | ہماچل پردیش | 7.6 |
| 8۔ | مہاراشٹر | 25.0 | 18۔ | پنجاب | 6.2 |
| 9۔ | تمل ناڈو | 21.1 | 19۔ | جموں کشمیر | 3.5 |
| 10۔ | کرناٹک | 20.0 | 20۔ | کل شرح (ہندوستان) | 26.1 |

## عالمی غربت

| نمبر شمار | ملک کا نام | غریبی کی شرح |
|---|---|---|
| 1۔ | بنگلہ دیش | 36.0 |
| 2۔ | برازیل | 8.2 |
| 3۔ | چین | 16.6 |
| 4۔ | بھارت | 35.5 |
| 5۔ | انڈونیشیا | 7.5 |
| 6۔ | نائیجیریا | 70.8 |
| 7۔ | پاکستان | 17.0 |
| 8۔ | سری لنکا | 5.6 |

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مفلسی (غربت) سے مراد ہے:

(a) زندگی کی بنیادی ضروریات کو پورا نہ کرپانا  (b) آسائش کے ذرائع کی کمی

(c) مندرجہ بالا دونوں  (d) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ ہندوستان میں دیہی اور شہری علاقوں میں منظور شدہ کیلوری کتنی ہے؟

(a) 2100اور1800 کیلوری  (b) 2200اور2100 کیلوری

(c) 2400اور2000 کیلوری  (d) 2400اور2100 کیلوری

3۔ عالمی بینک نے خطِ غربت کے لیے کون سا پیمانہ استعمال کیا ہے؟

(a) روزانہ 1.90 ڈالر سے کم پانے والے لوگ

(b) روزانہ 1.90 ڈالر سے زیادہ پانے والے لوگ

(c) ماہانہ 1.90 ڈالر سے کم پانے والے لوگ

(d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ ہندوستان میں کون سا طبقہ غریبی کے تئیں سب سے زیادہ غیر محفوظ ہے؟

(a) درج فہرست ذاتیں (b) درج فہرست قبائل

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ ہندوستان میں کون سے دو صوبے سب سے زیادہ غریب ہیں؟

(a) بہار اور اڑیسہ (b) بہار اور اتر پردیش

(c) اتر پردیش اور اروناچل پردیش (d) تامل ناڈو اور ہریانہ

6۔ پنجاب، ہریانہ میں غربت میں کمی آنے کی وجوہات کیا ہیں؟

7۔ امریکہ میں وہ شخص غریب ہے جس کے پاس.............نہیں ہے۔

8۔ غریبی کی لائن (خطِ غربت) کی پیمائش عام طور پر..................کے بعد ہوتی ہے۔

9۔ کس اسکیم کے تحت دیہی کنبوں کو 100 دن کے روزگار کی گارنٹی کا ذکر ہے؟

10۔ دیہی اور چھوٹے شہروں میں پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں کے لیے اپنا کاروبار شروع کرنا کس اسکیم کا مقصد ہے؟

11۔ شہری علاقوں کے مقابلے دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو زیادہ کیلوری کی ضرورت کیوں ہے؟

12۔ ہندوستان میں خط غربت کس ادارے کے ذریعے طے کی جاتی ہے؟

13۔ ہندوستان میں غربت کی تاریخی وجہ کیا ہے؟

14۔ مندرجہ ذیل میں سے کون غربت کی وجہ نہیں ہے؟

(i) بے زمین ہونا (ii) بے روزگاری

(iii) معاشی خوش حالی (iv) ناخواندگی

15۔ خط غربت کس بنیاد پر طے کی جاتی ہے؟

(i) آمدنی (ii) استعمال

(iii) آمدنی اور استعمال دونوں (iv) خواندگی

16۔ مندرجہ ذیل میں سے کون ایک غیر محفوظ طبقہ ہے؟

(i) شہری دولت مند طبقہ (ii) دیہی زراعتی مزدور خاندان

(iii) دیہی خوش حال خاندان (iv) سرکاری ملازم

17۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا غریبی دور کرنے کا پروگرام ہے؟

(i) معاشی ترقی کو فروغ دینا (ii) غربت کے خلاف ہدف شدہ پروگرام

(iii) مندرجہ بالا دونوں (iv) ان میں سے کوئی نہیں

18۔ مندرجہ ذیل میں سے کون مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ 2005 کی خصوصیت ہے؟

(i) سال میں کم از کم 100 دنوں کا روزگار فراہم کرانا

(ii) روزگار نہ فراہم کرانے کی صورت میں بے روزگاری بھتہ دینا

(iii) ایک تہائی روزگار عورتوں کے لیے محفوظ رکھنا

(iv) مندرجہ بالا سبھی

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں خطِ غربت کا پتہ کس طرح لگایا جاتا ہے؟

2۔ پنجاب، ہریانہ، کیرل اور مغربی بنگال جیسے صوبوں میں غربت میں کمی ہونے کی وجوہات لکھیے۔

3۔ سماجی سائنس داں غربت کو کن عوامل کے ذریعے جانچتے اور پرکھتے ہیں؟

4۔ غربت کی کوئی تین وجوہات لکھیے۔

5۔ غربت سے متعلق سماجی اور اقتصادی طور پر غیر محفوظ گروپوں کی وضاحت کیجیے۔

6۔ ہندوستان میں غربت سے متعلق چیلنج کا تذکرہ کیجیے۔

7۔ کسی شخص کو غریب کب مانا جاتا ہے؟

8۔ ہندوستان میں خط غربت کو طے کرتے وقت زندگی بسر کرنے کے لیے کن ضرورتوں پر غور کیا جاتا ہے؟

9۔ وزیر اعظم روزگار اسکیم اور دیہی روزگار اسکیم کے بارے میں لکھیے۔

10۔ ہندوستان میں غربت کو دور کرنے کی تین تجاویز بتائیے۔

11۔ سینچائی اور سبز انقلاب کی وجہ سے زراعت کے میدان میں کئی مواقع پیدا ہوئے لیکن ان کا اثر ہندوستان میں کچھ حصوں تک ہی محدود کیوں رہا؟ مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

12۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ اگلے 10 سے 15 سالوں میں غربت دور کرنے والے پروگرام غربت کو کنٹرول کر سکیں گے۔ اس تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

13۔ عالمی غربت کے پس منظر پر چرچہ کیجیے۔

14۔ ہندوستان میں غربت کی وجوہات کی چرچہ کیجیے۔

15۔ ہندوستانی حکومت کے ذریعے طے شدہ غربت کو ختم کرنے والے پروگراموں کی وضاحت کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (a) غربت سے مراد ہے زندہ رہنے کے لیے کم سے کم ضروریات کو حاصل نہ کر پانا۔

2۔ (d) دیہی علاقے میں 2400 کیلوری یومیہ فی کس، شہری علاقے میں 2100 کیلوری یومیہ فی کس

3۔ (a) ایک ڈالر فی کس یومیہ کے برابر یا کم کمانے والا

4۔ (c) مندرجہ بالا دونوں

5۔ اوڈیشہ اور بہار

6۔ پنجاب اور ہریانہ جیسے صوبے زیادہ زراعت کی شرح کی وجہ سے غربت کم کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔

7۔ جس کے پاس کار نہیں ہے۔

8۔ ہر پانچ سال میں۔

9۔ (i) مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ (MNREGA)

(ii) پردھان منتری روزگار یوجنا

10۔ پردھان منتری روزگار یوجنا

11۔ کیوں کہ دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگ زیادہ جسمانی کام کرتے ہیں۔

12۔ نیشنل سیمپل سروے آرگنائزیشن

13۔ برطانوی دور میں کم اقتصادی ترقی

14۔ (iii) معاشی ترقی

15۔ (iii) آمدنی اور استعمال دونوں

16۔ (ii) دیہی زراعتی مزدور خاندان

17۔ (iii) مندرجہ بالا دونوں

18۔ (iv) مندرجہ بالا سبھی

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) ہندوستان میں خط غربت کو طے کرتے وقت زندگی گزارنے کے لیے غذا، تعلیم اور صحت سے متعلق ضروریات پر غور کیا جاتا ہے۔

(ii) خطِ غربت کا اندازہ لگاتے وقت غذا کی لازمی ضرورت کے لیے پیمانہ مطلوبہ کیلوری پر مبنی ہے۔

(iii) 2000 میں کسی شخص کے لیے خطِ غربت دیہاتی علاقوں 328 میں روپے اور شہری علاقوں میں 454 روپے فی کس اور ماہانہ طے کیا گیا تھا۔

2۔ (i) پنجاب اور ہریانہ جیسے زراعتی ترقی یافتہ صوبے اسی وجہ سے اپنے یہاں غربت کو کم کرنے میں کامیاب ہو رہے ہیں

(ii) کیرل میں انسانی وسائل کے فروغ پر زیادہ دھیان دیا گیا ہے۔

(iii) مغربی بنگال میں زمین کی اصلاحات کی وجہ سے غربت میں کمی لانے میں مدد ملی ہے۔

3۔ (i) خواندگی کی شرح

(ii) کم تر تغذیہ کی وجہ سے بیماریاں

(iii) صحت کی سہولیات کی کمی

(iv) روزگار کے مواقع کی کمی

(v) صاف اور محفوظ پانی اور صفائی کی کمی

4۔ (i) بے زمین ہونا

(ii) کنبہ کا سائز

(iii) بے روزگاری

(iv) ناخواندگی (کوئی تین)

5۔ (i) سماجی گروپوں میں درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے خاندان

(ii) اقتصادی گروپوں میں سب سے زیادہ غیر محفوظ گروپ

(iii) دیہی زراعتی مزدوروں کے کنبے اور شہریوں میں غیر مستقل مزدوروں کے کنبے

(iv) کنبوں میں بھی عورتیں، بوڑھے لوگ اور بچیوں کا کنبے کے لیے موجود وسائل سے محروم کیا جانا

6۔ (i) کم سے کم ضروری عمر کی موجودگی

(ii) سبھی کو صحت سے متعلق خدمات کی فراہمی کرنا

(iii) تعلیم، روزگار اور تحفظ مہیا کرانا

7۔ کسی شخص کو غریب مانا جاتا ہے

(i) جب اس کی آمدنی اس کی ضروریات کو پورا نہ کر پائے

(ii) صرف (consume) کا معیار گر جاتا ہے

(iii) جب بھوک مری کے ساتھ ساتھ مکان کی سہولت بھی موجود نہ ہو

8۔ (i) خوراک کی ضرورتوں، کپڑے اور جوتوں

(ii) ایندھن اور روشنی

(iii) تعلیم اور صحت سے متعلق ضروریات

9۔

| | **پردھان منتری روزگار یوجنا** | | **دیہی روزگار یوجنا** |
|---|---|---|---|
| (i) | یہ اسکیم 1993 میں شروع ہوئی | (i) | یہ اسکیم 1995 میں شروع ہوئی |
| (ii) | اس کا مقصد چھوٹے شہروں میں تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کے لیے خود کے روزگار کے مواقع پیدا کرنا | (ii) | اس کا مقصد دیہی علاقوں، قصبوں اور چھوٹے شہروں میں خود کے روزگار کے مواقع پیدا کرنا |
| (iii) | چھوٹے پیمانے کی صنعتوں اور کاروبار کو قائم کرنے میں مدد فراہم کرنا | (iii) | دسویں پنچ سالہ منصوبے کے تحت 25 لاکھ نئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا ہدف رکھا گیا تھا |

10۔ (i) صنعت کاری پر زیادہ زور

(ii) تعلیم کے ذریعے مہارت اور اس کے علم کو بڑھا کر

(iii) زراعتی میدان میں ترقی کے ذریعے

(iv) آبادی کو بھی محدود کرنا نہایت ضروری

11۔ (i) زمین کے وسائل کی کمی

(ii) چھوٹے کسانوں کو بیج، کھاد، کیڑے مار دوائیوں جیسی ضروری اشیا کے لیے سرمایہ کاری

(iii) ساہوکاروں اور مہاجنوں کا بڑھتا قرض بے زمین کسانوں کے لیے آفت ہے

(iv) وسائل کی غیر مساوی تقسیم

(v) دیہاتی علاقوں میں زمین جائدادوں کی دوبارہ تقسیم اور دیگر زمینی اصلاحات پروگراموں کو صحیح طریقے سے لاگو نہیں کیا۔

12۔ غریبی دور کرنے کے پروگرام ایک متحرّک عمل ہے لہٰذا ترقی کے ساتھ ساتھ غربت کی تعریف ضرور بدلے گی

(i) آمدنی سے متعلق کم سے کم آمدنی ضرور حاصل ہو جائے گی

(ii) سبھی کو بہتر صحت سے متعلق خدمات ضرور حاصل ہوں گی

(iii) تعلیم کے میدان میں ترقی ہوگی

(iv) روزگار اور تحفظ باآسانی مہیا ہوگا

(v) جنسی مساوات اور غریبوں کو عزّت ضرور حاصل ہوگی

13۔ (i) ترقی پذیر ممالک میں بے حد غریبی میں رہنے والے لوگوں کا تناسب 1990 کے 28 فی صد سے گر کر 21 فی صد ہو گیا ہے

(ii) چین اور جنوب مشرقی ایشیا کے لوگوں میں تیزی سے اقتصادی ترقی اور انسانی وسائل کے فروغ میں بہت سرمایہ کاری کی وجہ سے غربت میں خاص طور پر کمی آئی ہے۔

(iii) جنوبی ایشیا کے ممالک میں ہندوستان ، پاکستان، سری لنکا، نیپال، بنگلہ دیش، بھوٹان میں غریبوں کی تعداد میں گراوٹ اتنی تیزی سے نہیں آئی ہے

(iv) سب۔سہارا افریقہ میں غریب 1981 میں 41 فی صد سے بڑھ کر 2001 میں 46 فی صد ہوگئی ہے

(v) لاطینی امریکہ میں غربت کا تناسب جس کا تس بنا رہا ہے

(vi) روس جیسے سابق کمیونسٹ ملک میں غربت دوبارہ سے آ گئی ہے

14۔ (i) غربت کی وجہ سے ایک برطانوی نوآبادیاتی حکومت کے دوران اقتصادی ترقی کا کمتر معیار رہا

(ii) دیہی علاقوں میں روزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں نے شہروں کی طرف ہجرت کی مگر وہاں نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے یہ لوگ غیر مستقل کام والے مزدور بن گئے ان کی زندگی غریبی سے بھر گئی

(iii) غریبی کی ایک وجہ آمدنی میں غیر یکسانیت ہے

(iv) سماجی، ثقافتی اور اقتصادی وجوہات:

کسان، بیج، کیمیاوی کھاد، وغیرہ کے لیے قرض لیتے ہیں۔فصل خراب ہونے پر وہ قرض کے جال میں پھنس جاتے ہیں۔

15۔ (i) کام کے بدلے اناج پروگرام: اسے 2004 میں ملک کے سب سے پچھڑے 150 ضلعوں میں نافذ کیا گیا تھا۔ یہ کام ان لوگوں کے لیے ہے جو جسمانی طور پر مزدوری کرنے کے خواہش مند ہیں اور غیر ماہر ہیں ساتھ ہی وہ غریب بھی ہیں۔

(ii) پردھان منتری روزگار یوجنا: یہ یوجنا 1993 میں شروع ہوئی اس کا مقصد دیہی علاقوں اور چھوٹے شہروں میں تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کے لیے خود کے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔

(iii) دیہی روزگار یوجنا: یہ پروگرام 1995 میں شروع ہوا اور اس کا مقصد دیہی علاقوں اور چھوٹے شہروں میں خود کے روزگار کے مواقع کو پیدا کرنا ہے

(iv) سورن جینتی گرام اودے یوجنا: یہ 1999 میں شروع ہوئی۔اس پروگرام کا مقصد امداد یافتہ غریب کنبوں کو سیلف ہیلپ گروپ کے طور پر منظم کرکے بینکوں سے قرض مہیا کروا کر انھیں خطِ غربت سے اوپر اٹھانا ہے

(v) پردھان منتری گرام اودے یوجنا: 2000 میں اسے شروع کیا گیا اس کے تحت پرائمری تعلیم، گاؤں میں مکانات، پینے کا صاف پانی اور گاؤں میں بجلی جیسی سہولیات کو مہیا کرانے کے لیے صوبائی حکومتوں کو امداد فراہم کرانا تھا۔

(vi) مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ایکٹ 2005:۔

2005 میں شروع کیا گیا۔ اس ایکٹ کے تحت دیہی علاقوں میں ایک سال میں کم سے کم 100 دنوں کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔ ایک تہائی روزگار عورتوں کے لئے محفوظ ہے۔

# باب۔4

# ہندوستان میں غذائی تحفّظ



## یاد رکھنے لائق نکات:

- غذائی تحفظ سے مراد ہے سبھی کے لیے ہمیشہ کے لیے غذا کی فراہمی، پہنچ اور اسے حاصل کرنے کی حیثیت حاصل ہو
- غذائی تحفّظ کے ذریعے غریب طبقہ ہمیشہ غذائی اشیا تک رسائی حاصل کر سکتا ہے
- قومی آفات کے وقت دیگر طبقات بھی اناج کی کمی سے متاثر ہوتے ہیں
- آفات جیسے قحط، بھوک سیلاب، وبا وغیرہ اور اناج کی کمی، قیمتوں میں اضافہ کے وقت غذائی تحفّظ متاثر ہوتا ہے
- غذائی طور پر غیر محفوظ کون؟

    (i) بے زمین

    (ii) روایتی دستکار

    (iii) انحصاری آبادی

    (iv) بھکاری

    (v) غیر مستقل مزدور

    (vi) درج فہرست قبائل سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں

- اناج میں خود کفالت: آزادی کے بعد ہندوستانی پالیسی سازوں نے اناج کے میدان میں خود کفالت کے ہدف کو حاصل کرنے کی سبھی طرح کی تدابیر کیں جس کی وجہ سے سبز انقلاب کا جنم ہوا
- تامل ناڈو میں راشن کی دکانوں، دلی میں مدر ڈیری اور گجرات میں امل (AMUL) کو آپریٹو سوسائٹی اس کی مثالیں ہیں۔
- راشن کی دکانیں: زیادہ تر علاقوں، گاؤں، قصبوں اور شہروں میں راشن کی دکانیں ہیں جنھیں مناسب قیمت کی دکانیں کہا جاتا ہے۔
- موسمی بھوک مری: جب کھیتوں میں فصل تیار ہو جاتی ہے اور فصل کاٹنے کے چار مہینے تک کوئی کام نہیں ہوتا ہے تو اسے موسمی بھوک مری کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔
- طویل مدّتی بھوک مری: جب غذا کی مقدار لگاتار کم ہو یا کیفیت (quality) کی بنیاد پر کم ہو۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ غذائی تحفظ سے کیا مراد ہے؟

2۔ ہندوستان میں سب سے زیادہ خطرناک قحط کب اور کہاں پڑا تھا؟

3۔ غذائی غیر محفوظ چار صوبوں کے نام لکھیے

4۔ بھوک مری کی اقسام کون کون سی ہیں؟

5۔ ہندوستان میں غذائی تحفظ کے دو عناصر کون کون سے ہیں؟

(a) بفراسٹاک (b) راشننگ کا نظام

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ ہندوستان میں راشن سسٹم کی شروعات کس دہائی میں ہوئی؟

(a) 1940 (b) 1950

(c) 1960 (d) 1970

7۔ رعایتی قیمت کا مطلب ہے غذائی اشیا کا بازار قیمت سے ......................

(a) کم ہونا (b) زیادہ ہونا

(c) برابر ہونا (d) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ بفراسٹاک ہندوستان غذائی کارپوریشن کی مدد سے حکومت کے ذریعے اجارہ داری............اور................ہے۔

9۔ خطِ غربت سے نیچے لوگوں کو....................کارڈ دیا جاتا ہے۔

10۔ آفات کے وقت غذائی رسد.....................ہوجاتی ہے۔

11۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

قول (A): فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے ذریعے حکومت سے حاصل شدہ اناج کے ذخیرے کو بفراسٹاک کہتے ہیں۔

وجہ (R): آفات کے وقت اور غریبوں میں تقسیم کرنے کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول(A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول(A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

## 3/5 نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں غذائی تحفظ کو کیسے ممکن بنایا جاتا ہے؟

2۔ کم از کم امدادی قیمت (M.S.P) کسے کہتے ہیں؟

3۔ سبز انقلاب کا غذائی تحفظ پر کیا اثر پڑا؟ وضاحت کیجیے۔

4۔ موسمی بے روزگاری اور طویل مدّتی بھوک مری میں فرق واضح کیجیے۔

5۔ راشننگ سسٹم (عوامی تقسیمی نظام) کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ ہندوستانی غذائی تحفظ ایکٹ 2013 کی خصوصیات لکھیے۔

7۔ انتودے انا یوجنا کی خصوصیات لکھیے۔

8۔ آفات کے وقت غذائی تحفظ کیسے متاثر ہوتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

9۔ عوامی تقسیم کے نظام کے فائدے لکھیے۔

10۔ راشن کی دکان کو چلانے میں کون سے مسائل درپیش آتے ہیں؟

11۔ غریبوں کو غذائی تحفظ دینے کے لیے حکومت نے کون کون سی اسکیمیں لاگو کی ہیں؟

12۔ غذائی تحفظ مہیا کرانے میں کوآپریٹیو سوسائٹیوں کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

13۔ آزادی کے بعد ہندوستان کے لیے پالیسی سازوں نے اناج کی پیداوار میں خود کفالت حاصل کرنے کے لیے کیا کیا اقدامات کیے ہیں؟

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ غذائی تحفظ سے مراد ہے سبھی لوگوں کے لیے ہمیشہ غذائی فراہمی، پہنچ اور اسے حاصل کرنے کی صلاحیت۔

2۔ ہندوستان میں سب سے خطرناک قحط 1943 میں بنگال میں پڑا تھا اس میں 30 لاکھ لوگ مارے گئے تھے۔

3۔ بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، مغربی بنگال

4۔ طویل مدّتی بھوک مری اور موسمی بھوک مری

5۔ (c) مندرجہ بالا دونوں

6۔ (a) 1940

7۔ (a) کم ہونا

8۔ گیہوں اور چاول

9۔ BPL/ انتودے

10۔ کم/متاثر

11۔ (a)

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ غذائی تحفظ کے مندرجہ ذیل پہلو ہیں:

(i) غذائی سہولیات کی موجودگی کا مطلب ملک میں سرکاری اناج کے گوداموں میں جمع کیے ہوئے اناج کو بفر اسٹاک کہتے ہیں۔

(ii) پہنچ کا مطلب ہے کہ لوگوں کے پاس اپنی غذائی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری سرمایہ موجود ہے

(iii) صلاحیت کا مطلب ہے کہ لوگوں کے پاس اپنی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وافر پیسہ موجود ہو

2۔ **کم از کم امدادی قیمت**(MSP)

(i) آئی۔ایف۔سی ہندوستانی غذائی کارپوریشن پیداوار کرنے والی ریاستوں کے کسانوں سے گیہوں اور چاول خریدتا ہے

(ii) کسانوں کو اپنی فصلوں کے لیے بوائی کے موسم سے پہلے سے طے شدہ قیمت دی جاتی ہے۔

(iii) فصلوں کی پیداوار کو بڑھاوا دینے کے مقصد سے حکومت کم از کم امدادی قیمت کا اعلان کرتی ہے

3۔ **سبز انقلاب کا غذائی تحفظ پر اثر:**

(i) سبز انقلاب نے ہندوستان کو اناج کے معاملے میں خودکفیل بنا دیا ہے

(ii) سبز انقلاب کے آنے کے بعد سے موسم کے مخالف حالات کے دوران بھی ملک میں قحط نہیں پڑا

(iii) اناج کی پیداوار بڑھانے کے نتیجے کے طور پر اناج کی فراہمی طے ہوگئی

4۔ (i) موسمی بھوک مری کا فصل پیدا کرنے اور کاٹنے کے سائیکل (گردش) سے ہے۔

**طویل بھوک مری کا تعلق کم مقدار میں خوراک مہیا ہونے سے ہے**

(ii) موسمی بھوک مری زراعتی عمل سے جڑی ہوتی ہے۔ چوں کہ زراعتی عمل موسمی عمل ہے۔

(iii) طویل بھوک مری غذائی اشیا کو نہ خرید پانے کی معذوریت کا نام ہے۔

5۔ (i) بفر (وافر) اسٹاک عوامی تقسیمی نظام کی ریڑھ کی ہڈی ہے اس کے بغیر راشن کی دکان نہیں چل سکتی۔

(ii) غریبی کی سطح کے نیچے رہنے والے لوگوں کو بفر اسٹاک کے ذریعہ مدد کی جاتی ہے۔ کئی لوگوں کو تو کام کے بدلے اناج دیا جاتا ہے۔

(iii) آفات کے وقت ضرورت پڑنے پر بفر اسٹاک کی مدد سے ہی مختلف ریاستوں کی مدد کی جاتی ہے۔

6۔ (i) مقصد— انسان کی باوقار زندگی کو یقینی بنانا

(ii) اس کے تحت غذا اور غذائیت سے متعلق تحفظ سستی قیمتوں پر فراہم کرانا

(iii) اس ایکٹ کے تحت 75% دیہی آبادی اور 50% شہری آبادی کو فائدہ اٹھانے والے خاندانوں میں شامل کیا گیا ہے۔

7۔ (i) دسمبر 2000 میں شروع

(ii) خط غربت کے نیچے والے خاندان شامل

(iii) 2 روپے فی کلوگرام گیہوں اور 3 روپے فی کلوگرام چاول کی شرح سے ہر ایک خاندان کو 35 کلوگرام اناج

(iv) عوامی تقسیم کے نظام (PDS) کے ذریعے اناجوں کی تقسیم

8۔ (i) قدرتی آفات جیسے سوکھے کی وجہ سے اناج کی پیداوار میں گراوٹ آتی ہے جس سے متاثرہ علاقوں میں اناج کی کمی ہوجاتی ہے۔

(ii) اناج کی کمی سے قیمتوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

(iii) کچھ لوگ اضافی قیمتوں پر کھانے کی اشیا نہیں خرید سکتے کیوں کہ وہ اقتصادی طور پر کمزور ہیں۔

(iv) اگر آفت زیادہ وقت تک رہے تو بھوک مری کی حالت بن جاتی ہے۔

(v) قحط کی وجہ سے بھوک مری اور وبا پھیلنے سے ان گنت لوگوں کی موت ہو جاتی ہے۔

9۔ (i) ہندوستانی غذائی کارپوریشن کے ذریعے وافر مقدار میں اناج کو حکومت باقاعدہ راشن کی دوکانوں کی مدد سے سماج کے کمزور طبقے میں ترقی کو یقینی بنانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(ii) زیادہ تر علاقوں، گاوؤں، قصبوں اور شہروں میں راشن کی دوکانیں ہیں۔ ملک بھر میں تقریباً 4.6 لاکھ راشن کی دوکانیں ہیں۔

(iii) راشن کارڈ رکھنے والا کوئی بھی کنبہ ماہانہ ایک طے شدہ مقدار (جیسے 35 کلو اناج، 5 لیٹر مٹی کا تیل، 5 کلوگرام چینی وغیرہ) قریبی دوکان سے خرید سکتے ہیں۔

10۔ (i) راشن کی دوکان چلانے والے لوگ اناج کو زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے کھلے بازار میں بیچتے ہیں

(ii) راشن کی دوکانوں پر گھٹیا اناج کی بکری

(iii) راشن کی دوکانوں کے کھلنے اور بند ہونے کا طے وقت نہ ہونا

(iv) اگر گھٹیا کوالٹی کا اناج راشن کی دوکانوں میں نہیں بکتا ہے تو پھر اس کا ذخیرہ ایف۔سی۔آئی کے گوداموں میں واپس آجاتا ہے۔

(v) خطِ غربت سے اوپر والے کنبے اجناس کی قیمت میں بہت کم چھوٹ کی وجہ سے ان چیزوں کی خریداری نہیں کرتے۔

11۔ (i) انتودے انے یوجنا(AAY)

(ii) انے پورنا یوجنا(APS) (ان کے بارے میں تفصیل)

12۔ (i) کوآپریٹیو سوسائیٹیاں غریب لوگوں کو اجناس کی بکری کے لیے کم قیمت والی دوکانیں کھولتی ہیں۔

(ii) سماج کے الگ الگ طبقوں کے لیے غذائی تحفظ کو یقینی بناتی ہیں۔

(iii) اناج بینکوں کے قیام کے لیے غیر سرکاری اداروں کے نیٹ ورک میں مدد کرتی ہے۔

(iv) اے۔جی ایس غیر سرکاری ادارہ ہے جو اجناس کو تحفظ کے میدان میں تربیت اور صلاحیت کو پیدا کرنے کے پروگرام چلاتا ہے۔

(v) مثال کے طور پر

(i) تامل ناڈو میں راشن کی دوکانیں

(ii) دلی میں مدر ڈیری، دلی کی حکومت کے ذریعے طے قیمتوں پر دودھ، سبزیوں وغیرہ کو مہیا کرواتی ہے

(iii) گجرات میں AMUL دودھ کے میدان میں انقلاب لانے میں کامیاب ہوا ہے۔

(iv) مہاراشٹر میں کھولے گئے اناج بینک اس کی مثالیں ہیں۔

13۔ (i) ہندوستان کی حکومت نے زراعت کی حالت سدھارنے کے لیے مختلف تکنیکی اور ادارہ جاتی سدھار کیے

(ii) پنج سالہ منصوبے میں زراعت کو اہمیت دی گئی

(iii) کم زرخیز زمین کو کھیتی کے لائق بنانے کے لیے قدم اٹھائے گئے

(iv) نئے اور زیادہ پیداوار دینے والے بیج تیار کیے گئے

(v) سینچائی کے ذرائع اور زراعت میں مشینوں کے استعمال کو بڑھایا گیا

# ماڈل ٹیسٹ پیپر -1 (حل شدہ)

## سوشل سائنس

## جماعت نہم (IX)

کل نمبر 80 | کل وقت: 3 گھنٹے

## عام ھدایات

1۔ سوال نامے میں پانچ حصے ہیں۔

2۔ حصہ "A" میں سوال نمبر 1 سے 16 تک ہیں۔ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

3۔ حصہ "B" میں سوال نمبر 17 سے 22 تک ہیں۔ ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

4۔ حصہ "C" میں سوال نمبر 23 سے 26 تک ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔

5۔ حصہ "D" میں سوال نمبر 27 سے 31 تک ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

6۔ حصہ "E" میں سوال نمبر 32 نقشے سے متعلق ہے اور یہ 5 نمبر کا ہے۔ اس سوال کے دو حصے ہیں۔ تاریخ (2 نمبر) اور جغرافیہ (3 نمبر) کا ہے۔

## حصہ-A

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کس ایسٹیٹ کے لوگوں کو خصوصی حقوق پیدائش سے حاصل تھے؟ 1

(a) پادری طبقہ (b) اشرافیہ طبقہ

(c) تیسرا ایسٹیٹ (d) (a) اور (b) دونوں

2۔ آئین کو اعلیٰ ترین قانون کیوں سمجھا جاتا ہے؟ 1

3۔ پالم پور گاؤں کی خاص اقتصادی سرگرمی کیا تھی؟ 1

4۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق مندرجہ ذیل میں سے کس ریاست میں جنسی تناسب سب سے زیادہ ہے؟ 1

(a) تامل ناڈو (b) بہار

(c) کیرل (d) ہریانہ

5۔ روس کے 1905 انقلاب کی خاص وجہ کیا تھی؟ 1

**یا**

وہ کون سی خفیہ پولیس تھی جو بالشیوک پر تنقید کرنے والوں کو سزا دیتی تھی؟

6۔ مندرجہ ذیل میں سے غلط متبادل کو چنیے۔ 1

(a) جنسی تناسب — ایک ہزار مردوں پر عورتوں کی تعداد

(b) بچوں کی شرح اموات — ایک ہزار زندہ پیدا ہوئے بچوں میں سے ایک سال سے کم عمر میں مرنے والے بچوں کی تعداد

(c) شرح اموات — لوگوں کی شرح اموات جو فی 100 ہر سال ہو

(d) اوسط عمر — ایک شخص کی اوسط عمر کی امید

7۔ صحیح یا غلط بتائیے: 1

بنگال کے قحط سے علاقے میں زیادہ لوگ نہیں مارے گئے۔

8۔ خالی جگہ کو پورا کریں: 1

............ ایکٹ کے مطابق جرمنی میں تاناشاہی کا قیام کیا گیا۔

9۔ مندرجہ ذیل میں سے کس جگہ ''اشتراکی'' لفظ لکھا گیا ہے۔ 1

(a) بنیادی حقوق (b) ہدایتی پالیسی کے رہنما اصول

(c) شہریوں کے حقوق (d) تمہید

10۔ آپ بے روزگاری کے بارے میں کس طرح بتائیں گے؟ 1

**یا**

غیر بازاری سرگرمیوں کی مثال دیجیے۔

11۔ ہندوستانی آئین ان میں سے کون سا حق دیتا ہے؟ 1

(a) کام کا حق (b) معقول ضروریاتِ زندگی حاصل کرنے کا حق

(c) اپنی ثقافت کی حفاظت کا حق (d) ذاتی آزادی کا حق

12۔ ''انسانی سرمایہ'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

**یا**

کثیر فصلی کھیتی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

13۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 1

قول (A): ہندوستان میں ہر شہری کو ووٹ کا حق ہے۔

وجہ (R): ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

14۔ بے روزگاری کو کم کرنے کے لیے کوئی ایک تجویز دیجیے۔ 1

**یا**

سمگر شکشا کی ایک خصوصیت بتائیے۔

15۔ مندرجہ ذیل قول کو صحیح کر کے دوبارہ لکھیے۔ 1

ڈاکٹر راجندر پرساد مسودہ ساز کمیٹی کے صدر تھے۔

**یا**

کتاب ''لانگ واک ٹو فریڈم'' کے مصنف مہاتما گاندھی تھے۔

16۔ صحیح یا غلط بتایئے۔ 1

حقوق اکثریت کی زیادتی سے اقلیتوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

## حصہ "B"

17۔ فرانسیسی انقلاب کی کوئی تین وجوہات کے بارے میں لکھیے۔ 3

**یا**

لوئی سولہواں کے دورحکومت میں خزانہ خالی ہونے کی کیا وجوہات تھیں؟

18۔ کوئی تین طبی نباتات کی اہمیت کا ذکر کیجیے۔ 3

19۔ سبز انقلاب کے فائدے بتایئے۔ 3

**یا**

سبز انقلاب کے نقصانات بتایئے۔

20۔ ہمالیہ کو مغرب سے مشرق تک کن بنیادوں پر تقسیم کیا گیا ہے؟ 3

**یا**

ہمالیہ کے متوازی سلسلوں کی وضاحت کیجیے۔

21۔ جرمنی پر اقتصادی بحران کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ 3

22۔ انسانی وسائل سازی میں تعلیم کے رول/کردار کی وضاحت کریں۔ 3

## حصہ "C"

23۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

''یہ واضح ہے کہ ہندوستان دنیا کا ساتواں بڑا ملک ہے۔ ہندوستان کی زمینی سرحد تقریباً 15200 کلومیٹر اور سمندری سرحد انڈومان نکوبار جزائر اور لکش دیپ جزائر کے ساتھ 7516.6 کلومیٹر ہے۔

ہندوستان کے شمال مغرب، شمال اور شمال مشرق سرحد پر نیا بلدار پہاڑ ہے۔ اس کے جنوب میں شمال میں چوڑا ہے اور 22° شمالی عرض البلد سے بحر ہند کی جانب کم چوڑا ہوتا گیا ہے۔ اس کے مغرب میں بحیرۂ عرب اور مشرق میں خلیج بنگال واقع ہے۔ عرض البلد اور طول البلدی وسعت تقریباً 30° ہے۔ مگر پھر بھی مشرق۔ مغرب کی وسعت شمال جنوب کی وسعت کے مقابلے میں کم معلوم ہوتی ہے۔

گجرات اور اروناچل پردیش کے مقامی وقت میں دو گھنٹوں کا فرق ہے۔ لہٰذا 82.30° مشرقی طول البلد کو ہندوستان کا خط معیاری وقت مانا گیا ہے جو کہ اتر پردیش کے مرزاپور سے گزرتی ہے۔ عرض البلد کا اثر جنوب سے شمال کی جانب دن اور رات کے وقفہ پر پڑتا ہے۔"

23.1 مرزاپور کہاں واقع ہے؟

(a) ہریانہ (b) مدھیہ پردیش

(c) راجستھان (d) اتر پردیش

23.2 خط معیاری وقت کیا ہے؟

23.3 صحیح یا غلط بتائیے:

"عرض البلد اور طول البلد کی وسعت تقریباً 23½° ہے۔"

23.4 خالی جگہ پُر کیجیے۔

ہندوستان کی زمینی سرحد تقریباً..............کلومیٹر ہے۔

24۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

"مستقبل کے بارے میں اشتراکیوں کی بصیرت مختلف تھی۔ ان میں سے چند ایسے تھے جو امداد باہمی یعنی کوآپریٹیو کے نظریہ پر یقین رکھتے تھے۔ رابرٹ اووین (1858-1771) نے جو ایک مغربی انگلش صنعت کار تھا، انڈیانا (یو ایس اے) میں نیو ہارمونی نام کی امداد باہمی سوسائٹی بنانے کی کوشش کی۔ دوسرے اشتراکیوں کا خیال تھا کہ صرف انفرادی پیش قدمی کے ذریعے اونچے پیمانہ پر امداد باہمی سوسائٹیاں بنانا ممکن نہیں ہے۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ اس سمت میں حکومتیں ایسی سوسائٹیوں کی ہمت افزائی کریں۔ مثال کے طور پر فرانس میں لوئس بلانک (1882-1813) چاہتا تھا کہ حکومت امداد باہمی

سوسائٹیوں کی ہمت افزائی کرے اور سرمایہ دارانہ مہم کاروں کو ہٹائے۔ یہ امداد باہمی سوسائٹیاں عوام کی ایسی انجمنیں بنی تھیں جو مل کر اشیا پیدا کرتیں اور ممبران کے کام کے مطابق منافع کو تقسیم کر لیتیں۔

کارل مارکس (1883-1818) اور فریڈرک انگلیز نے ان تمام دلائل کے اندر دوسرے نظریات بھی شامل کر دیے۔ مارکس نے دلیل یہ پیش کی کہ صنعتی سماج سرمایہ دارانہ تھا۔ فیکٹریوں میں لگے ہوئے سرمایہ کے مالک سرمایہ دار جب کہ سرمایہ داروں کا منافع مزدور پیدا کرتے تھے۔ مزدوروں کی حالت میں سدھار اس وقت تک ممکن نہیں تھا جب تک کہ نجی سرمایہ دار منافع بٹورتے رہیں گے۔ مزدوروں کو سرمایہ دارانہ نظام اور نجی ملکیت کے اصول کو اکھاڑ پھینکنا ہوگا۔ مارکس کا یہ عقیدہ تھا کہ اپنے آپ کو سرمایہ دارانہ استحصال سے آزاد کرانے کے لیے مزدوروں کو ایک ایسے بنیادی سماج کی تعمیر کرنی ہوگی جہاں تمام جائیداد پر سماجی کنٹرول قائم ہو۔ یہ ایک کمیونسٹ سماج ہوگا۔ اس کو یقین تھا کہ سرمایہ داروں کے ساتھ جنگ کی صورت میں مزدوروں کی فتح ناگزیر ہوگی۔ کمیونسٹ سماج مستقبل کا قدرتی سماج تھا۔''

24.1 ''صنعتی سماج'' سرمایہ دارانہ سماج ہے۔ یہ سوچ مندرجہ ذیل میں سے کس کی ہے؟

(a) رابرٹ اووین (b) لوئی بلانگ

(c) فریڈرک انگلیز (d) کارل مارکس

24.2 خالی جگہ پُر کیجیے:

............چاہتے تھے کہ حکومت سرمایہ دارانہ مہم کاروں کی جگہ امداد باہمی سوسائٹیوں کو بڑھاوا دیں۔

24.3 کوآپریٹیو سوسائٹی کیا ہے؟

24.4 نئے تال میل سے کیا مراد ہے؟

25۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

''قحط بنگال کے پس منظر کو دھیان میں رکھتے ہوئے ہندوستان میں 1940 کے دہے میں راشن کا سلسلہ شروع کیا گیا تھا۔ سبز انقلاب سے پہلے، 1960 کی دہائی کے دوران، غذائی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے، راشن کا نظام دوبارہ شروع کیا گیا تھا۔ 1970 کی دہائی کے وسط میں این ایس ایس او (NSSO) کی رپورٹ کے مطابق حکومت کے دخل اندازی کرتے ہوئے تین پروگرام شروع کیے: اناجوں کے لیے تقسیم کا عوامی نظام (PDS) (جو پہلے موجود تھا لیکن اس کے بعد اس کو مزید مظبوط

بنایا گیا)، بچے کی نشو ونما کے لیے مربوط خدمات (انٹیگریٹڈ چائلڈ ڈویلپمنٹ سروسز–ICDS) جس کو 1975 میں تجربہ کے طور پر شروع کیا گیا تھا اور ''کام کے بدلے اناج'' (Food For Work-FFW) جیسے پروگرام کے تحت لایا گیا تھا جس کی شروعات 78-1977 میں ہوئی تھی۔ آئندہ سالوں میں کئی نئے پروگرام شروع کیے گئے اور پروگراموں کو چلانے کے دوران حاصل تجربہ کی روشنی میں چند پروگراموں کی تشکیل نو ہوئی۔ آج کل متعدد غربت مٹاؤ پروگرام (پاورٹی ایلوئیشن پروگرامس–PAPs) موجود ہیں جو زیادہ تر ان دیہی علاقوں میں ہیں جہاں واضح طور سے غذائی بلاک بھی ہیں۔ اس کے برعکس PDS اور دوپہر کے کھانے جیسے چند پروگرام خالصتاً غذائی تحفظ میں اضافہ کرتے ہیں۔ روزگار پروگرام غریبوں کی آمدنی کو بڑھاتے ہوئے غذائی تحفظ میں بے حد مددگار ثابت ہوتے ہیں۔''

25.1 راشن نظام کی شروعات کب سے ہوئی؟

(a) 1975 (b) 1977-78

(c) 1960 (d) 1940

25.2 خالی جگہ کو پُر کیجیے:

...........جو تجرباتی بنیاد پر 1975 میں شروع کی گئیں۔

25.3 راشننگ (تقسیم کا عوامی نظام) سے کیا مراد ہے؟

25.4 این ایس ایس او (NSSO) رپورٹ کی بنیاد پر کون سے پروگرام شروع کیے گئے۔

26۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

چوں کہ جدید جمہوریتوں میں پارلیمنٹ مرکزی کردار نبھاتی ہے، زیادہ تر بڑے بڑے ممالک پارلیمنٹ کے کردار اور اختیارات کو دو حصوں میں تقسیم کر لیتے ہیں۔ ان کو چیمبر یا ایوان کہا جاتا ہے۔ ایک ایوان کا انتخاب عوام براہ راست کرتے ہیں اور عوام کی طرف سے حقیقی اختیارات کا استعمال کرتے ہیں۔ دوسرے ایوان کا انتخاب عام طور سے بالواسطہ ہوتا ہے جو چند خاص کام کرتا ہے۔ دوسرے ایوان کا سب سے زیادہ عام کام مختلف ریاستوں، خطے یا وفاقی اکائیوں کے مفادات کی دیکھ بھال کرنا ہے۔

ہمارے ملک میں پارلیمنٹ دو ایوانوں پر مشتمل ہے۔ ان دونوں ایوانوں کا نام ایوان بالا (ریاستوں کی کونسل) یعنی راجیہ سبھا اور ایوان زیریں (دار العوام) یعنی لوک سبھا۔ ہندوستان کا صدر بھی پارلیمنٹ کا ایک حصہ ہے، اگر چہ وہ ان دونوں ایوانوں میں سے کسی کا بھی ممبر نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں ایوانوں میں بنے قوانین صرف اسی صورت میں معتبر ہوتے ہیں جب کہ ان پر صدر کے دستخط ہوں۔

26.1 مندرجہ ذیل میں سے کس نظام میں پارلیمنٹ کا رول اہم ہے۔

(a) فوجی حکومت (b) جمہوریت

(c) بادشاہت (d) ان میں سے کوئی نہیں

26.2 راجیہ سبھا کسے کہتے ہیں؟

26.3 خالی جگہ کو پُر کیجیے:

ہمارے ملک میں ..................کے دو ایوان ہیں۔

26.4 صحیح یا غلط بتایئے:

ہندوستان کا وزیر اعظم پارلیمنٹ کا حصہ ہوتا ہے۔

**حصہ "D"**

27۔ حکومت کے ذریعے غریبی دور کرنے والے پروگراموں کا ذکر کیجیے۔ 5

**یا**

غریبی کی مختلف وجوہات کا تذکرہ کیجیے۔

28۔ جمہوریت کیا ہے؟ جمہوریت کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 5

29۔ آب وہوا کو متاثر کرنے والے کوئی پانچ عوامل کا ذکر کیجیے۔ 5

**یا**

مانسون کے نظام پر چرچا کیجیے۔

30۔ مختلف انتخابات میں سیاسی جماعتوں کے ذریعے دیے گئے نعروں کا تذکرہ کیجیے۔ 5

31۔ نوآبادیاتی نظام کے تحت ہندوستان میں جنگلوں کی کٹائی کی کوئی پانچ وجوہات کی وضاحت کیجیے۔ 5

**یا**

کونکنی کسان کیوں ڈھانگر لوگوں کا استقبال کرتے تھے؟ وضاحت کیجیے۔

## حصہ "E"

32.1 دنیا کے نقشے پر A اور B دو مقام دکھائے گئے ہیں۔ انھیں پہچانیے اور ان کے پاس کھینچی گئی لائن پر ان کے صحیح نام لکھیے۔ 2

(A) محوری طاقت کا ممبر ملک

(B) دوست ممالک کا ممبر ملک

32.2 ہندوستان کے دیے گئے سیاسی نقشے کے خاکے پر مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین کو مناسب علامتوں کی مدد سے دکھائیے اور ان کے نام بھی لکھیے۔ 3

(A) کاربیٹ نیشنل پارک

(B) بھرت پور برڈ سینکچری

(C) پُلکیٹ جھیل

(D) چلکا جھیل

(E) وولر جھیل

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات بصارت سے معذور طلبا کے لیے سوال نمبر 32 کی جگہ پر ہیں۔ کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5

32.1 اس ملک کا نام لکھیے جہاں نازی پارٹی کی حکومت تھی۔

32.2 اس ملک کا نام لکھیے جہاں وارسا کے معاہدہ پر دستخط کیے گئے۔

32.3 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں چلکا جھیل ہے۔

32.4 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں پُلکیٹ جھیل ہے۔

32.5 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں سملی پھل نیشنل پارک ہے۔

32.6 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں رنیھمبور نیشنل پارک ہے۔

32.7 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں ڈاچی گام وائلڈ لائف سینکچری واقع ہے۔


WORLD POLITICAL
Name :
Class :
Sec :
School :
Roll No. :
Class Teacher's Signature
A
B




NAME ................................ STD ......... SEC ....... TEACHER'S SIGNATURE.............................

# ماڈل ٹیسٹ پیپر-1

## سوشل سائنس

## مارکنگ اسکیم

## سیکشن-A

1۔ (d) (a)اور(b)دونوں 1

2۔ کیوں کہ آئین سے ہی سب قانون جنم لیتے ہیں۔ 1

3۔ زراعت 1

4۔ (c) کیرل 1

5۔ خونی اتوار **یا** 1

چیکا یا او۔جی۔پی۔یو

6۔ (c) شرح اموات۔ لوگوں کی شرح اموات فی 100 کی جگہ فی ہزار سالانہ ہوتی ہے۔ 1

7۔ غلط 1

8۔ اینیبلنگ ایکٹ(Enabling Act) 1

9۔ (d) تمہید 1

10۔ جب ایک شخص کام کرنا چاہتا ہے لیکن اسے کام نہ ملے 1

**یا**

وہ تقریباً سبھی سرگرمیاں جو خود کے استعمال سے متعلق ہیں جیسے ماں کا گھر کا کام کرنا۔

11۔ (c) اپنی ثقافت کی حفاظت کرنے کا حق 1

12۔ انسان کو وسائل کے طور پر ماہر بنانے کے عمل کو انسانی سرمایہ کہا جاتا ہے۔ 1

**یا**

زمین کے ایک ٹکڑے پر ایک سال میں ایک سے زیادہ فصل اگانا۔

13۔ (a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور A، R کی صحیح وضاحت ہے۔ 1

14۔ تعلیم میں سرمایہ کاری کو بڑھانا 1

**یا**

ابتدائی تعلیم کی عالمگیریت کو حاصل کرنا

15۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر مشورہ ساز کمیٹی کے صدر تھے۔ 1

**یا**

کتاب ''لانگ واک ٹو فریڈم'' نیلسن منڈیلا نے لکھی تھی۔

16۔ صحیح 1

17۔ (i) طبقوں میں بٹا ہوا فرانسیسی سماج 3

(ii) امیر اور غریب کا بڑھتا دائرہ

(iii) مفکروں کے خیالات

**یا**

(i) وارسا کے محل پر خرچ

(ii) میری اینٹونیٹ کے ذریعے فضول خرچی

(iii) برطانیہ کے خلاف امریکی کالونیوں کو مدد دینا

18۔ (i) جامن: کان کے درد کا علاج 3

(ii) ببول: آنکھ کی سوزش میں فائدہ مند

(iii) تلسی: زکام اور کھانسی میں فائدہ مند

19۔ (i) زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کے استعمال میں اضافہ 3

(ii) سینچائی کے ذرائع میں اضافہ

(iii) غذائی اجناس میں اضافہ

یا

(i) مٹی کی زرخیزی میں کمی

(ii) زیرزمین پانی کی سطح میں گراوٹ

(iii) بےروزگاری میں اضافہ

20۔ (i) پنجاب، ہمالیہ— سندھ اور ستلج ندی کے بیچ 3

(ii) کماؤ ہمالیہ— ستلج اور کالی ندی کے بیچ

(iii) نیپال ہمالیہ— کالی اور تیستا ندی کے بیچ

یا

(i) ہمادری — مسلسل سلسلہ، اوسط اونچائی 6000 میٹر

(ii) ہماچل — ہمادری کے جنوب میں واقع، اوسط اونچائی 3700 میٹر سے 4500 میٹر کے بیچ

(iii) شوالک — سب سے باہری سلسلہ، اوسط اونچائی 900 سے 1100 میٹر کے بیچ

21۔ (i) صنعتی پیداوار 40% رہ گئی 3

(ii) تنخواہوں میں بےتحاشہ کمی

(iii) بےروزگاری میں اضافہ

22۔ (i) تعلیم یافتہ عوام قوم کا سرمایہ 3

(ii) تعلیم سے مہارت میں اضافہ

(iii) میعار زندگی میں سدھار

23.1 (D) اترپردیش 4

23.2 ہندوستان کا خط معیاری وقت '30°82 مشرق

23.3 غلط

23.4 15200 کلومیٹر

24.1 (D) کارل مارکس 4

24.2 لوئی بلانک

24.3 لوگوں کا ایسا گروپ جو فائدہ کو آپس میں مل کر کام کے مطابق بانٹتے ہیں۔

24.4 نیا تال میل ایک طبقے کا نام

25.1 (D) 1940 4

25.2 آئی۔سی۔ڈی۔ایس

25.3 حکومت کے ذریعے راشن کی تقسیم

25.4 پروگرام— PDS، آئی سی ڈی ایس۔کام کے بدلے اناج

26.1 (B) جمہوریت 4

26.2 پارلیمنٹ کا ایوان بالا یا ریاستوں کی نمائندگی کرتی ہے۔

26.3 پارلیمنٹ

26.4 غلط

27۔ (i) وزیراعظم روزگار یوجنا 5

(ii) MGNREGA

(iii) سورن جینتی گرام سوروزگار یوجنا

(iv) وزیراعظم گرام اودے یوجنا

(v) گرامین روزگار سرجن کاریہ کرم

**یا**

(i) بے زمین ہونا

(ii) بے روزگاری

(iii) ناخواندگی

(iv) بچہ مزدوری

(v) عدم تغذیہ

28۔ جمہوریت کے معنی:۔ جمہوریت حکومت کی وہ شکل ہے جس میں شہری اپنے حکمرانوں کو انتخاب کے ذریعے چنتے ہیں۔ 5

خصوصیات:

(i) لوگوں میں مساوات کو بڑھاوا

(ii) فرد کے وقار میں اضافہ

(iii) فیصلہ لینے کے عمل میں بہتری

(iv) غلطیوں میں سدھار کی گنجائش

29۔ (i) عرض البلد 5

(ii) اونچائی

(iii) ہوا کا دباؤ اور ہوا کا نظام

(iv) بحر اعظمی دھاریں

(v) سمندر سے دوری

**یا**

(i) زمین پر پانی کا گرم یا ٹھنڈا ہونا

(ii) آئی ٹی سی زیڈ کا بدلنا

(iii) موسم سرما میں تبت کے پٹھار کا گرم ہونا

(iv) میڈاگاسکر کے پاس گرم علاقے کا ہونا

(v) ہمالیہ کے شمال کی جانب جیٹ اسٹریم کا چلنا

30۔ (i) غریبی ہٹاؤ— کانگریس 1971 5
(ii) جمہوریت بچاؤ — جنتا پارٹی 1977
(iii) زمین جوتنے والے کو — کمیونسٹ پارٹی 1977
(iv) تیلگو عزت نفس — تیلگو دیشم پارٹی 1983

31۔ (i) صنعتوں کے لیے 5
(ii) زراعت کے لیے
(iii) چراگاہوں کے لیے
(iv) ایندھن کے لیے
(v) باغان کے لیے

**یا**

(i) ڈھانگر فصل کٹوانے میں مدد کرتے ہیں۔
(ii) ڈھانگر کے مویشی ڈنٹھل کھا کر کھیت صاف کر دیتے ہیں۔
(iii) کھیت کی مٹی کی زرخیزی میں اضافہ
(iv) کونکنی لوگوں کے ذریعے چاول دینا

32.1 A محوری طاقت — جاپان 1×2=2
B دوست ممالک — برطانیہ

32.2 A — اتراکھنڈ 1×3=3
B — راجستھان
C — کورومنڈل ساحل (آندھرا پردیش اور تامل ناڈو کی سرحد)
D — اوڈیشہ
E — جموں کشمیر (کوئی تین)

نوٹ: بینائی سے معذور طلبا کے لیے سوالات کے جوابات 1×5=5

32.1 جرمنی

32.2 فرانس

32.3 اوڈیشہ

32.4 کورومنڈل ساحل

32.5 اوڈیشہ

32.6 راجستھان

32.7 جموں کشمیر (کوئی پانچ)


WORLD POLITICAL
Name :
Class :
School :
Sec :
Roll No. :
B برطانیہ
A جاپان
Class Teacher's Signature


INDIA - POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES.
A
B
C
D
E
Projection : Lambert Conical Orthomorphic
NAME ................................ STD ......... SEC ....... TEACHER'S SIGNATURE.............................

# ماڈل ٹیسٹ پیپر -2 (غیر حل شدہ)

## سوشل سائنس

## جماعت نہم (IX)

کل نمبر: 80 | کل وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: یہ مشقی سوال نامہ سی بی ایس ای کے ذریعے دیے گئے نئے نصاب اور سیمپل پیپر پر مبنی ہے۔ حقیقی سوال نامہ الگ ہوسکتا ہے۔

## عام ہدایات

1۔ سوال نامے میں پانچ حصے ہیں۔

2۔ حصہ "A" میں سوال نمبر 1 سے 16 تک ہیں۔ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

3۔ حصہ "B" میں سوال نمبر 17 سے 22 تک ہیں۔ ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

4۔ حصہ "C" میں سوال نمبر 23 سے 26 تک ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔

5۔ حصہ "D" میں سوال نمبر 27 سے 31 تک ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

6۔ حصہ "E" میں سوال نمبر 32 نقشے سے متعلق ہے اور یہ 5 نمبر کا ہے۔ اس سوال کے دو حصے ہیں۔ تاریخ (2 نمبر) اور جغرافیہ (3 نمبر) کا ہے۔

## حصہ-A

1۔ صحیح ملان کیجیے: 1

(i) جیکس روسو — سوال رائٹس

(ii) مانٹسکیو — لا آف دی ارتھ

(iii) جان لاک — ٹو ٹریٹائز آف گورنمنٹ

(iv) جارج دانتے — دی رولس آف دی پلیسس

2۔ ہندوستان کی خطِ معیاری وقت کہاں سے گزرتی ہے؟ 1

(i) نئی دلی (ii) مرزا پور (اتر پردیش)

(iii) وارانسی (iv) بھوپال

نوٹ: خالی جگہوں کو پُر کیجیے: (سوال نمبر 3 اور 4)

3۔ ............میں دنیا کی سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے۔ 1

4۔ ایک سال میں کسی زمین پر ایک سے زیادہ فصلیں پیدا کرنے کو...............کہتے ہیں۔ 1

5۔ نیچے دی ہوئی تصویر میں دکھائی گئی نباتات (جنگل) کو پہچانیے۔ 1



نوٹ: مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 5 کی جگہ پر ہے۔

ساحلی علاقے میں کس طرح کے جنگل پائے جاتے ہیں؟

6۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں آبادی کا گھنا پن کتنا ہے؟ 1

**یا**

ہندوستان میں سب سے کم آبادی والا صوبہ (ریاست) کون سا ہے؟

7۔ منطقہ حارہ کے پت جھڑ والے جنگلات کی خصوصیات مندرجہ ذیل میں کون سی ہے؟ 1

(i) یہ ہندوستان کے سب سے بڑے علاقے میں پھیلے ہوئے ہیں۔

(ii) انھیں مانسونی جنگل کہا جاتا ہے۔

(iii) یہ جنگل 70 سے 200 سینٹی میٹر سالانہ بارش والے علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔

(iv) مندرجہ بالا سبھی

8۔ سیکولر ریاست سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

**یا**

یوم انسانی حقوق کب منایا جاتا ہے؟

9۔ ہندوستانی پارلیمنٹ میں شامل ہیں: 1

(i) ہندوستان کا صدر (ii) لوک سبھا

(iii) راجیہ سبھا (iv) مندرجہ بالا سبھی

10۔ آئین ساز اسمبلی کے صدر تھے: 1

(i) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر (ii) ڈاکٹر راجندر پرساد

(iii) جواہر لعل نہرو (iv) سردار ولبھ بھائی پٹیل

نوٹ: خط کشیدہ الفاظ کو صحیح کر کے جملہ کو دوبارہ لکھیے۔ (سوال نمبر 11 اور 12)

11۔ <u>بادشاہت</u> حکومت کی ایسی قسم ہے جس میں حکمراں عوام کے ذریعے چنے جاتے ہیں۔ 1

12۔ <u>مچھلی پالن</u> معیشت کے ثالثی سیکٹر میں آتی ہے۔ 1

13۔ نیچے ایک قول (A) و راس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 1

قول (A): ہندوستان میں قابل قبول کیلوری دیہی علاقوں میں 2400 کیلوری فی فرد یومیہ اور شہری علاقو ں میں 2100 کیلوری فی فرد یومیہ ہے۔

وجہ (R): شہری علاقوں میں رہنے والے لوگ زیادہ جسمانی کام کرتے ہیں۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

14۔ ہندوستان میں بدترین قحط کب پڑا تھا؟ 1

(i) 1943، بنگال میں (ii) 1905، بہار میں

(iii) 1955، پنجاب میں (iv) اس میں سے کوئی نہیں

15۔ موہن بینک میں کام کرتا ہے۔ وہ معیشت کے کس سیکٹر میں کام کرتا ہے؟ 1

16۔ صحیح یا غلط بتایئے: 1

''ستمبر 1939 میں جرمنی کے ذریعے پولینڈ پر حملہ کے ساتھ ہی دوسری جنگ عظیم کی شروعات ہوئی۔

## حصہ-B

17۔ نوآبادیاتی دورِ حکومت میں جنگلوں کی بربادی کی وجوہات بیان کریں۔ 3

**یا**

نوآبادیاتی دورِ حکومت میں چرواہوں کی زندگی میں کس طرح تبدیلیاں آئیں؟

18۔ مانسون کی اہم خصوصیات بیان کریں۔ 3

19۔ آپ کے خیال میں کیا آئین کی تمہید آئین کا فلسفہ ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 3

**یا**

ہندوستانی آئین سازوں کے سامنے کیا کیا موافق حالات تھے۔ کوئی تین حالات کا ذکر کیجیے۔

20۔ مندرجہ ذیل حالت میں کس بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے؟ 3

(i) راہل (عمر 13 سال) کارخانے میں کام کرتا ہے۔

(ii) راجو کو چینئی میں مکان بنانے سے روکا جاتا ہے جو ممبئی سے وہاں گیا تھا۔

(iii) ہیما کو گاؤں کے تالاب سے پانی لینے سے روکا جاتا ہے۔

21۔ سبز انقلاب کے تین فائدے بیان کیجیے۔ 3

**یا**

سبز انقلاب کے تین نقصانات بیان کیجیے۔

22۔ ''بے روزگاری اقتصادی اور سماجی برائی ہے'' اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 3

## حصہ-C

نوٹ: مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ (سوال نمبر 23 سے 26)

23۔ ''مستقبل کے بارے میں اشتراکیوں کی بصیرت مختلف تھی۔ ان میں سے چند ایسے تھے جو امداد باہمی یعنی کوآپریٹیو کے نظریہ پر یقین رکھتے تھے۔ رابرٹ اووین (1858-1771) نے جو ایک مغربی انگلش صنعت کار تھا، انڈیانا (یو ایس اے) میں نیو ہارمونی نام کی امداد باہمی سوسائٹی بنانے کی کوشش کی۔ دوسرے اشتراکیوں کا خیال تھا کہ صرف انفرادی پیش قدمی کے ذریعے اونچے پیمانہ پر امداد باہمی سوسائٹیاں بنانا ممکن نہیں ہے۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ اس سمت میں حکومتیں ایسی سوسائٹیوں کی ہمت افزائی کریں۔ مثال کے طور پر فرانس میں لوئس بلانک (1882-1813) چاہتا تھا کہ حکومت امداد باہمی سوسائٹیوں کی ہمت افزائی کرے اور سرمایہ دارانہ مہم کاروں کو ہٹائے۔ یہ امداد باہمی سوسائٹیاں عوام کی ایسی انجمنیں بنی تھیں جو مل کر اشیا پیدا کرتیں اور ممبران کے کام کے مطابق منافع کو تقسیم کرلیتیں۔

کارل مارکس (1883-1818) اور فریڈرک انگلیز نے ان تمام دلائل کے اندر دوسرے نظریات بھی شامل کردیے۔ مارکس نے دلیل یہ پیش کی کہ صنعتی سماج سرمایہ دارانہ تھا۔ فیکٹریوں میں لگے ہوئے سرمایہ کے مالک سرمایہ دار جب کہ سرمایہ داروں کا منافع مزدور پیدا کرتے تھے۔ مزدوروں کی حالت میں سدھار اس وقت تک ممکن نہیں تھا جب تک کہ نجی سرمایہ دار منافع بٹورتے رہیں گے۔ مزدوروں کو سرمایہ دارانہ نظام اور نجی ملکیت کے اصول کو اکھاڑ پھینکنا ہوگا۔ مارکس کا یہ عقیدہ تھا کہ اپنے آپ کو سرمایہ دارانہ استحصال سے آزاد کرانے کے لیے مزدوروں کو ایک ایسے بنیادی سماج کی تعمیر کرنی ہوگی جہاں تمام جائیداد پر سماجی کنٹرول قائم ہو۔ یہ ایک کمیونسٹ سماج ہوگا۔ اس کو یقین تھا کہ سرمایہ داروں کے ساتھ جنگ کی صورت میں مزدوروں کی فتح ناگزیر ہوگی۔ کمیونسٹ سماج مستقبل کا قدرتی سماج تھا۔'' 4

(i) رابرٹ اووین نے................نامی کوآپریٹیو بنانے کی کوشش کی۔

(ii) حکومت کے ذریعے سرمایہ دارانہ صنعتوں کی جگہ کوآپریٹیو صنعتیں/سوسائٹی بنانے کے حق میں کون تھا؟

(iii) کمیونسٹ سماج مستقبل کا سماج ہوگا۔ یہ نظریہ کس نے پیش کیا؟

(iv) فرانس کے کسی ایک سماج وادی کا نام بتائیے۔

24۔ جرمنی نے جو بیسویں صدی کے ابتدائی سالوں میں ایک طاقت ور سلطنت تھی، آسٹریائی سلطنت کے ساتھ مل کر اتحادیوں (انگلینڈ، فرانس اور روس) کے خلاف پہلی عالمی جنگ (18-1914) لڑی۔ تمام ممالک جلد فتح حاصل کرنے کی امید میں اس جنگ میں پوری گرم جوشی سے شامل ہوئے لیکن ان کو یہ احساس ہی نہ تھا کہ جنگ طول پکڑے گی جس کے نتیجے میں یوروپ کے وسائل پانی کی طرح بہیں گے۔ فرانس اور بیلجیم پر قابض ہوتے ہوئے جرمنی کو ابتدائی فائدہ ضرور ہوا۔ تاہم 1917 کے ابتدائی حصہ میں ریاست ہائے متحدہ (US) کی شمولیت سے تقویت پا کر جرمنی کے خلاف اتحادیوں کی حیثیت مستحکم ہوگئی جس کے نتیجے میں نومبر 1918 میں جرمنی اور مرکزی طاقتوں کو کراری شکست ہوئی۔

شاہی جرمنی کی ہار اور شہنشاہ کی تخت سے دست برداری نے پارلیمانی پارٹیوں کو جرمنی نظام سلطنت میں ترمیم کرنے کا موقع فراہم کیا۔ وائمیر کے مقام پر قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا اور وفاقی ڈھانچہ کے ساتھ جمہوری آئین قائم ہوا۔ مساوی اور عالمگیر رائے دہندگی کی بنیاد پر تمام بالغوں بشمول عورتوں کے ووٹوں سے جرمن پارلیمنٹ یا رائچسٹاگ (Reichstag) کے لیے ڈپٹیوں کا انتخاب ہوا۔ 4

(i) مندرجہ ذیل میں سے کون دوست ممالک میں شامل نہیں تھا؟

(a) انگلینڈ (b) روس

(c) آسٹریا (d) فرانس

(ii) محوری طاقتوں کی ہار کب ہوئی؟

(iii) پہلی جنگ عظیم کے بعد جرمنی میں کس طرح کا نظام وجود میں آیا؟

(iv) جرمنی کی پارلیمنٹ کو.............کے نام سے جانا جاتا ہے۔

25۔ ہمالیہ کے پہاڑ جوارضیاتی اعتبار سے نوعمر اور ساخت کے اعتبار سے فولڈ (Fold) پہاڑ ہیں۔ ہندوستان کی شمالی سرحد پر پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ کوہستانی سلسلہ مغرب سے مشرق کی سمت دریائے سندھ سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے۔ ہمالیہ بلند ترین اور سب سے زیادہ ناہموار کوہستانی دیوار کا ایک نمونہ ہیں۔ یہ ایک قوس کی شکل میں ہیں جو تقریباً 2400 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتے ہیں۔ ان کی چوڑائی کشمیر میں 400 کلومیٹر ہے اروناچل پردیش میں 150 کلومیٹر ہے۔ سطح سمندر سے بلندی کے تغیرات مشرقی نصف حصے میں مغربی نصف حصے کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ ہمالیہ کے پہاڑ طولی وسعت میں تین متوازی

سلسلوں پر مشتمل ہیں۔ان سلسلوں کے درمیان کئی وادیاں ہیں۔سب سے شمالی سلسلے کو عظیم ہمالیہ، اندرونی ہمالیہ یا ہمادری کے ناموں سے جانا جاتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ متواتر سلسلۂ کوہ ہے جو بلندترین چوٹیوں پر مشتمل ہے جن کی اوسط اونچائی 6 ہزار میٹر ہے۔ ہمالیہ کی تمام نمایاں چوٹیاں اسی سلسلے میں واقع ہیں۔ 4

(i) اروناچل پردیش میں ہمالیہ کی چوڑائی ہے:

(a) 120 کلومیٹر (b) 150 کلومیٹر

(c) 200 کلومیٹر (d) 400 کلومیٹر

(ii) ہمادری کی اوسط اونچائی کتنی ہے؟

(iii) ہمالیہ کے قوس کی لمبائی کتنی ہے؟

(iv) ہمالیہ کے کس سلسلہ میں سبھی اہم چوٹیاں پائی جاتی ہیں؟

26۔ غربت کی بیخ کنی ہندوستانی ترقیاتی حکمت عملی کے اہم مقاصد میں سے ایک ہے۔حکومت کی موجودہ غربت مخالف حکمت عملی موٹے طور سے دوعوامل پر منحصر ہے۔ .1 معاشی افزائش کو ترقی دینا .2 غربت مخالف پروگراموں پر خصوصی توجہ۔

تیس سال کی بھی مدت سے زیادہ، جو 1980 کے دہے کے ابتدائی حصے تک جاری رہی، فی کس آمدنی کی افزائش بہت کم رہی اور غربت کے اندر زیادہ کمی واقع نہیں ہوئی۔غربت کے سرکاری تخمینے 1950 کی دہائی کے ابتدائی حصے میں تقریباً 45% تھے، 1980 کے عشرے کے ابتدائی حصے میں حسب سابق برقرار رہے۔ 1980 کی دہائی کی مدت سے، ہندوستان کی معاشی ترقی دنیا میں سب سے زیادہ رہی ہے۔ 1970 کے دہے میں شرح نمو تقریباً 3.5 فیصد اوسط سے بڑھ کر 1980 اور 1990 کی دہائیوں کے دوران تقریباً 6 فیصد ہوگئی۔افزائش کی اعلیٰ شرحوں نے غربت کے گھٹانے میں نمایاں طور پر مدد کی۔اس لیے یہ بات واضح ہوتی جارہی ہے کہ معاشی افزائش اور غربت کی تحقیق میں ایک مظبوط تعلق موجود ہے۔معاشی ترقی مواقع کو وسیع کرتی ہے۔ 4

(i) ہندوستان میں انسداد غربت کے دوعوامل کون سے ہیں؟

(ii) 1970 کی دہائی میں اوسط شرح اضافہ.............تھا۔

(iii) 1950 کی ابتدا میں غربت کا فیصد.............تھا۔

(a) 40% (b) 45%

(c) 50% (d) 55%

(iv) اقتصادی کوش حالی اور انسداد غربت کے درمیان ایک گہرا تعلق کیوں ہے؟

27۔ غذائی تحفظ کیا ہے؟ ہندوستان میں غذائی تحفظ کو کس طرح ممکن کیا جاتا ہے؟ 5

28۔ ہندوستان میں عدلیہ کی آزادی کو کیسے یقینی بنایا گیا ہے؟ 5

**یا**

آپ کے خیال میں ہندوستان میں وزیر اعظم کا عہدہ سب سے اہم کیوں ہے؟

29۔ ہندوستان میں آزاد اور غیر جانب دار انتخابات کی حدود اور دشواریوں کی وضاحت کیجیے۔ 5

30۔ ہمالیہ کی ندیوں اور جزیرہ نما ہند کی ندیوں کے بیچ فرق واضح کیجیے۔ 5

**یا**

جھیلوں کی معیشت میں کیا اہمیت ہے؟ وضاحت کیجیے۔

31۔ ''فرانسیسی انقلاب نے سبھی طبقات کی امیدوں کو پورا نہیں کیا'' اپنے جواب کی حمایت میں مناسب جواز پیش کیجیے۔ 5

## حصہ-E

32۔ (i) دنیا کے نقشے پر A اور B دو مقام دکھائے گئے ہیں۔ انھیں پہچانیے اور ان کے پاس کھینچی گئی لائن پر ان کے صحیح نام لکھیے۔ 2

(A) محوری طاقت کا ممبر ملک

(B) دوست ممالک کا ممبر ملک

(ii) ہندوستان کے دیے گئے سیاسی نقشے کے خاکے پر مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین کو مناسب علامتوں کی مدد سے دکھایئے اور ان کے نام بھی لکھیے۔ 3

(A) کاربیٹ نیشنل پارک

(B) کازی رنگا نیشنل پارک

(C) مغربی گھاٹ

(D) رانچی

(E) شمالی سرسر

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات بصارت سے معذور طلبا کے لیے سوال نمبر 32 کی جگہ پر ہیں۔ کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5

32.1 پہلی جنگ عظیم کی شروعات کس سال میں ہوئی تھی؟

32.2 کون سا ایشیائی ملک محوری طاقتوں کا ممبر تھا؟

32.3 کاربیٹ نیشنل پارک کس ریاست میں واقع ہے؟

32.4 کازی رنگا کس ریاست میں واقع ہے؟

32.5 اوڈیشہ کی راجدھانی کیا ہے؟

32.6 دکن گنگا کے نام سے کس ندی کو جانا جاتا ہے؟

32.7 اروناچل پردیش کی راجدھانی کیا ہے؟

32.8 سانبھر جھیل کس ریاست میں واقع ہے؟


WORLD POLITICAL
Name :
Class :
School :
Sec :
Roll No. :
Class Teacher's Signature
A
B


INDIA - POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES.
Projection : Lambert Conical Orthomorphic
Kms. 0 190 380 Kms.
© Government of India Copyright, 2015.
Published by:-
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)®
2937, Bahadurgarh Road, Delhi-110006.
NAME .............................. STD ......... SEC ....... TEACHER'S SIGNATURE...........................

# ماڈل ٹیسٹ پیپر -3 (غیر حل شدہ)

سوشل سائنس

جماعت نہم (IX)

کل نمبر: 80 | کل وقت: 3 گھنٹے

## عام ہدایات

1۔ سوال نامے میں پانچ حصے ہیں۔

2۔ حصہ "A" میں سوال نمبر 1 سے 16 تک ہیں۔ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

3۔ حصہ "B" میں سوال نمبر 17 سے 22 تک ہیں۔ ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

4۔ حصہ "C" میں سوال نمبر 23 سے 26 تک ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔

5۔ حصہ "D" میں سوال نمبر 27 سے 31 تک ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

6۔ حصہ "E" میں سوال نمبر 32 نقشے سے متعلق ہے اور یہ 5 نمبر کا ہے۔ اس سوال کے دو حصے ہیں۔ تاریخ (2 نمبر) اور جغرافیہ (3 نمبر) کا ہے۔

## حصہ-A

1۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے: 1

مینشیوکوں کے لیڈر کون تھے؟

(a) کارل مارکس (b) روسو

(c) کیرنیسکی (d) جان لاک

**یا**

بالشیوکوں کے لیڈر کا نام لکھیے۔

2۔ خالی جگہ پُر کیجیے: 1

1993 میں ہٹلر نے کہا ''میری ریاست کے سب سے اہم شہری.................ہے۔''

3۔ صحیح غلط بتایئے۔ 1

بستر کی بغاوت کے لیڈر گنڈ ادھر تھے۔

**یا**

نوآبادیاتی حکومت خانہ بدوشوں کو مجرم قبائلی مانتی تھی۔

4۔ خالی جگہ پُر کیجیے: 1

ہندوستان.................براعظم میں واقع ہے۔

**یا**

ہندوستان...........نصف کرہ میں واقع ہے۔

5۔ مندرجہ ذیل میں سے پہچان کر نئی جڑی مٹی کا نام لکھیے۔ 1

(a) کھادر (b) بانگر

(c) بھابھر (d) ترائی

6۔ نیچے دی گئی علامات کی بنیاد پر ہندوستان کے اہم موسم کا نام لکھیے۔ 1

(a) جنوب مغربی مانسون ہواؤں کا کمزور پڑنا اور شمالی میدانوں سے لوٹنا

(b) صاف آسمان، درجۂ حرارت میں اضافہ اور نم زمین

(c) نمی کا احاطہ

(d) ہندوستان کے مشرقی ساحل پر طوفان کا آنا

7۔ ہندوستان کی آب و ہوا کو متاثر کرنے والا کوئی ایک عوامل لکھیے۔ 1

8۔ نیچے دیے گئے جملوں میں خط کشیدہ لفظ کو صحیح کر کے دوبارہ لکھیے۔ 1

دنیا میں سب سے زیادہ آبادی والا ملک جاپان ہے۔

9۔ جمہوریت کی تعریف لکھیے۔ 1

10۔ ہندوستان کی آئین ساز اسمبلی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

11۔ الوداعی الیکشن وعمومی الیکشن میں کیا فرق ہے؟ 1

**یا**

الیکشن کمیشن کا کوئی ایک کام لکھیے۔

12۔ مندرجہ ذیل تصویر کی بنیاد پر سپریم کورٹ کا ایک کام لکھیے۔ 1



13۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بنیادی حقوق ہندوستانی آئین میں بیان نہیں کیا گیا ہے؟ 1

(a) مذہبی آزادی کا حق (b) تحفظ کا حق

(c) مساوات کا حق (d) آزادی کا حق

14۔ نیچے ایک قول (A) وراس کی وجہ (R) دیے گئے ہیں۔ ان اقوال کو پڑھ کر ان کے نیچے دیے گئے متبادلوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 1

قول (A): انسانی سرمایہ کی تشکیل بے حد ضروری ہے۔

وجہ (R): یہ طبعی سرمایہ کی تشکیل کی طرح ملک کی پیداواری طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔

(a) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔ وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(b) قول (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں مگر وجہ (R) قول (A) کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(c) قول (A) صحیح ہے مگر وجہ (R) غلط ہے۔

(d) قول (A) غلط ہے مگر وجہ (R) صحیح ہے۔

15۔ ہندوستان میں غربت دور کرنے کا کوئی ایک طریقہ بتائیے۔ 1

**یا**

حکومت ہند کے ذریعے چلائے جارہے کسی ایک غربت کے خلاف پروگرام کا نام لکھیے۔

16۔ مندرجہ ذیل معلومات کس غذائی تحفظ پہلو کو بتاتی ہے؟ 1

''فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے ذریعے حاصل اناج، گیہوں اور چاول وغیرہ کا ذخیرہ''

## حصہ-B

17۔ فرانسیسی انقلاب میں فلسفیوں کے تعاون کی وضاحت کیجیے۔ 3

**یا**

دنیا کے لیے فرانسیسی انقلاب نے کون سا ورثہ چھوڑا ہے؟ کوئی تین نکات کی وضاحت کیجیے۔

18۔ نازی سوچ کے کوئی تین خاص پہلوؤں کا تذکرہ کیجیے۔ 3

19۔ گنگا دریائی نظام کی کوئی تین خصوصیات لکھیے۔ 3

**یا**

برہم پتر دریائی نظام کی کوئی تین خصوصیات لکھیے۔

20۔ آئین ہند کی کوئی تین خصوصیات کے بارے میں لکھیے۔ 3

21۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کی کوئی تین خصوصیات لکھیے۔ 3

22۔ آپ نے غربت کو ایک چیلنج کے طور پر کس طرح سمجھا؟ غربت سے متعلق کوئی تین چیلنجز بیان کیجیے۔ 3

## حصہ-C

23۔ مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

سماجی بدلاؤ کے حمایتیوں میں ایک گروپ حریت پسندوں کا تھا۔ حریت پسند ایسا ملک چاہتے تھے جس میں سبھی مذاہب کو برابر کا وقار اور درجہ ملے۔ شاید آپ جانتے ہوں گے کہ اس وقت یوروپ کے ممالک میں صرف ایک مذہب کو ہی زیادہ

اہمیت دی جاتی تھی (برطانیہ کی حکومت چرچ آف انگلینڈ کی حمایت کرتی تھی، آسٹریا اور اسپین کیتھولک چرچ کی حمایت کرتے تھے)۔حریت پسند گروپ موروثی حکمرانوں کی غیر منظّم حکومت کے بھی مخالف تھے۔ وہ حکومت کے سامنے انسانی حقوق کے تحفظ کے علمبردار تھے۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو کسی کا حقوق کا استعمال یا انھیں چھیننے کا حق نہیں دیا جانا چاہیے۔ یہ گروپ نمائندگی کی بنیاد پر منتخب ایک ایسی حکومت کے حق میں تھا جو حکمرانوں اور افسروں کے دباؤ سے آزاد اور بہتر تربیت یافتہ عدلیہ کے ذریعے قائم کئے گئے قوانین کے مطابق حکومتی کام کاج کرے۔لیکن یہ گروپ جمہوریت پر مبنی نہیں تھا۔ یہ لوگ عالمگیر حق بالغ رائے دہندگی یعنی تمام شہریوں کو ووٹ ڈالنے کا حق دینے کے حق میں نہیں تھے۔ان کا ماننا تھا کہ ووٹ ڈالنے کا حق صرف جائیداد والوں کو ہی ملنا چاہیے۔

23.1 مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ حریت پسندوں کے بارے میں صحیح نہیں ہے؟ 1

(a) وہ سبھی مذاہب کے لیے برابر کا وقار چاہتے تھے۔

(b) یہ گروپ جمہوریت پر مبنی نہیں تھا۔

(c) یہ لوگ عالمگیر حق بالغ رائے دہندگی کے حق میں نہیں تھے۔

(d) یہ لوگ بڑے زمینداروں اور ترقی یافتہ صنعت کاروں کو حاصل کسی بھی طرح کے مخصوص حقوق کے خلاف تھے۔

23.2 مندرجہ ذیل میں سے کیتھولک چرچ کے حمایتی مما لک کو بتائیے۔ 1

(a) روس اور چین (b) نیپال اور بھوٹان

(c) آسٹریا اور اسپین (d) پاکستان اور بنگلہ دیش

23.3 خالی جگہ کے لیے مناسب لفظ چنیے۔ 1

حریت پسند گروپ............حکمرانوں کی غیر منظّم حکومت کے بھی مخالف تھے۔

(a) مذہبی (b) موروثی

(c) ذاتی (d) جنسی

23.4 حریت پسندوں کا ماننا تھا کہ ووٹ ڈالنے کا حق: 1

(a) صرف جائیداد والوں کو ہی ملنا چاہیے

(b) صرف عورتوں کو ہی ملنا چاہیے

(c) صرف بزرگ شہریوں کو ہی ملنا چاہیے

(d) صرف غریبوں کو ہی ملنا چاہیے

24۔ مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

70 سینٹی میٹر سے کم بارش والے خطوں کی قدرتی نباتات کانٹے دار جھاڑیوں ور درختوں پر مشتمل ہے۔ اس طرح کی نباتات ملک کے شمال مغربی حصوں میں پائی جاتی ہے جن میں گجرات، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اتر پردیش اور ہریانہ کے نیم بنجر علاقے شامل ہیں۔ کیکر، تاڑ اور کھجور اور ناگپھنی یا کیکٹس یہاں کے خاص پودے اور درخت ہیں۔ یہاں کے درخت پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور ان کی جڑیں لمبی ہوتی ہیں جو مٹی میں بہت گہرائی تک گھری ہوتی ہیں تاکہ نمی پھیلی حاصل کرسکیں۔ ان درختوں کے تنے رسیلے ہوتے ہیں اور اس وجہ سے اپنے اندر پانی کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ان کے پتے چھوٹے اور موٹے ہوتے ہیں جن کی بدولت تبخیر یعنی پانی کا اڑ جانا کم ہوجاتا ہے۔ بنجر اور خشک علاقوں میں ان جنگلات کی جگہ کانٹے دار درختوں کے جنگل اور گھاس پھوس لے لیتے ہیں۔

ان جنگلات میں عام طور پر پائے جانے والے جانوروں میں چوہے، چوہیاں، خرگوش، لومڑی، شیر، ببر شیر، جنگلی گدھے، گھوڑے اور اونٹ شامل ہیں۔

24.1 خاردار جنگلات اور جھاڑیاں ان علاقوں میں پائی جاتی ہیں جہاں: 1

(a) بارش 100 سینٹی میٹر سے زیادہ ہوتی ہے

(b) بارش 200 سینٹی میٹر سے زیادہ ہوتی ہے

(c) بارش 70 سینٹی میٹر سے زیادہ ہوتی ہے

(d) بارش 70 سینٹی میٹر سے کم ہوتی ہے

24.2 درج ذیل میں سے کس صوبے میں خاردار جنگلات اور جھاڑیاں نہیں پائی جاتی ہیں؟ 1

(a) مدھیہ پردیش (b) راجستھان

(c) اتراکھنڈ (d) گجرات

24.3 خاردار جنگلات کی پتیاں عموماً چھوٹی ہوتی ہیں جن سے عمل تبخیر 1

(a) کم سے کم ہو سکے (b) زیادہ سے زیادہ ہو سکے

(c) بالکل نہ ہو (d) تھوڑا بہت ہو

24.4 خشک جنگلات میں درج ذیل میں سے کون سا جانور نہیں پایا جاتا؟ 1

(a) چوہا (b) گینڈا

(c) جنگلی گدھا (d) اونٹ

25۔ مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

اتر پردیش میں میرٹھ کے نزدیک لاکھا سنگھ ایک چھوٹے سے گاؤں میں رہتا ہے۔ اس کے کنبے کے پاس کوئی زمین نہیں ہے، اس لیے وہ بڑے کسانوں کے لیے متفرق کام کرتے ہیں۔ کام غیر مستقل ہوتا ہے، اس لیے آمدنی بھی کم ہی ہوتی ہے۔ کئی بار ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کو دن میں کیے گئے سخت کام کے لیے صرف 50 روپے ہی ملتے ہیں۔ لیکن کئی بار ایسا بھی ہوتا ہے کہ پورے دن کھیت پر سخت محنت کرنے کے بعد اسے چند کلوگرام گیہوں یا دال یا یہاں تک کہ سبزیاں ہی ہاتھ لگتی ہیں۔ آٹھ افراد کے کنبے کو ہمیشہ دن میں دو وقت پیٹ بھر کے روٹی بھی میسر نہیں آتی۔ لاکھا گاؤں کے مضافات میں ایک کچی جھونپڑی میں رہتا ہے۔ کنبے کی عورتیں سارا دن چارا کاٹنے اور آگ جلانے کی لکڑی اکٹھا کرنے میں لگا دیتی ہیں۔ اس کا باپ جو کہ ٹی بی کا مریض تھا، علاج و معالجہ میں کمی کی وجہ سے دو سال پہلے فوت ہو گیا۔ اب اس کی ماں بھی اسی مرض میں مبتلا ہے اور زندگی آہستہ آہستہ گھسٹ رہی ہے۔ اگر چہ گاؤں میں ایک پرائمری اسکول ہے، لیکن لاکھا وہاں کبھی نہیں گیا۔ جب اس کی عمر 10 سال کی تھی اس نے کمائی شروع کر دی تھی۔ نئے کپڑے چند سالوں میں کبھی ایک بار میسر آتے ہیں۔ یہاں تک کہ صابن اور تیل ان کے لیے اشیائے تعیش ہیں۔

25.1 لاکھا سنگھ کے پاس کوئی زمین کیوں نہیں ہے؟ 1

(a) کیوں کہ وہ ایک غریب خاندان سے ہے

(b) کیوں کہ وہ ایک خوش حال خاندان سے ہے

(c) کیوں کہ وہ صحت مند ہے

(d) کیوں کہ وہ عیش و عشرت سے بھری زندگی گزار رہا ہے

25.2 خالی جگہ پُر کیجیے: 1

لاکھا سنگھ کا خاندان..................ممبران کا ہے۔

25.3 لاکھا سنگھ کی ماں کس بیماری میں مبتلا ہے؟ 1

(a) فالج (b) تپ دق

(c) پولیو (d) کینسر

25.4 مندرجہ بالا ماخذ ہندوستان کے کس چیلنج کو بتاتا ہے؟ 1

(a) بدعنوانی (b) علاج

(c) تعلیم (d) غربت

26۔ مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

''حقوق ایک گارنٹی کی طرح ہوتے ہیں، اگر ان کا کوئی احترام نہ کرے تو ان سے کوئی فائدہ نہیں۔ آئین میں درج حقوق کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ قابل نفاذ ہیں۔ ہمیں متذکرہ بالا حقوق کے نفاذ کا حق بھی حاصل ہے۔ اس کو آئینی علاج یا دادرسی کا حق کہا جاتا ہے۔ یہ بھی بذات خود ایک بنیادی حق ہے۔ یہ حق دوسرے حقوق کو بااثر بناتا ہے۔ ممکن ہے کہ بعض اوقات ساتھی شہری، پرائیویٹ جماعتیں یا خود حکومت ہی ان حقوق کی خلاف ورزی کر سکتی ہے۔ جب ہمارے کسی بھی حق کی خلاف ورزی ہو تو عدالتوں کے ذریعے اس کا علاج حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر یہ بنیادی حق ہے تو ہم براہ راست سپریم کورٹ یا ریاستی ہائی کورٹ سے انصاف طلب کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے آئینی علاج کے حق کو ہمارے آئین کا دل اور روح کہا تھا۔''

26.1 خالی جگہ پُر کیجیے: 1

حقوق.............کی طرح ہوتے ہیں۔

(a) مذہب (b) ذات

(c) گارنٹی (d) فرض

26.2 کس بنیادی حق کے ذریعے دیگر بنیادی حقوق کو لاگو کرانے کی مانگ کی جاسکتی ہے؟ 1

(a) مساوات کا حق (b) آزادی کا حق

(c) استحصال کے خلاف حق (d) آئینی چارہ جوئی کا حق

26.3 خالی جگہ پُر کیجیے: 1

کسی بھی حق کی خلاف ورزی ہم.............کے ذریعے روک سکتے ہیں۔

(a) عدالت (b) پارلیمنٹ

(c) حکومت (d) فرض

26.4 ڈاکٹر امبیڈکر نے آئینی چارہ جوئی کے حق کو ہمارے آئین کی: 1

(a) دماغ اور روح کہا تھا (b) روح اور دل کہا تھا

(c) روح اور جسم کہا تھا (d) دل اور جسم کہا تھا

## حصہ-D

27۔ ورسلیز کا معاہدہ دوسری عالمی جنگ کی وجہ کیوں بنا؟ وضاحت کیجیے۔ 5

**یا**

جرمنی میں مشہور خصوصی حق کب لاگو کیا گیا؟ اس کے کیا نتائج ہوئے؟

28۔ شمالی میدان یا جزیرہ نما پٹھار کی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔ 5

**یا**

''ہمالیہ ہندوستان کے لیے ایک نعمت ہے۔'' اس قول کی صداقت بیان کیجیے۔

29۔ جمہوریت کی اہم خصوصیات لکھیے۔ 5

**یا**

جمہوریت کے خلاف کوئی پانچ دلائل دیجیے۔

30۔ اشیا اور خدمات کی پیداوار کے لیے ضروری چیزوں کی وضاحت کیجیے۔ 5

31۔ ''کسی ملک کی آبادی اس کے لیے اثاثہ بھی ہوسکتی ہے اور اقتصادی بوجھ بھی۔'' مثالیں دیتے ہوئے وجہ بتائیے۔ 5

## حصہ-E

32.1 دیے گئے فرانس کے نقشے پر A اور B دو مقام دکھائے گئے ہیں۔ انھیں پہچانیے اور ان کے پاس کھینچی گئی لائن پر ان کے صحیح نام لکھیے۔ 2

(A) فرانس کی راجدھانی

(B) غلاموں کی تجارت سے متعلق بندرگاہ

32.2 ہندوستان کے دیے گئے سیاسی نقشے کے خاکے پر مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین کو مناسب علامتوں کی مدد سے دکھائیے اور ان کے نام بھی لکھیے۔ 3

(A) کازی رنگا قومی (نیشنل) پارک

(B) سب سے کم جنسی تناسب والا صوبہ

(C) ایک جگہ جہاں 20 سینٹی میٹر سے کم بارش ہوتی ہے

(D) چلکا جھیل

(E) انائی مودی پہاڑی چوٹی

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات بصارت سے معذور طلبا کے لیے سوال نمبر 32 کی جگہ پر ہیں۔ کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5

32.1 فرانس کی راجدھانی کا نام لکھیے۔

32.2 کازی رنگا نیشنل پارک ہندوستان کے کس صوبےمیں واقع ہے؟

32.3 ہندوستان میں سب سے کم جنسی تناسب والا صوبہ کون سا ہے؟

32.4 چلکا جھیل کس صوبے میں واقع ہے؟

32.5 جے پور ہندوستان کے کس صوبے کی راجدھانی ہے؟

32.6 ہندوستان میں واقع کسی ایک ایسی جگہ کا نام بتائیے جہاں 20 سینٹی میٹر سے کم بارش ہوتی ہے۔

32.7 K-2 پہاڑی چوٹی کس پہاڑی سلسلے کا حصہ ہے؟


(A)
(B)


INDIA - POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES.
Kms. 0 190 380 Kms.
Projection : Lambert Conical Orthomorphic
Published by -
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)
NAME .................................. STD ......... SEC ....... TEACHER'S SIGNATURE...............................

DELHI BUREAU OF TEXT BOOKS